(۳) دو رکعت نماز استخارہ پڑھے پہلی رکعت میں الحمد کے بعد سورہ قُل یا ایُّہا الکافرون۔ اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد سورہ قُل ھو اللہ احد پڑھنی چاہیئے پھر اسکے بعد یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ لَا اَمْلِکُ لِنَفْسِیْ ضَرًّا اَوْ لَا نَفْعًا وَّلَا اَسْتَطِیْعُ اَنْ اٰخُذَ اِلَّا مَا اَعْطَیْتَنِیْ وَلَا اَنْ اَتَّقِیَ اِلَّا مَا وَقَلْبِیْ۔ اَللّٰھُمَّ وَفِّقْنِیْ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی مِنَ الْقَوْلِ وَالْفِعْلِ وَالْعَمَلِ فِیْ یُسْرٍ وَمَا نِلْیَۃٍ۔ اَللّٰھُمَّ خِرْ لِیْ وَاخْتَرْ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی اِخْتِیَارِیْ ۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلِ الْخَیْرَۃَ فِیْ کُلِّ قَوْلٍ وَعَمَلٍ اُرِیْدُہٗ فِیْ ھٰذَا الْیَوْمِ وَاللَّیْلِ انشاءاللہ تین دن کے اندر کسی نہ کسی طریقہ سے معلوم ہو جائیگا کہ کون سا کام اچھا ہے۔ اور کونسا کام بُرا۔

(۴) دو رکعت نفل نماز استخارہ کی نیت باندھے۔ اول رکعت میں الحمد شریف پڑھکر کوئی سورہ ملائے۔ پھر حسب قاعدہ رکوع و سجود کرے دوسری رکعت میں الحمد شریف شروع کرے۔ جب اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پر پہونچے۔ اسکی تکرار کئے جائے جبتک کسی طرف گردن نہ پھر جائے دائیں طرف گردن پھرے تو سمجھ لینا چاہیئے کہ یہ کام اچھا ہے۔ اسکی اجازت ہے اگر بائیں طرف گردن پھرے تو سمجھ لینا چاہیئے کہ یہ کام اچھا نہیں ہے اسکی اجازت نہیں ہے۔

۵۔ الحمد شریف اور سورہ اخلاص تین تین بار پڑھکر اس کا ثواب روح رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور جملہ بزرگان دین کو پہونچائے۔ اور پھر بہ نیت استخارہ تسبیح ہاتھ میں لے کر پڑھے۔ لاالہ۔ اند ایک دانہ سرکائے اور پھر پڑھے الااللہ۔ اور ایک دانہ سرکائے۔ اگر دانہ لاالہ پر ختم ہوجائے تو سمجھنا چاہیے کہ یہ کام اچھا نہیں ہے۔ یا اسکی ممانعت ہے اور اگر الااللہ پر ختم ہوجائے تو سمجھنا چاہیئے کہ یہ کام اچھا ہے اسکی اجازت ہے تسبیح پڑھنے میں یہ قید نہیں ہے کہ پہلے ہی دانہ سے شروع کرے جہاں سے دل چاہے پڑھنا شروع کردے۔

ہر حاجت کے پورا ہونے کیلئے تعویذ اور وظیفے

۷۸۶

۴۲	۳۴	۴۰
۳۶	۳۹	۴۱
۳۷	۴۳	۳۵

۱۔ اس تعویذ کو ہرن کی جھلی پر زعفران سے لکھ کر ٹوپی میں یا عمامہ میں رکھ لینا چاہیئے ہر حاجت کے لیئے مفید ہے۔

۲ روزانہ چالیس دفعہ بعد نماز صبح یہ نقش لکھ کر اور آٹے کی گولی بنا کر دریا میں ڈالدے۔ چالیس دن کے بعد یہ نقش جس کام کے لیئے استعمال کیا جائے گا۔ مفید ثابت ہوگا۔

سلام ۱۵۷	قولاً ۲۱۰	من الرب ۲۰۷	الرحیم ۲۰۴
قولاً ۲۰۸	من الرب ۲۰۳	الرحیم ۱۹۸	سلام ۲۰۹
من الرب ۲۰۲	الرحیم ۲۰۵	سلام ۲۱۲	قولا ۲۹۹
الرحیم ۱۱۲	سلام ۲۰۰	قولاً ۲۰۱	من الرب الرحیم ۲۰۶

ہرن کی جھلی پر زعفران سے لکھنا چاہیئے ۔

۲- چالیس دفعہ لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر روزانہ چالیس دن تک دریا میں ڈالنا چاہیے ۔ پھر اس کے بعد جس کام کے لیئے ضرورت ہو استعمال کرنا چاہیئے ۔ ترقی کے لیئے کشائیش رزق کے لیئے تسخیر حکام کے لیئے روزگار کے لیئے دشمن کے مغلوب ہونے کے لیئے بارش ہونے کے لیئے غرض یہ کہ ہر کام کے لیئے ازبس مفید ہے ۔

۷۸۶

۱۷۳۱۲	۱۷۳۲۶	۱۷۲۳	۱۷۳۱۹
۱۷۳۲۴	۱۰۳۱۸	۱۷۳۱۳	۱۷۳۲۵
۱۷۳۱۷	۱۷۳۲۱	۱۷۳۲۸	۱۷۳۱۴
۱۷۳۲۷	۱۷۳۱۵	۱۷۳۱۶	۱۷۳۲۲

۴. شروع چاند سے اس نقش کو اکیس مرتبہ روزانہ لکھ کر اکیس دن تک آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈال دینا چاہیے اس کے بعد تعویذ کو جس کام کے لیئے استعمال کیا جائے گا پورا پورا فائدہ حاصل ہو گا ۔ نہایت مجرب ہے ۔

۷۸۶

۲۸	۲۳	۲۴
۲۱	۲۵	۲۹
۲۶	۲۷	۲۲

۵. نوچندی جمعرات کو بعد نماز صبح پانچ دفعہ یہ نقش لکھے اور پانچوں کی الگ الگ چھٹانک آٹے میں لپیٹ کر گولیاں بنائیے اور پھر پانچ دفعہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ پڑھ کر اس گولی پر دم کرے اور دریا میں ڈالدے چالیس دن تک یہی عمل کرے چالیس دن کے بعد اس تعویذ

۷۸۶

۱۳	۶	۱۱
۸	۱۰	۱۲
۹	۱۴	۷

کو جس ضرورت کے واسطے لکھا جائے گا۔ وہ ضرورت پوری ہوجائے گی۔

(٦)

بحق یابدوح ۷۸۶ یاجرائیل

یا شفیلان بحق یابدوح

۱۰	۲	۸
۴	۷	۹
۶	۱۱	۳

یا دردائیل یابدوح

اہیا ۲ ۱۴۶ یمحز

اس نقش کو لکھ کر خوشبو میں لبسائے اور پھر ٹوپی میں سی لے انشاءاللہ ہر کام میں اللہ تعالےٰ نصرت و کامیابی مرحمت فرمائے گا۔

۷۔ میکائیل ۷۸۶ جبرائیل

۱۸	۱۳	۱۴
۱۱	۱۵	۱۹
۱۶	۱۷	۱۲

عزرائیل اللہ اللہ اسرافیل

بیماری کے دور کرنے کے لیئے دنیاوی ترقی حاصل کرنے کے لیئے تجارت میں کامیابی کے لیئے۔ اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھ لینا چاہیئے یہ نقش ہر حاجت کے لیئے مفید ہے۔

۸۔ چار رکعت نماز حاجت۔ یہ نماز رات کے ۲ بجے پڑھنی چاہیئے ترکیب یہ ہے۔ اگر پہلی رکعت میں اَلحمد شریف کے بعد ایک سو مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ٥ دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد ایک سو مرتبہ اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَ یَكْشِفُ السُّوْٓءَ۔ تیسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد ایک سو مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِیْلُ

چوتھی رکعت میں الحمد شریف کے بعد ایک سو مرتبہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اللّٰہِ ط اِنَّ اللّٰہَ لَبَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ پڑھے۔ سلام کے بعد اپنے سر کو دائیں گھٹنے پر رکھ کر ایک سو مرتبہ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ، فَانْتَصِرْ ط کہے۔ پھر سر کو بائیں گھٹنے پر رکھ کر ایک سو مرتبہ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ کہے۔ اس کے بعد تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر سر کو سجدہ میں لیجا کر عاجزی کے ساتھ دعا مانگے۔ انشاء اللہ جو دل کا مقصد ہوگا۔ وہ بہت جلد محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ کے صدقہ سے پورا ہو جائے گا۔

۹۔ اَللّٰہُ صَمَدِیْ خُذْ بِیَدِیْ ایک ہزار ایک سو مرتبہ۔ درود شریف اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دعا مانگنے سے ہر مقصد بفضلِ ایزدی حاصل ہو جاتا ہے۔

۱۰۔ درود شریف بارہ مرتبہ پھر اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی مُوْسٰی رَضَا ایک سو پچیس مرتبہ۔ پھر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ انیس مرتبہ پھر یَا رَءُوْفُ یَا رَحِیْمُ سوا لاکھ مرتبہ۔ چند آدمی مل کر پڑھ لیں اگر تنہا ایک آدمی پڑھنا چاہیئے تو ہر روز تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ یَا رَءُوْفُ یَا رَحِیْمُ پڑھنا چاہیئے۔ چالیس دن میں سوا لاکھ مرتبہ پورا ہو جائے گا۔

انشاء اللہ یہ ورد ختم ہونے نہ پائے گا۔ کہ جس مطلب سے یہ پڑھا جائے گا اللہ وہ مطلب پورا کر دے گا۔ یہ وظیفہ ہر مطلب کے لیے پڑھا جاتا ہے جس شخص کو کسی قسم کی مصیبت سے سابقہ ہو۔ وہ ضرور اسے پڑھے

۱۱۔ توحیدی جمعرات کا روزہ رکھے روزہ افطار کرنے کے بعد پانچ پیسہ یا پانچ آنہ یا پانچ روپیہ کی مٹھائی منگا کر فاتحہ بزرگاں کے بعد بچوں میں تقسیم کریں۔

پھر بعد نماز عشاء پہلے درود شریف اکتالیس ۴۱ مرتبہ۔ سورۃ الم نشرح تمام ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ پھر درود شریف اکیس ۲۱ مرتبہ پھر لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط سات مرتبہ سجدہ میں جاکر پڑھیے۔ پھر اپنے مطالب کے لیئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ مقصد حاصل ہو جائے گا۔

۱۲۔ پہلے ایک بار درود شریف، پھر سو بار الم نشرح، پھر ایک بار درود شریف تین جمعہ تک بعد نماز جمعہ پڑھنا چاہیئے انشاء اللہ جس مقصد کے لیئے پڑھا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اُس میں کامیابی مرحمت فرمائے گا۔ جمعہ کی نماز سے فارغ ہوتے ہی اس کے پڑھنے میں لگ جانا چاہیئے۔ درمیان میں بات نہ کرنی چاہیئے۔

۱۳۔ دو رکعت نماز نفل بعد عشاء پڑھ کر ننگے سر نہایت عاجزی کے ساتھ یا
قَدِیْمُ یَا دَائِمُ یَا وِتْرُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا مَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ
کُفُوًا اَحَدٌ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۵ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۵

دو سو دفعہ پڑھنا چاہیئے۔ یہ وظیفہ تین دن تک متواتر عشاء کی نماز کے بعد پڑھا جاتا ہے۔ پھر اس کے بعد جس مقصد کے لیئے دعا مانگی جائے وہ مستجاب ہوتی ہے۔ یہ وظیفہ خضر علیہ السلام کا بتایا ہوا ہے۔

۱۴۔ یَا رَحِیْمَ کُلِّ صَرِیْخٍ وَّمَکْرُوْبٍ غِیَاثُہٗ وَمَعَاذُہٗ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ
ایک ہزار مرتبہ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھنا ہر مقصد کے لیئے مفید ہے۔ جبتک مطلب حاصل نہ ہوا اسے برابر روزانہ پڑھتے رہنا چاہیئے۔

۱۵۔ پیر یا جمعہ یا جمعرات کے دن سورج نکلنے سے پہلے نہانا چاہیئے۔ پھر صبح کی نماز ادا کرنی چاہیئے۔ پھر گیارہ مرتبہ سورہ مزمل پڑھنی چاہیئے۔ گیارہ دن تک یہ عمل برابر کرنا چاہیئے۔ اور ہر روز اپنے مطلب کے واسطے دعا مانگنی چاہیئے۔ گیارہ دن پورے نہ ہونے پائیں گے۔ کہ اللہ تعالیٰ مقصد کو پورا

کر دے گا۔ اگر درمیان میں مقصد پورا ہو جائے۔ جب بھی اس عمل کو گیارہ دن تک پورا کرنا ضروری ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی مشکل پیش آئے تو اکیس دفعہ سورہ مزمل اور سو دفعہ سورہ یسین پڑھنے سے وہ مشکل آسان ہو جاتی ہے۔ یا تو چند آدمی بیٹھ کر ایک ہی مجلس میں اس وظیفے کو ختم کریں۔ یا ایک آدمی روزانہ مقررہ تعداد میں پڑھ لیا کرے۔ جب یہ ختم ہو جائے تو ایک مسکین کو کھانا کھلائے۔ اگر کئی دن میں ختم ہو تو روزانہ ایک مسکین کو کھانا کھلائے وظیفہ شروع کرنے کے بعد ناتمام چھوڑنا اچھا نہیں ہے۔

۱۷۔ اوّل ایک مرتبہ درود شریف پھر چالیس مرتبہ سورہ مزمل و تصور مطلوب کے ساتھ پھر ایک مرتبہ درود شریف چالیس دن تک اسی طرح پڑھنا چاہیئے اللہ تعالیٰ دل کی مراد پوری کر دے گا۔

۱۸۔ اوّل و آخر درود شریف ۱۱۱۔ دفعہ سورہ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کرے وہ پانی اپنے منہ پر ملے۔ پھر اپنے اوپر دم کرے۔ پھر آنکھیں بند کر کے مراقب ہو کر بیٹھ جائے۔ تھوڑی دیر جمال الٰہی کے تصور کے ساتھ مراقب رہے۔ پھر اپنے مقصد کے لیئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ دعا قبول ہو گی۔

۱۹۔ اوّل اکتالیس مرتبہ درود شریف۔ پھر ایک سو مرتبہ آیۃ الکرسی پھر ایک مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد جس کام کے لیئے دعا مانگی جائے گی۔ وہ کام رحمت ایزدی سے ہو جائے گا۔

۲۰۔ درود شریف ایک دفعہ قل ہو اللہ تین دفعہ آیت الکرسی تین دفعہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۵ اکیس دفعہ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ۵ اکیس دفعہ درود شریف ایک مرتبہ پڑھنے کے بعد درگاہ الٰہی میں جس مقصد کے لیئے دعا مانگی جائے گی۔ وہ مقصد حاصل

ہو جائے گا۔

دشمن کے مغلوب ہونے کے وظیفے اور تعویذ

۷۸۶

۸۲۶	۸۴۰	۸۳۷	۸۳۳
۸۳۸	۸۳۲	۸۲۷	۸۳۹
۸۳۱	۸۳۵	۸۴۲	۸۲۸
۸۴۱	۸۲۹	۸۳۰	۸۳۶

فلاں بن فلاں را مغلوب گرداں

یہ تعویذ بکری کے شانہ کی ہڈی پر منگل کے دن ٹھیک بارہ بجے لکھنا چاہیے۔ دشمن مغلوب اور عاجز ہو جائے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا جبرائیل	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ		یا میکائیل علیہ السلام
یَا حَنَّانُ	۲۶۹۶	۲۶۹۱	۲۶۹۸
یَا مَنَّانُ	۲۶۹۷	۲۶۹۵	۲۶۹۳
یَا دَیَّانُ	۲۶۹۲	۲۶۹۹	۲۶۹۶
یَا بُرہَانُ	عَلیسَقا	طلیقا	طیقا

یا عزرائیل علیہ السلام یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا اسرافیل علیہ السلام

یہ تعویذ زعفران اور کیوڑہ سے لکھا جائے گا۔ پھر لوبان کی دھونی دے کر بائیں بازو پر باندھا جائے گا۔ انشاء اللہ دشمن مقہور ہو جائے گا۔

۲۔ درود شریف ایک مرتبہ یا حَنَّانُ یا بُدُّوحُ یا مَنَّان یا بُدُّوحُ یا دَیَّانُ۔

یَا بُدُّوحُ یَا بُرْھَانُ یَا بُدُّوحُ اکیس ۲۱ دفعہ پھر درود شریف ایک دفعہ پڑھکر دشمن کے مکان کی سمت دم کر دینا چاہیئے۔ انشاء اللہ دشمن عاجز ہو جائے گا۔

۴۔ وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَاءَ پانچ سو دفعہ سورہ توبہ ایک دفعہ پڑھ کر دشمن کے مغلوب و عاجز ہونے کے لیئے دعا مانگنی چاہیئے خدا تعالےٰ اپنی شانِ قہاری کا دشمن کے لیئے ظہور فرمائے گا۔

۵۔ نماز جمعہ کے بعد اکیس دفعہ سورہ مزمل بغیر بسم اللہ کے پڑھے اور سرسوں کے دانوں پر دم کر کے آگ میں جلا دے۔ انشاء اللہ دشمن مغلوب ہو جائے گا۔

۶۔ وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَاءَ ایک ہڈی پر لکھ کر پرانی قبر میں دفن کر دے۔ دو شخصوں کی آپس میں لڑائی ہو جائے گی دفن کرتے وقت یہ بھی کہنا چاہیئے کہ یا اللہ بحق عزرائیل علیہ السلام فلاں بن فلاں اور فلاں بن فلاں میں عداوت ہو جائے

۷۔ پرانی قبر کی مٹی پر بغیر بسم اللہ کے سترہ دفعہ سورہ مزمل پڑھے اور اُسے دشمن کے گھر میں ڈال آئے انشاء اللہ دشمن عاجز ہو جائے گا

۸۔ ٹوٹے پھوٹے کنوئیں کے پاس بیٹھکر بسم اللہ اور درود شریف کے بغیر اکیس دفعہ یسین شریف پڑھے اور ہر دفعہ یسین ختم ہو جانے کے بعد تھوڑی دیر آنکھیں بند کر کے یہ تصور کرے کہ دشمن میرے سامنے ہاتھ باندھے ہوئے کھڑا ہے۔ جب تک دشمن باندھ کر سامنے نہ آ جائے۔ روزانہ یہ عمل کرنا چاہیئے

۹۔ بعد نماز مغرب کسی سے بات چیت نہ کرے اور دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک ایک دفعہ

آیتہ الکرسی پڑھے۔ پھر سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں جاکر خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ وَعَلٰی سَمْعِھِمْ وَعَلٰی اَبْصَارِھِمْ غِشَاوَۃٌ ط۔ تصور دشمن کے ساتھ اکیس مرتبہ پڑھے۔ دشمن عاجز اور مقہور ہو جائے گا۔

۱۰۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ سات دفعہ اور آیتہ الکرسی تین دفعہ جب وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ہ پر پہونچے تین دفعہ دشمن کے تصوّر کے ساتھ اسکی تکرار کرے انشاء اللہ دشمن کے شر سے مامون اور محفوظ رہے گا۔ بلکہ دشمن مہربان ہو جائے اور بجائے نقصان کے فائدہ پہونچائے گا۔

ھِدَایت: دشمن کو مغلوب اور عاجز کرنے کے یہ تمام عمل صرف اُسی جگہ کام دے سکتے ہیں۔ جہاں دشمنی جائز صورت میں ہو۔ یہ قرآنی اعمال ہیں۔ خلاف شرع کاموں میں فائدہ نہیں دے سکتے۔ عامل کو اس بارے میں بہت احتیاط سے کام لینا چاہیے۔

نصیبہ کی یاوری کے وظیفے اور تعویذ

۱۔ اَللّٰہُ نَاصِرُ اَللّٰہُ حَافِظُ" اکیس ۲۱ بار اَللّٰہُ الصَّمَدُ سو بار درود شریف اوّل و آخر تین بار پڑھ کر شگفتہ گلاب کے پھول پر دم کرے اور اُسے سونگھتا رہے جب سوکھ جائے اُسے کھالے۔ ربیع الاوّل کے مہینہ میں ہر جمعرات کو یہی عمل کرے۔ انشاء اللہ نصیبہ کھل جائے گا۔

۲۔ اَللّٰہُ الصَّمَدُ تین ہزار مرتبہ اوّل و آخر درود شریف تین مہینہ روزانہ پڑھنے سے قسمت غلام ہو جاتی ہے۔ یہ عمل پیر کے روز بعد نماز صبح شروع کرے اور اتوار کے دن بعد نماز صبح پڑھ کر ختم کردے۔

۳۔: پچھلی رات کو اٹھ کر وضو کرے۔ پھر دو رکعت تحیۃ الوضو کی پڑھے پہلی رکعت میں الحمد کے بعد آیۃ الکرسی۔ دوسری رکعت میں الحمد کے بعد

آمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْہِ مِنْ رَّبِّہٖ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِہٖ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ ط

اس کے بعد بارہ رکعتیں چھ سلام کے ساتھ نماز تہجد کی ادا کرے ہر سلام کے بعد تسبیح اور استغفار پڑھے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد تین دفعہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اور ایک دفعہ یٰسین شریف پڑھے۔ پھر ایک دفعہ درود شریف پڑھ کر قسمت کی یاوری کی دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ گردش دور کر کے بااقبال اور خوش نصیب بنا دے گا۔ سب دلدّر دور ہو جائیں گے۔

۴ اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں باندھے یا تختی میں کندہ کرا کے گلے میں لٹکائے یا انگوٹھی میں کندہ کرا کے کلمہ کی انگلی میں پہن لے۔

۷۸۵	۷۷۸	۷۸۳
۷۸۰	۷۸۲	۷۸۴
۷۸۱	۷۸۶	۷۷۹

بجاہ حبیبک یا اللہ

انشاء اللہ قسمت کی گردش جاتی رہے گی۔ اور اللہ تعالیٰ نصیبہ کھول دیگا۔

یا اللہ ۷۸۶ کا محمد

۳۹۲	۴۰۶	۴۰۳	۴۰۰
۴۰۴	۳۹۹	۳۹۴	۴۰۵
۳۹۸	۴۰۱	۴۰۸	۲۹۵
۴۰۷	۳۹۶	۳۹۷	۴۰۲

بحق جبرائیل بحق میکائیل

اس نقش کو زعفران سے لکھکر ٹوپی میں سی لینا چاہیئے۔ انشاء اللہ تعالٰے نصیبہ کھل جائے گا۔ بدقسمتی کی شکایت جاتی رہے گی۔

قرض کے ادا ہونے کے وظیفے

۱۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَا مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ ۝ سو دفعہ اوّل و آخر درود شریف تین تین مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھ کر ادائے قرض کے لیئے دعا مانگنی چاہیئے۔

۲۔ اوّل درود شریف گیارہ مرتبہ آیتہ الکرسی گیارہ مرتبہ وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُھَا اِلَّا ھُوَ۔ تین مرتبہ۔ درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر ادائے قرض کے لئے دربار الٰہی میں عاجزی و تضرع کے ساتھ دعا مانگے۔ انشاء اللہ قبول ہو جائے گی۔

۳۔ درود شریف تین مرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ تین مرتبہ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ تین مرتبہ۔ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ تین مرتبہ۔ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ تین مرتبہ۔ درود شریف تین مرتبہ۔ پڑھ کر سجدہ میں جا کر ادائے قرض کے لیئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ بہت جلد قرض ادا ہو جائے۔

۴۔ اوّل گیارہ مرتبہ درود شریف پھر لیسیٰن شریف تین مرتبہ۔ پھر درود شریف تین مرتبہ روزانہ پڑھ کر دربار خداوندی میں قرض کے ادا ہونے کے لیئے دعا مانگنی چاہیئے۔ اس وظیفہ کی برکت سے دعا مستجاب ہوگی

۵۔ عِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُ عِلْمُھَا اِلَّا ھُوَ۔ پانچ سو مرتبہ اوّل و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ بِحَقِّ مَعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ

مَنْبَعَ الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْحِکَمِ۔ تین دفعہ بعد نماز عشاء روزمرہ پڑھنا چاہیے انشاء اللہ اسکی برکت سے قرض کی بلا سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

۶۔ سورۂ مزمل کو چالیس دفعہ بہ نیت ادائے قرض روزمرہ چالیس دن تک بعد نماز صبح متواتر پڑھنا چاہیئے۔ انشاء اللہ قرض بہت جلد ادا ہو جائے گا۔

رزق کی کشائش کے وظیفے اور تعویز

۱۔ یَا وَھَّابُ گیارہ سو مرتبہ روزانہ پڑھنے سے رزق میں کشائش ہوتی ہے۔

۲۔ یَا دَائِمَ الْعِزِّ وَالْبَقَاءِ وَیَا وَاھِبَ الْجُوْدِ وَالْعَطَاءِ یَا وَدُوْدُ ذُوالْعَرْشِ الْمَجِیْدُ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ۝ یَا تنکفیل بِحَقِّ یَا صَمَدُ الْغَفَّارُ الْغَفَّارُ ذُوالْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِہٖ بِلُطْفِہٖ یَا صَمَدُ۔

پانچ سو ایک دفعہ اوّل و آخر درود شریف تین تین دفعہ ایک وقت مقرر کرکے ۲۱ دن تک روزانہ پڑھنا چاہیئے۔ انشاء اللہ رزق میں بے انتہا کشائش ہوگی

۳۔ یَا رَزَّاقُ ذُو الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنِ۔ کشائش رزق کے لیے روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھنا چاہیے۔

۴۔ سورہ فاتحہ مع بسم اللہ شریف ستر مرتبہ۔ اتوار کے دن ساٹھ مرتبہ پیر کے دن۔ پچاس مرتبہ منگل کے دن۔ چالیس مرتبہ

بدھ کے دن تیس مرتبہ جمعرات کے دن بیس مرتبہ جمعہ کے دن دس مرتبہ ہفتہ کے دن پڑھنا چاہیئے۔ یہ عمل مہینہ کے پہلے اتوار سے شروع کرتے

اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھنا چاہیئے۔ جب رزق کی تنگی ہو۔ اس وظیفہ کو پڑھ لینا چاہیئے۔ انشاء اللہ رزق میں کشائش ہو جائے گی۔

۵۔ اول درود شریف گیارہ مرتبہ پھر سورہ واقعہ تین مرتبہ۔ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھنا کشائش رزق کے لئے بہت مفید ہے۔ کم ازکم تین دن تک روزانہ پڑھنا چاہیئے

۶۔ درود شریف تین مرتبہ۔ سورہ یٰسین ایک مرتبہ۔ سورہ مزمل ایک مرتبہ سورہ محمدؐ ایک مرتبہ۔ پھر درود شریف تین مرتبہ روزانہ بعد نماز صبح پڑھنا۔ کشائش رزق کے لئے مفید ہے۔

۷۔ اس نقش کو ایسی سکوری پر جسے پانی نہ لگا ہو لکھ کر آفتاب کے نیچے رکھدے۔ انشاء اللہ غیب سے کھانا پہنچے گا۔

۷۸۶

۷۰	۶۳	۶۸
۶۵	۶۷	۶۹
۶۶		۶۴

۸۔ آیت وَمَنْ یَتَّقِ اللہ کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ اس آیت کے اعداد کے موافق ۶۳۵۹ چھ ہزار تین سو انسٹھ دفعہ روزانہ اس آیت کو پڑھے۔ چالیس دن تک۔ اس زمانہ میں اس آیت

کے نقش کو اپنے پاس رکھے اور خلوت میں بیٹھ کر اس عمل کو پڑھے گائے اور مچھلی کے گوشت اور تیل سے پرہیز کرے۔ جب چالیس دن پورے ہو جائیں۔ تو پھر روزانہ تین سو اکیس دفعہ پڑھ لیا کرے انشاءاللہ کبھی فقیر نہ ہو گا۔ اور غیب سے اللہ تعالےٰ روزی مرحمت فرمائے گا۔ اگر اس عمل کی زکوٰۃ ادا کرنے کا خیال نہ ہو۔ تو صرف بارہ دن تک چھ ہزار تین سو انسٹھ دفعہ پڑھنا کافی ہے۔ اگر بارہ دن بھی ممکن نہ ہوں تو صرف تین دن پڑھنا کافی ہے۔ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵۸۲	۱۵۹۶	۱۵۹۲	۱۵۸۹
۱۵۸۸	۱۵۸۳	۱۵۹۵	۱۵۹۵
۱۵۸۷	۱۵۹۰	۱۵۹۸	۱۵۸۴
۱۵۹۷	۱۵۸۵	۱۵۸۶	۱۵۹۱

اللہ

۹۔ دو رکعت نماز نفل کی نیت باندھے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ یٰسین اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ مزمّل پڑھے۔ پھر سلام پھیرنے کے بعد تین دفعہ سورۂ یٰسین اور تین دفعہ سورہ مزمل پڑھے پھر دربار ایزدی میں عاجزی کے ساتھ وسعت رزق کے لیئے دعا مانگے۔ انشاءاللہ تعالیٰ قبول ہوگی

۱۰۔ جو شخص سونے سے قبل تین مرتبہ روزانہ یٰسین شریف پڑھ کر سویا کرے وہ انشاءاللہ کبھی مفلس نہ ہوگا۔

۱۱۔ دو رکعت نماز نفل کی نیت باندھے۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ سو دفعہ پڑھنی چاہیئے۔ اور سلام کے

بعد ستر دفعہ۔ وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُھَا اِلَّا ھُوَ وَیَعْلَمُ مَا فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا یَعْلَمُھَا وَلَا حَبَّةٍ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ اور سات سو بار سورہ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ اور ستر بار یَا فَتَّاحُ یَا وَھَّابُ پڑھے اس کی برکت سے مشکلیں آسانی سے اور فقیری تونگری سے تبدیل ہو جائے گی۔

۱۲۔ سورہ یٰسین اکتالیس بار۔ اول و آخر درود شریف تین تین بار گیارہ دن تک پڑھنے سے کایا پلٹ ہو جاتی ہے۔ رزق میں وسعت اور مال میں بے انتہا برکت حاصل ہوتی ہے۔

۱۳۔ جمعہ کی رات میں چار رکعت پڑھے۔ ہر رکعت میں ایک دفعہ آیۃ الکرسی اور سو دفعہ عِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُھَا اِلَّا ھُوَ اور ایک دفعہ لَا یُجَلِّیْھَا لِوَقْتِھَا اِلَّا ھُوَ پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد گڑگڑا کے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالےٰ رزق میں بہت کشائش ہوگی۔

۱۴۔ اول درود شریف پھر اکتالیس مرتبہ سورہ یٰسین شریف۔ پھر ایک مرتبہ۔ اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ رِزْقِیْ فِی السَّمَآءِ فَاَنْزِلْهُ وَاِنْ کَانَ فِی الْاَرْضِ فَاَخْرِجْهُ وَاِنْ کَانَ فِی الْبَحْرِ فَاَطْلِعْهُ وَاِنْ کَانَ بَعِیْدًا فَقَرِّبْهُ وَاِنْ کَانَ قَرِیْبًا فَیَسِّرْهُ وَاِنْ کَانَ قَلِیْلًا فَکَثِّرْهُ وَاِنْ کَانَ کَثِیْرًا فَھَوِّنْهُ وَبَارِکْ لِیْ فِیْهِ وَارْزُقْنِیْ مِنْ حَیْثُ اَحْتَسِبُ وَمِنْ حَیْثُ لَا اَحْتَسِبُ رِزْقًا حَلَالًا طَیِّبًا غَدَقًا وَّاسِعًا طَبَقًا مُّبَارَکًا فِیْهِ حَتّٰی لَا یَکُوْنَ لِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِکَ عَلَیَّ فِیْهِ مِنَّةٌ وَّاجْعَلْ یَدِیْ عُلْیَا بِالْاِعْطَاءِ وَلَا تَجْعَلْ یَدِیْ سُفْلٰی بِالْاِسْتِعْطَاءِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۵۔ پڑھے۔ پھر دعا مانگے۔ پھر درود شریف پڑھ کر سو جائے انشاء اللہ تعالےٰ غیب سے روزی کا سامان ہو جائے گا۔ اور تنگدستی دور

ہو جائے گی۔

۱۵۔ مغرب کی نماز کے بعد چھ سلام کے ساتھ بارہ رکعتیں پڑھے۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین سورہ اخلاص پڑھے۔ پھر وسعت رزق کیلئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ قبول ہوگی۔

۱۶ دو رکعت نفل بعد نماز عشاء پڑھے۔ ہر رکعت میں سات دفعہ سورہ کوثر سورہ فاتحہ کے بعد پڑھے، پھر سلام کے بعد گیارہ دفعہ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ، بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ پڑھے انشاء اللہ مفلسی دور اور تونگری قریب ہو جائے گی۔

۱۷۔ صبح کی نماز کے بعد روز یَا فَتَّاحُ ایک سو ایک دفعہ یَا رَزَّاقُ ٥ ایک سو ایک دفعہ یَا وَهَّابُ ایک سو ایک دفعہ اول و آخر درود شریف پڑھنے سے فقیری دور ہوتی ہے۔

اولاد پیدا ہونیکے وظیفے

۱۔ سورہ مزمل ایک سو ایک دفعہ درود شریف اول و آخر ایک ایک دفعہ پڑھ کر کسی مٹھائی پر دم کر کے عورت کو کھلا دیا جائے۔ انشاء اللہ وہ عورت بانجھ نہیں رہے گی۔

۲۔ دو رکعت نماز نفل پڑھنی چاہیے۔ ہر رکعت میں سورہ اخلاص اور معوذتین گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ نماز پڑھنے کے بعد اولاد کے پیدا ہونے کی دعا مانگے انشاء اللہ دعا مستجاب ہوگی۔

۳۔ نوچندی جمعرات کو بعد نماز صبح اول و آخر ایک ایک دفعہ درود شریف سورہ الحمد شریف معہ بسم اللہ و آمین ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر شرینی پر دم کر کے

زن و شوہر کو کھلائے۔ انشاء اللہ اولاد ہو جائے گی۔

۴۔ کچے سوت کے اکتالیس تار عورت کے قد کے برابر ناپے۔ تین بار بسم اللہ الرحمن الرحیم اور تین بار درود شریف اور گیارہ بار آیت الکرسی پڑھے ہر دفعہ پڑھنے کے بعد اس پر دم کرے۔ پھر بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے۔ پھر سورہ رحمٰن کی تلاوت کرے جس جگہ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ہ آئے اس پر دم کرے۔ اور گرہ دیدے، اس کے بعد سورہ مزمل اکتالیس دفعہ پڑھے اور ہر دفعہ پڑھ کر اس پر دم کرے اور ایک گرہ لگائے۔ جب گنڈہ تیار ہو جائے تو گیارہ آنے یا گیارہ روپے کی مٹھائی منگا کر حضرت پیران پیر رضی اللہ تعالٰی عنہ کی نیاز دلائے اور حاضرین مجلس اور غریب غربا میں تقسیم کر دے جب عورت ایام ماہواری سے فارغ ہونے کے بعد نہائے تو گنڈہ عورت کی کمر سے باندھ دے انشاء اللہ تعالٰی ضرور اولاد پیدا ہوگی۔

۵۔ منگل کے دن آفتاب نکلنے کے بعد دس رکعتیں پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی ایک بار پڑھے۔ سورۂ اخلاص تین دفعہ پڑھے ہر دو رکعتوں کے بعد سلام پھیرے اور اولاد کی دعا مانگے۔ انشاء اللہ دعا مستجاب ہوگی۔

بچوں کی حفاظت اور تندرستی کے وظیفے اور تعویذ

۱۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ہ نو دفعہ اول و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھ کر دم کر دیا جائے انشاء اللہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا

۲۔ ایک کاغذ پر سورہ الم نشرح لکھ کر بچہ کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ صحتِ تامہ حاصل ہوگی۔

۳۔ الٰہی تو بگرداں ہر بلا را۔ ز آفتا نگہ داری ہمہ را۔ الٰہی بحرمتہ سورہ مدثر۔ الٰہی بحرمتہ

سورہ ہود۔ الٰہی بحرمتہ سورہ مزمّل بحرمتہ سورہ یوسف الٰہی بحرمتہ سورہ یونس الٰہی بحرمت سورہ یٰسین الٰہی بحرمت سورہ والشمس الٰہی بحرمت سورہ والضحیٰ الٰہی بحرمت سورہ الم نشرح الٰہی بحرمت سورہ قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۰ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ۔

این طفل را از ہمہ بلاہا محفوظ دار بحق ہر دو گیسوی محمد محفوظ دار۔ تین دفعہ روزانہ پڑھ کر بچہ پر دم کر دیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ اور اُسے صحت و زندگی حاصل ہو گی۔

۴۔ سورہ یٰسین ایک باریک کاغذ پر لکھ کر بچہ کے سرہانے آویزاں کر دے اور قرآن شریف کی ہوا دے۔ انشاء اللہ بچہ دنیاوی مصیبتوں سے محفوظ رہے گا اور عمر طبعی حاصل کرے گا۔

۵۔ ناد علی کی تختی بنوا کر بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ مامون و محفوظ رہے گا۔

۶۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۰ تین دفعہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا دَآئِمُ۔ تین دفعہ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ دفعہ پڑھ کر بچہ پر دم کر دے۔ گیارہ دن تک متواتر یہ عمل کرے انشاء اللہ بچہ ہر رنج و غم اور ہر بیماری سے محفوظ رہے گا۔

۷۔ یہ تعویذ کاغذ پر لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈال دے یا چاندی کی تختی بنا کر گلے میں ڈال دے انشاء اللہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۷۸۶	بسم اللہ	الرحمن الرحیم
بسم	اللہ	الرحمن الرحیم
بسم اللہ الرحمن	الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم



۸۔ ببرکت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ، بہ برکت حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، برکت حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ، بہ برکت حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ از ہر بلا مامون دار۔ یہ تعویذ لکھ کر بچہ کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ بیماری اور ہر ناگہانی بلا دور رہے گی۔

بچوں کی بیماریوں کو دور کرنے کے تعویذ اور وظیفے

۱۔ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ط يَا اَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمْ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَاءٌ مَّا فِي الصُّدُوْرِ ۵ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنَ۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاءٌ،

یہ چھ آیتیں سات دفعہ۔ سورہ فاتحہ ایک دفعہ درود شریف اوّل و آخر ایک ایک مرتبہ پڑھ کر جس بچے پر دم کرے گا۔ انشاء اللہ اسکو خواہ بیماری ہو دور ہو جائے گی۔

اگر کوئی بڑا آدمی بیمار ہو تو چینی کی طشتری پر ان آیتوں کو زعفران سے لکھ کر پلا دیا جائے۔ سات دن تک برابر یہی عمل کرنے سے انشاء اللہ مرض سے صحت ہو جائے گی۔

۲۔ الحمد للہ رب العالمین آخر تک تین مرتبہ مَا شَاءَ اللّٰہُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۵ مرتبہ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ ۵ دفعہ اوّل و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر بچہ پر دم کر دے۔ جو

جو مرض ہوگا۔ انشاء اللہ کافور ہو جائے گا۔

۳۔ درود شریف گیارہ مرتبہ اوّل بعدہٗ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ یا اللّٰہُ اَحَدُ یا الصَّمَدُ الْاَحَدُ۔ یا اللّٰہُ الصَّمَدُ۔ یا اللّٰہُ الصَّمَدُ الْاَحَدُ۔ یا اللہ یا اَحَدُ۔ یا صَمَدُ۔ اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ یا اللّٰہُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ یا اللّٰہُ لَمْ یَلِدْ یا اللہ لَمْ یُوْلَدْ اللہ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔ یا اللّٰہُ لَمْ یَکُنْ کُفُوًا اَحَدٌ۔ تین مرتبہ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر جس مریض پر خواہ وہ بچہ ہو یا بڑا دم کرے گا اُسے شفائے کامل حاصل ہوگی اگر مریض پانی پینے کے قابل ہو تو یہ مبارک عمل کسی پاک برتن پر زعفران سے لکھ کر گیارہ دن تک اُس کا پانی مریض کو پلائے موت کا تو علاج نہیں باقی ہر مرض سے انشاء اللہ شفا ہو جائے گی۔

۴۔ جو شخص روزانہ یا صَمَدُ اکتالیس دفعہ دن بھر میں کسی وقت پڑھ لیا کرے انشاء اللہ ہر ناگہانی آفت اور اچانک مرض سے محفوظ رہے گا۔ جادو بھی اُس پر اثر نہ کر سکے گا۔

۵

۷۸۶

۱	۴۶۷۸	۴۶۷۴	۸
۴۶۷۵	۷	۲	۴۶۷۷
۶	۴۶۷۲	۴۶۸۰	۳
۴۶۷۹	۴	۵	۴۶۷۳

یہ نقش کاغذ پر لکھ کر یا کسی متقی پرہیزگار آدمی سے لکھوا کر گلے میں ڈال لیا جائے۔ یا کسی پاک برتن پر لکھ کر یا کسی متقی پرہیزگار آدمی سے لکھوا کر پانی کے ساتھ پی لیا جائے۔ انشاء اللہ ہر مرض کے لئے مفید ہے۔

۶۔ یہ نقش زعفران اور کیوڑہ سے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیا جائے تو انشاء اللہ بچہ نظر بد سے محفوظ رہے گا اور اس کا رونا دھونا بھی جاتا رہے گا۔ نقش معظم یہ ہے۔

بسم اللہ	بسم اللہ	الرحمن الرحیم	الحمد للہ	رب العلمین
الرحمن الرحیم	ملک	یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین
اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم
غیر المغضوب	علیھم	ولا	الضالین	آمین

۷۸۶

۳۱۵۷	۳۱۵۰	۳۱۵۵
۳۱۵۲	۳۱۵۴	۳۱۵۶
۳۱۵۳	۳۱۵۸	۳۱۵۱

۷۔ یہ نقش بچوں کے مسان کی بیماری دور کرنے کے لیئے مجرب ہے معطر کر کے کسی پاک کپڑے میں بچہ کے گلے میں باندھ دینا چاہیئے

۸۔ یہ نقش بچوں کے پسلی کے مرض کے لیئے فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ اچھی طرح خوشبو لگا کر کسی پاک کپڑے میں لپیٹ کے بچے کے گلے میں باندھ دیا جائے انشاء اللہ صحت ہوگی۔

۷۸۶

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

۹ بچوں کو ایک مرض شدید ہو جاتا ہے۔ جس سے وہ سوکھ کر کانٹا ہو جاتے ہیں

۹

یا سلام	یا حفیظ	یا مومن	یا شافی
۱۴۰	۴۵۱	۱۴۳	۱۵۵۸
۵۵	۱۳۷	۱۵۱۱	۱۴۴
۵۱۵	۱۴٤	۳۹۹	۱۴۶

یہ نقش اسی مرض کے دور کرنے کے لیئے ہے دائیں بازو میں باندھ دینا چاہیئے

۱۰۔ ایک بالشت آٹھ انگل کا تنکا لاکر سر سے لے کر پیر تک بچہ کو جھاڑے اور سورہ ناس سات دفعہ پڑھ کر بچہ پر دم کرے یہ عمل تین دن کیا جاتا ہے۔ بچہ کے سوکھے کا مرض اور پسلی کا درد جاتا رہتا ہے نہایت مجرب ہے۔

۱۱

یا اللہ ۷۸۶ بحق علی

ارحم

حے	واحد	دھاب	ولے
ولے	وھاب	ح	ح
واجد	حے	دھاب	ولے
دھاب	ولے	واجد	حے

ارحم

بحق حسن ارحم بحق حسین

پسلی کے مرض کے لیئے یہ نقش معظم بہت مفید ہے تعویذ بنا کر بچے کے گلے میں ڈال دینا چاہیئے اور پانچ پیسے کے بتاشے منگا کر بچوں میں تقسیم کر دینے چاہیئیں۔

۱۲۔ یہ نقش معظم بچوں کے ہر مرض کے واسطے مفید ہے خوشبو لگا کر کسی پاک کپڑے میں لپیٹ کر بچے کے گلے میں باندھ دینا چاہیئے

۷۸۶

۷۸۶	۹۲	اللہ	۷۸۶
ہو	الرحمٰن	الرحیم	ہوالشافی
الرحمٰن	الرحیم		ہوالکافی

رب انی مغلوب فانتصر

۱۲۔ قل ہو اللہ شریف تین دفعہ رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْن تین سو ساٹھ دفعہ اوّل و آخر مرتبہ درود شریف روزانہ بعد نماز عشاء پڑھ کر بچہ پر دم کر دیا جائے۔ انشاء اللہ ہر مرض سے محفوظ رہے گا۔ اور کبھی کوئی بیماری نہ ستائے گی۔

مخصوص عورتوں کے فائدہ کے تعویذ اور وظیفے

یہ تعویذ نابالغ بچی کے کاتے ہوئے تاگوں میں باندھ کر حاملہ عورت کی کمر میں باندھ دیا جائے۔ انشاء اللہ دردِ زہ کے لیے بہت مفید ثابت ہوگا اور تکلیف مٹ جائے گی۔ آسانی معلوم ہوگی۔

(۱)

یا جبرائیل

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

یا اسرافیل

یا عزرائیل

یا میکائیل

۲ اسقاط حمل کے مریضہ کے لیے از بس مفید ہے اسکو پانی میں گھول کر تھوڑا تھوڑا پانی بیس بیس منٹ کے بعد پلائے اور جب کم ہوجائے تو صرف صبح شام پلائے۔ قدرت الٰہی کی برکت سے کامل نفع حاصل ہوگا مجرب ہے۔





مشرق

الٰہی بحرمت خواجہ عبدالکریم
الٰہی بہ برکت ایں گرد نامہ
فلاں بن فلاں فلاں
زود تر حاضر گردد

الٰہی بحرمت خواجہ عبدالرشید

الٰہی بحرمت خواجہ عبدالجلیل

الٰہی بحرمت خواجہ عبدالرحیم

مغرب

اگر کسی عورت کا خاوند کہیں چلا گیا ہو بغیر اطلاع کیئے تو اس گرد نامہ کو اگر مکان میں کوئی درخت ہو تو لفظ مشرق کے نیچے سوراخ کر کے ایک تاگہ میں باندھ کے اُس درخت میں لٹکا دیا جائے۔ درخت نہ ہو تو صحن مکان میں ایک بانس گاڑ کر یہ گرد نامہ اُس میں لٹکا دیا جائے۔ ہوا میں جس قدر اسکو جنبش ہوگی۔ خاوند اُسی قدر جلدی حاضر ہوگا۔ یہ تعویذ ہر گم شدہ شخص کی طلبی کے لیئے مفید ہے۔

۷۸۶

۳۴

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۶	۴	۵	۱۰

ہمہ بلا ہا دور شود

۵۔ یَا صَمَدُ یَا اللہ۔ یَا صَمَدُ یَا اللہ۔ اللہُ مشافی الکافی الوافی یہ کلمات ایامِ حمل میں اگر عورت کثرت سے تلاوت کرے گی تو اُسے دردِ زہ کی تکلیف نہ

ہوگی۔

۶۔ سنزالبو، لرزعی، بجو شامتوعا، عالمًا۔ طیوسوفًا، سلیخا ملیخًا۔ بلقومًا یا قبومًا بحق کھیعص، وبحق حمعس، حمایتیا۔ کِفایتیا مَسَیکفیکَہُم اللہ وَھُوَ السَّمِیعُ العلیم۔ گیارہ مرتبہ۔ درود شریف اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ، صبح کی نماز کے بعد آفتاب نکلنے سے پہلے پڑھ کر پانی پردم کر دیا جائے۔ عورت کے ہر مرض کے لیئے مفید ہے۔ اگر مناسب ہو تو تھوڑا سا پانی مریضہ کے بدن پر بھی ٹل دیا جائے۔ یہ عمل ہفتہ، یا جمعرات یا پیر سے شروع کرنا چاہیئے عورت کے علاوہ مردوں کے امراض کے لیئے بھی مفید ہے۔

۷۔ یہ تعویذ آسیب زدہ عورت کے لیئے بہت مفید ہے۔ اسے آسیب زدہ عورت کی چوٹی میں باندھنا چاہیئے۔ نقشِ معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰۶۵۴	۱۰۶۶۸	۱۰۶۶۵	۱۰۶۶۲
۱۰۶۶۶	۱۰۶۶۱	۱۶۰۵۵	۱۰۶۶۷
۱۰۶۶۰	۱۰۶۶۳	۱۰۶۷۰	۱۰۶۵۶
۱۰۶۶۹	۱۰۶۵۷	۱۰۶۵۹	۱۰۶۶۴

۸۔ جمعرات کے دن۔ چڑھتے چاند سورہ الم نشرح ایک سو ایک دفعہ درود شریف اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پہلے زکوۃ ادا کرے۔ پھر جمعہ کے دن جمعہ کی نماز کے بعد سرخ ریشم سے نوتارے کر عورت کے قد کے برابر ناپے۔ پیشانی کے بالوں سے لے کر ناخن پا تک ناپ ہو۔ پھر ۳۴ بار الم نشرح اور اوّل اور آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس پر دم کرے اور گنڈہ میں گیارہ گرہ لگائے۔ پھر گنڈھ عورت کی کمر میں باندھ دیا جائے اور جب تک بچہ پیدا نہ ہو اس گنڈے کو نہ کھولا جائے۔ گنڈھے کے باندھنے کے قبل

بارہ آنہ یا بارہ روپے کی مٹھائی منگا کر بزرگانِ دین کی فاتحہ دلا دی جائے۔ فاتحہ دلانا ضروری ہے جب بچہ پیدا ہو جائے تو گنڈہ ماں کی کمر سے کھول کر کمر سے کھول کر کسی ویران کنوئیں میں ڈال دیا جائے۔

مسان کی بیماری کے دور کرنیکے وظیفے اور تعویذ

۱۔ فَسَہِّلْ یَا اِلٰہِی کُلَّ صَعْبٍ بِحُرْمَۃِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ سَہِّلْ تین بار آیت الکرسی سات بار پھر فَسَہِّلْ کُلَّ صَعْبٍ بِحُرْمَۃِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ سَہِّلْ تین بار سورہ اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الکوثر تین بار پھر فَسَہِّلْ یَا اِلٰہِی کُلَّ صَعْبٍ بِحُرْمَۃِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ سَہِّلْ تین بار پھر درود شریف پڑھ کر بچہ پر دم کر دیا جائے اور بچہ کی ماں کے گلے میں یہ تعویذ باندھ دیئے جائیں انشاء اللہ مسان کا مرض دور ہو جائے گا۔

۷۸۶

۴۹۷	۵۱۱	۵۰۷	۵۰۴
۵۰۸	۵۰۳	۴۹۸	۹۱۰
۵۰۲	۵۰۵	۵۱۳	۴۹۹
۵۱۲	۵۰۰	۵۰۱	۵۰۶

۷۸۶

یا شافی	یا کافی	یا محی
یا فظ	یا ناصر	یا باقی
یا حی		یا قیوم

۲۔ بِسْمِ اللّٰہِ شَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ کَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ تین بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ یَا مُحَمَّدُ اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ یَا مُحَمَّدُ وَوَضَعْنَا عَنْکَ یَا مُحَمَّدُ وِزْرَکَ الَّذِیْ یَا مُحَمَّدُ اَنْقَضَ ظَھْرَکَ یَا مُحَمَّدُ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ یَا مُحَمَّدُ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا یَا مُحَمَّدُ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ یَا مُحَمَّدُ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ یَا مُحَمَّدُ تین بار درود شریف گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھ

پڑھ کر مریض بچہ اور اُسکی ماں پر دم کر دیا جائے۔ انشاء اللہ مسان کا مرض نیست و نابود ہو جائے گا۔ اور صحت کاملہ حاصل ہو گی۔ صحت کے بعد پانچ پیسے یا پانچ آنے یا پانچ روپیہ کی مٹھائی غریب بچوں میں تقسیم کر دینی چاہیے۔

دردِ سر کے وظیفے

۱۔ جس شخص کے سر میں درد ہو اس سے کہدیا جائے کہ سر کو ہاتھ سے پکڑ ڈالو پھر ایک چاقو لے کر اُس کی نوک سے دیوار پر ابجد لکھا جائے اور ابجد کے الف کو چاقو سے دبایا جائے اور الحمد شریف چپکے چپکے پڑھی جائے۔ جب تین دفعہ الحمد شریف مع بسم اللہ کے پوری ہو جائے۔ اس کے سر کی طرف منہ کر کے دم کر دیا جائے اور چاقو ہٹا لیا جائے۔ انشاء اللہ دردِ سر جاتا رہے گا۔ اگر نہ جائے تو دوبارہ چاقو کی نوک ابجد کی ب پر رکھے اور ایک دفعہ الحمد شریف مع بسم اللہ کے پڑھے اب بھی اگر درد نہ گیا ہو تو ج پر چاقو رکھ کر الحمد شریف پڑھنے کے بعد مریض کے سر کی طرف منہ کر کے دم کرے اور چاقو ہٹالے اگر ج تک عمل کرنے سے دردِ سر نہ جائے تو ابجد کی د تک اسی طرح عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہو گا۔

۲۔ درود شریف تین مرتبہ اَللّٰھُمَّ اشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُکَ اَللّٰھُمَّ اشْفِ بِفَضْلِ حَبِیْبِکَ تین دفعہ سورۂ اخلاص تین دفعہ درود شریف تین دفعہ۔ پڑھکر جسکے نصف سر میں درد ہو دم کر دیا جائے انشاء اللہ دردِ سر جاتا رہے گا۔ اگر ایک بار عمل کرنے سے کچھ کمی محسوس نہ ہو دوبارہ اسی طرح کیا جائے

۳۔ جس شخص کے آدھے سر میں درد ہو۔ انگوٹھے اور بیچ کی انگلی سے اُس کی دو

کن پٹیوں کو اچھی طرح پکڑے اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد للہ رب العلمین آخر تک پڑھے اور آہستہ آہستہ دونوں انگلیوں کو سرکاتا ہوا بیچ پیشانی پر لے آئے اور پیشانی پر دم کر دے تین دفعہ اس طرح عمل کرنے سے آدھے سر کا درد بالکل جاتا رہتا ہے اگر خدانخواستہ پھر بھی سر میں درد اٹھے تو پھر یہی ترکیب کرنی چاہیئے۔

بخار اور لرزہ دور کرنے کے لئے وظیفے

۱۔ یَا مُحِیطُ۔ ایک پاک ٹھیکری پر لکھ کر مریض کے بائیں بازو پر باندھ دیجیے جس کسی کو باری کا بخار آتا ہو۔ خواہ وہ دوسرے دن چڑھتا ہو یا تیسرے چوتھے دن انشاءاللہ صحت کامل حاصل ہو جائے گی۔

۲۔ دو پھوئیے روئی کے لے کر ایک پر سات دفعہ الحمد شریف پڑھ کر دم کر دیں دوسرے پر چھ دفعہ جس پر سات دفعہ دم کیا ہے۔ وہ مریض کے دائیں کان میں اور جس پر چھ دفعہ دم کیا ہے وہ مریض کے بائیں کان میں رکھ دیں انشاءاللہ تیسرے یا چوتھے دن کے بخار کے دور کرنے کے لیئے بہت مفید ثابت ہوگا۔ اگر اس عمل کے بعد بھی بخار نہ جائے۔ تو دوبارہ روئی کے دو پھوئے لے کر یہی عمل کیا جائے۔ صحت حاصل ہو جائے گی۔

۳۔ جسے باری کا بخار آتا ہو اسے رو بقبلہ لٹا کر ایک سو ایک دفعہ قل ہو اللہ شریف پڑھ کر دم کرے۔ انشاءاللہ بخار جاتا رہے گا۔ بعد صحت اپنی حیثیت کے موافق ایک یا ایک سے زیادہ غریبوں کو کھانا ضرور کھلانا چاہیئے

۴۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ زعفران سے چینی کی تشتری پر لکھے اور اس تشتری کو دھو کر اس کا پانی صراحی میں رکھے۔ پھر اس صراحی پر ایک سو ایک دفعہ اَللّٰهُمَّ

صَلِّ عَلٰے سَیِّدِنَا وَحَبِیْبِنَا وَشَفِیْعِنَا وَنَصِرِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۝ پڑھ کر دم کرے اور جب مریض کو پیاس لگے پلائے انشاء اللہ صحت ہوگی۔

۵۔ یَا مُسَبِّبُ سَبِّبْ یَا شَافِیْ اِشْفِ یَا کَافِیْ اِکْفِ یَا مُفْلِحُ اَفْلِحْ یَا مُفَرِّجُ فَرِّجْ یَا مُسَہِّلُ سَہِّلْ یَا مُیَسِّرُ یَسِّرْ یَا رَحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اِرْحَمْ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔
تین دفعہ پڑھ کر جس کو تپ ولرزہ کی شکایت ہو بخار چڑھنے سے ایک گھنٹہ پہلے اُس پر دم کرے۔ روزانہ ایسا ہی کرے انشاء اللہ بہت جلد شفا ہو جائے گی۔

ہر قسم کے درد کے دور کرنیکے لیے وظیفے اور تعویذ

۱۔ درود شریف تین دفعہ سورہ مُزّمّل سات دفعہ پڑھ کر جسکی کمر میں درد ہو اُس پر دم کر دیا جائے۔ انشاء اللہ بہت جلد شفا حاصل ہو جائے گی۔ تا صحت روزانہ اسی عمل کو کرنا چاہیئے۔

۲۔ آیت الکرسی ایک دفعہ پڑھ کر مریض پر روزانہ تا صحت دم کر دیا جائے اور چینی کی رکابی پر آیت الکرسی کو لکھ کر روزانہ اُسی کا پانی پلایا کرے۔ جگر کا درد کمر کا درد اور ہر قسم کا درد انشاء اللہ جاتا رہے گا۔ اختلاج قلب کے لیئے آیت الکرسی کا چینی کی تشتری پر زعفران سے لکھ کر پلانا بہت مفید ہوتا ہے۔

۳۔ اَللّٰہُ اَللّٰہُ و ننانوے دفعہ کسی کاغذ پر لکھ کر مریض کے پانی کے برتن میں ڈالدے ہر قسم کے درد کے واسطے تپ ولرزہ کے واسطے مفید ہے

انشاء اللہ بہت جلد شفا حاصل ہوگی۔

۴۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یا شافی کافی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا محیطُ یا وسیعُ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یا حیّ یا دائمُ گیارہ بار اوّل و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھ کر جسکی کمر میں درد ہو اُس پر دم کر دیا جائے انشاء اللہ بہت جلد درد کافور ہو جائے گا۔

۷۸۶

(۵)

یا حی	یا نور	یا رحیم
۷۸۶	۹۱	۳۶۷۰
یا کافی	اللہ	یا شافی

یہ نقش معظم ہر قسم کے درد اور بخار کے واسطے مفید ہے۔ یہ تین دفعہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر بہتے پانی میں ڈال دینا چاہیے اور ایک تعویذ مریض کے دائیں بازو میں باندھنا چاہیئے۔ صحت حاصل ہو جائے گی۔



جو شخص کمر کے درد کے مارے بلبلا رہا ہو۔ یہ نقش معظم لکھ کر اور سات دفعہ آیت الکرسی پڑھ کر اس پر دم کر دے اور مریض کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ تعالےٰ بہت جلد صحت ہو جائے گی۔ بعد صحت اس تعویذ کو کپڑے میں لپیٹ کر چاہ ویران میں ڈال دینا چاہیئے۔

۷۔ آیت الکرسی کو بہ نیت ازالہ مرض کثرت سے پڑھنا۔ آیت الکرسی پڑھکر کھانے

پینے کی چیزوں پر دم کرنا۔ ہر مرض سے محفوظ رکھتا ہے۔ اگر کھانے سے قبل اور کھانا کھانے کے بعد تین چٹکیاں نمک کی کھالی جائیں اور کھانا کھانے سے قبل یا رزاق ۷ مرتبہ یا متین ۷ دفعہ پڑھ لیا جائے تو انشاء اللہ کوئی مرض پاس تک نہ پھٹکے گا۔

چیچک دور کرنے کے تعویذ

۱۔

محمد ۷۸۶ احمد

۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
یا رحیم	یا اللہ	ارحم
یا بصر	کیستر	اللہ

حمید حامد

پہلے پانچ دفعہ اس تعویذ کی نقل کر کے آٹے کی گولی میں لپیٹ کر آب رواں میں ڈال دے۔ پھر ایک نقل کر کے مریض کے گلے میں بندھوا دے۔ اس کے بعد جس کو ضرورت ہووے۔ صرف پانچ پیسے اس کی زکوٰۃ کے مقرر ہیں انشاء اللہ صحت کامل ہو جائے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۲۔

۳۰۱ ۳۷ ۱۴۰ ۱۸۳ ۱۲۳ ۸۳ ۱۱۱

۱۱۳۰۱ ۱۱۷ ۳۰۹ ۱۳۷ ۱۱۳۱۰ ۱۱۲۰ ۳۰۴۰ ۱۱۱ ع

۲۰۳۱ ل ۳۰ ۸ ۴ ۱۱۶ ۱۶ ۱۱۷ ۱۱۱۱ ۱۱۲ ۱۱۲۴ ۱۱۷ ۱۱م ۱۱ مو

۱۱۶ ۱۱۳ ۱۱رم ۲۱ رر ۱۲ رع ۳۰ ل ع ۴۱ ۴ ۲۷ ۴ ۱۱ عہ

۱۸۱ ۹ ۱۴ ۳۱ ار ۳ ۱۱۱ ۱۱۱۸ حہ

۱۲۱۱ ۱۲۶ رر ۱۴ ۳ د ۳ د ۳ ما ہ ۱۱۲ ۱۴ ۱۴ ۱ عہ

۱۱۲۱ ۱۱۱۱ ۱۲۴ رر ۱۱ ۱۱۴ عہ ۱۱

یہ نقش معظم چیچک، طاعون، ہیضہ۔ اور تمام وبائی امراض کے دور کرنے کے لیئے اکسیر ہے۔ یہ نقش آداب و تکریم اور پاکی و طہارت کے ساتھ مکان کو خوشبودار کرنے کے بعد لکھنا چاہیئے۔

آنکھوں کی بیماریوں کے دور کرنیکے وظیفے

۱۔ دو رکعت نماز نفل پڑھنے کے بعد سورہ اخلاص گیارہ دفعہ اوّل و آخر درود شریف گیارہ دفعہ، پھر اللہ الصمد ایک سو ایک دفعہ پڑھے ہاتھوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیرے۔ اگر اس وظیفے کا معمول رکھا جائے گا تو آنکھ کی تمام بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ۔

۲۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ ایک سو ایک مرتبہ سورہ فاتحہ تین مرتبہ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔ پانچ مرتبہ یا شافی اشف، یا رحیم ارحم، یا بصیر آنکھوں کو اچھا کر دے۔ تین مرتبہ کہکر آنکھوں پر دم کرے۔ اگر اس کا معمول کر لیا جائے تو عمر بھر کوئی آنکھوں کی بیماری لاحق نہ ہو یہ وظیفہ اور بیماریوں کے دور کرنے کے لیئے بھی مفید ہے۔

طاعون کی بلا سے محفوظ رہنے کی وظیفہ

۱۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ دَافِعِ الْبَلَاءِ وَالْوَبَاءِ وَالطَّاعُوْنِ وَمَوْتِ الْفُجَاءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۵۔

یہ دعا روزانہ تین دفعہ پڑھکر اپنے اوپر دم کرے اور کاغذ پر لکھ کر گھر کے

دروازہ پر چسپاں کر دے، انشاءاللہ طاعون کی بلا سے اور تمام وبائی امراض سے حفاظت رہے گی۔

۲۔ الٰہی بجرمت یملیخا، مکسلمینا، شلینا۔ برنوشس، و برنوش، شہر نوشش لشیعط، یونس۔ واسمہ کلبہم قطمیر و علی اللہ قصد السبیل و منہا جائر۔ کو لکھ کر گھر میں نمایاں جگہ یا مکان کے دروازہ پر چسپاں کر دے انشاءاللہ طاعون وغیرہ اور اس قسم کی جملہ بلاؤں سے حفاظت رہے گی۔

مرگی کے دور کرنے کے وظیفے

۱۔ جس نابالغ لڑکے یا لڑکی کو یہ عارضہ ہو اُسکی ماں کے قد کے برابر اکتالیس تار نیلے کچے سوت کے لیکر اکتالیس دفعہ سورہ مزمل پڑھے۔ ایک بار سورہ مزمل پڑھے۔ اور اس پر دم کر کے ایک گرہ لگائے۔ جب اکتالیس بار پڑھنے کے بعد یہ گنڈہ تیار ہو جائے تو اُس کو ایک کپڑے میں لپیٹ کر بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاءاللہ شفائے کلی حاصل ہو جائے گی۔ اگر لڑکے یا لڑکی کی ماں نہ ہو۔ یا جوان آدمی کو یہ مرض لاحق ہو تو خود مریض یا مریضہ کے قد کے برابر ڈورا ناپنا چاہیئے۔ اگر ماں ہو تو گنڈہ بچے کی ماں کے گلے میں باندھنا چاہیئے۔

۲۔ جو شخص مرگی کے دورہ میں مبتلا ہو گیارہ دفعہ آیت الکرسی پڑھ کر اُس پر دم کر دیا جائے۔ تو اُس کو ہوش آجائے گا۔

اثر زہر دور کرنے کیلئے وظیفہ

۱۔ اگر کسی شخص کو کسی دشمن نے زہر یا شیر کی مونچھ کا بال کھلا دیا ہو۔ تو اوّل درود

شریف پھر اکتالیس دفعہ سورہ مزمل شریف پھر ایک دفعہ درود شریف پڑھ کر شرینی پر دم کر کے اُسے کھلا دیا جائے۔ انشاءاللہ آرام ہو جائے گا۔

چوہے گیدڑ وغیرہ سے حفاظت کا

وظیفہ

اگر کسی کھیت یا مکان میں چوہے، کیڑے مکوڑے یا گیدڑ وغیرہ کی کثرت ہو۔ اور کھیت والے یا مکان والے کو اُس سے سخت تکلیف ہو اور کھیت یا مکان کے خراب ہونے کا اندیشہ ہو تو اُس تکلیف سے نجات پانے کی یہ ترکیب ہے کہ گائے کے چار سینگ لے کر اُن کو اندر سے صاف کر کے اُس میں روئی رکھے اور پھر الٰہی بحرمت یملیخا، یکسلمینا مثلینا، ہر نوش دیرنوش شہر نوش بشیعط یونس، واسم کلبہم قطمیر ایک کاغذ پر لکھ کر اُن سینگوں پر رکھے اور پھر اوپر سے روئی رکھے۔ اور اِن سینگوں کو کھیت کے چاروں گوشوں پر یا مکان کے چاروں کونوں میں الٹا گاڑ دے۔ انشاءاللہ بہت جلد یہ جانور ہلاک ہو جائیں گے۔ اور اُس کھیت یا مکان کو نقصان نہ پہنچا سکیں گے یہ عمل مہینہ کے شروع میں کرنا چاہیئے تو بہت زیادہ مفید ہے۔

متفرق اوراد و ظائف

سورہ مزمل کے وظیفے

جنات کو تابع کرنے کا وظیفہ

۱۔ یاایھا المزمل قم اللیل الا قلیلا نصفہ او انقص منہ قلیلا او زد علیہ ورتل القرآن ترتیلا ہ اس آیت شریف کو اگر کوئی شخص آدھی رات کو جمعہ کی شب میں پڑھے گا خداوند تعالے اس کی برکت سے بادشاہ جنات کو حاضر کرے گا اور جو کچھ اس سے طلب کیا جائے گا۔ وہ اسے جان و دل سے پورا کرے گا۔ یہ عمل نہا دھو کر کرنا چاہیئے۔

بچہ پیدا ہونے کا وظیفہ

۱۔ انا سنلقی علیک قولا ثقیلا۔ اس آیت شریفہ کو سات روز تک رکابی پر لکھ کر اپنے پانی کے برتن میں ڈالدے۔ سات روز تک اسی عمل کو کیا جائے۔ انشاء اللہ عقیمہ عورت کا مرض زائل ہو جائے گا اور خداوند تعالے اسے اپنی قدرت سے صاحب اولاد کر دے گا۔

دشمن کے مقہور ہونے کا وظیفہ

جو شخص مندرجہ بالا آیت شریفہ کو اتوار کے دن اکتالیس ۴۱ دفعہ پڑھ کر ایک کاغذ پر دشمن کا نام لکھے۔ اور کسی پرانی قبر میں دفن کر دے تو دشمن تباہ ہ

برباد ہوجائے گا۔

لڑکا پیدا ہونیکا وظیفہ

اِنَّا نَا شِئَۃَ الَّیْلِ ھِیَ اَشَدُّ وَطْاً وَّ اَقْوَمُ قِیْلاً ط۔ اگر کسی عورت کے بچہ نہ پیدا ہوتا ہو تو اس آیت شریفہ کو چاند کے ابتدائی ہفتہ میں سات دن تک روزانہ لکھ کر پانی میں گھول دے اور زنِ عقیمہ یعنی بانجھ عورت کو پلائے انشاء اللہ نرینہ اولاد پیدا ہوگی۔

تنگی رزق کے دور ہونے کا وظیفہ

اِنَّ لَکَ فِی النَّھَارِ سَبْحًا طَوِیْلاً ط۔ اگر کسی کو رزق کی تنگی رہتی ہو چاہیئے کہ اس آیت کو روزانہ دس مرتبہ پڑھے ایک مہینے کے اندر اندر وہ تنگی دور ہو جائے گی۔

نامردی کے دور ہونے کا وظیفہ

جو شخص نامرد ہو یا اُس کی قوت رجولیت کم ہوگئی ہو اس آیتہ شریفہ یعنی اِنَّ لَکَ فِی النَّھَارِ سَبْحًا طَوِیْلاً ط کو روزانہ رات کیوقت ایک ہزار دفعہ پڑھے۔ ایک ہفتہ بھی گذرنے نہ پائے گا۔ کہ قدرت الٰہی کا ظہور ہوگا۔ اور اُس کا مرض انشاء اللہ دور ہو جائے گا۔

ذہن کی ترقی کا وظیفہ

وَاذْکُرِ اسْمَ رَبِّکَ وَتَبَتَّلْ اِلَیْہِ تَبْتِیْلاً ط جیسے کُند ذہنی کی وجہ سے علم کے حاصل کرنے میں دشواریاں پیش آتی ہوں اُسے چاہیئے کہ اس آیت

کو ہر روز گیارہ بار پڑھ لیا کرے ذہن کھل جائے گا۔ علم حاصل ہوگا اور دولت مندی نصیب ہوگی۔ انشاء اللہ۔

مفلسی کے دور ہونے کا وظیفہ

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ○ جو شخص اس آیت شریفہ کو تونگری حاصل ہونے اور مفلسی دور کرنے کی غرض سے پڑھے گا اللہ تعالیٰ بادشاہِ جنات کو حکم دے گا کہ عامل کی خدمت میں حاضر ہو جو کچھ اُسے حکم دیا جائے گا وہ اسکی تعمیل کرے گا۔

قید سے آزاد ہونیکا وظیفہ

وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ط۔ جو شخص اس آیت شریفہ کو ایک سو پچاس مرتبہ پڑھے گا۔ اللہ تعالےٰ اُسے قید سے رہائی عطا فرمائے گا۔ یہاں تک کہ اُسکے ہاتھ پیر کی زنجیریں خود بخود کھل جائیں گی۔ اگر قیدی کا کوئی قریبی عزیز وار قیدی کی طرف سے اس آیت کو اسی تعداد میں پڑھے گا۔ جب بھی قیدی کو آزادی حاصل ہو جائے گا۔

بدنصیبی دور ہونے کا وظیفہ

وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِى النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ میرا نصیبہ کھل جائے تو اُسے چاہیے کہ اس آیت کو ہر روز بعد نماز عشاء سو دفعہ پڑھ لیا کرے ایک مہینے بھی نہ گذرنے پائے گا کہ اللہ اُسکی قسمت کھول دے گا۔

کشائش رزق کا وظیفہ

اِنَّ لَدَیْنَآ اَنْکَالًا وَّجَحِیْمًا وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِیْمًا ط

جو شخص روزانہ اس آیت کو سو دفعہ پڑھے گا۔ دنیا میں اس کا رزق فراخ ہو جائے گا۔ قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا۔ اور اسے دوزخ کے عذاب سے نجات حاصل ہو گی۔

کھیتی کی حفاظت کا وظیفہ

یَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَکَانَتِ الْجِبَالُ کَثِیْبًا مَّهِیْلًا ٥

اگر کسی کی زراعت میں نقصان ظہور پذیر ہو یا درختوں کو کیڑا لگ جاتا ہو تو یہ آیت لکھ کر لگا دے جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ درختوں کو کیڑوں کی تباہی سے اور زراعت کو نقصان سے حفاظت حاصل ہو جائے گی۔

جن بھوت کے دور ہونے کا وظیفہ

اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَیْکُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا عَلَیْکُمْ کَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰی فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا

اگر کسی شخص پر دیو پری جن بھوت شیطان کا اثر ہو تو اس آیت شریفہ کو پڑھ کر اس پر دم کر دیا جائے۔ اور لکھ کر مریض کے گلے میں باندھ دیا جائے انشاء اللہ ان آفات سے نجات مل جائے گی۔

مصیبتوں سے آزاد ہونے کا وظیفہ

اگر چار سیر پانی اور ایک کاغذ پر فرعون اور ایک کاغذ پر

قارون اور ایک کاغذ پر ابلیس لکھ کر ایک دیگچہ میں ڈال دیا جائے اور دیگچہ کو چولھے پر رکھ کر آگ سلگا دی جائے اور ہزار دفعہ اس آیت کو پڑھ کر آتش پر دم کیا جائے۔ انشاء اللہ مصیبتوں سے نجات مل جائے گی۔ جنوں کا بادشاہ حاضر ہو کر جو کچھ حکم دیا جائے گا۔ اُس کی فرمانبرداری کرے گا۔

دشمن کو برباد کرنے کا وظیفہ

فَکَیۡفَ تَتَّقُوۡنَ اِنۡ کَفَرۡتُمۡ یَوۡمًا یَّجۡعَلُ الۡوِلۡدَانَ شِیۡبًا نِ السَّمَآءُ مُنۡفَطِرٌۢ بِهٖ کَانَ وَعۡدُهٗ مَفۡعُوۡلًا ۔

جو شخص اپنے دشمن کے گھر کو ویران اور اپنے دشمن کو پریشان کرنا چاہتا ہے اُسے چاہیئے کہ کسی قسم کے سات پھول اپنے ساتھ لے کر اتوار کے دن قبرستان میں جائے اور ہزار بار اس آیت شریفہ کو پڑھ کر اُن پھولوں پر دم کرے۔ ایک پھول اپنے پاس رکھے اور تین دشمن کے مکان کی مشرقی جانب اور تین مغربی جانب ڈال دے۔ انشاء اللہ ستر برس تک وہ گھر ویران اور برباد رہے گا۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ قَہَّارٌ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ جَبَّارٌ وَّالسُّلۡطَانُ الۡمُرۡتَضٰی اَیَّنَہٗ بھی ایک ہزار دفعہ ضرور پڑھنا چاہیئے۔

گم شدہ کے حاضر ہونیکا وظیفہ

اِنَّ هٰذِهٖ تَذۡکِرَۃٌ فَمَنۡ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰی رَبِّهٖ سَبِیۡلًا ۵

اگر کوئی عزیز یا ملاقاتی گم ہو گیا ہو اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو اس آیت کو ایک ہزار دفعہ پڑھ کر چاروں طرف دم کر دینا چاہیئے اور ایک کاغذ پر یہ شریفہ لکھ کر یہ عبارت لکھے یا الٰہی بحرمت مزمل فلاں بن فلاں زود تر حاضر

گردو فلاں بن فلاں کی جگہ گم شدہ کا نام لکھے، انشاءاللہ گم شدہ جہاں کہیں بھی ہوگا۔ اس کا قدم آگے نہیں اٹھے گا۔ اور فوراً حاضر ہوجائیگا۔ یہ عمل ہر گم شدہ اور مفرور کے لیے کام دیتا ہے۔

محبّت و تسخیر کا وظیفہ

اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَ ثُلُثَهٗ وَطَائِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ

جو شخص اس آیت شریفہ کو تین دن تک روزانہ پڑھا کرے گا۔ مخلوق خدا اس پر مہربان ہوجائے گی، اگر اس آیتہ شریفہ کو اکتالیس دفعہ پڑھ کر کسی شرینی پر دم کیا جائے اور میاں بیوی کو وہ شرینی کھلا دیجائے تو دونوں نیں بے انتہا، محبت ہوجائے گی۔

ہر حاجت کے پورا ہونے کا وظیفہ

عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ۝

آدھی رات کے بعد پہلے ایک ہزار دفعہ درود شریف پڑھنا چاہیئے۔ پھر اکتالیس دفعہ اس آیتہ شریفہ کو تلاوت کر کے دعا مانگنی چاہیئے۔ انشاءاللہ جو مراد ایزد اقدس مانگی جائے گی۔ وہ پوری ہوگی۔

دشمن کو ہلاک کرنے کا وظیفہ

عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِى الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا

حَسَنًا وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ۵ هُوَ خَيْرًا وَّ اَعْظَمَ اَجْرًا وَّاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ الرَّحِيْمُ ۵۔

اگر کوئی شخص دشمن کو ہلاک کرنا چاہتا ہے تو اُسے چاہیئے کہ آٹے کا ایک پتلا بنائے اور یہ آیت ایک کاغذ پر لکھ کر اُس پتلے کے پیٹ میں داخل کر دے۔ پھر اُسے کفن پہنائے اور دفن کر دے۔ یہ عمل اتوار کے دن کرنا چاہیئے ایک ہفتہ بھی گذرنے نہیں پائے گا کہ اُس کا دشمن ہلاک ہو جائے گا۔ اس کے بعد پھر اُس پتلے کو جس گڑھے میں دفن کیا ہے وہاں سے نکالے اور اُس کا اُلٹ کاٹ ڈالے اُس کا لڑکا مقہور ہو جائے گا۔ دونوں ہاتھ کاٹ ڈالے اُس کے بھائی مصیبت میں پھنس جائیں گے اُس کے پاؤں کاٹ ڈالے اسکی بیوی پریشانیوں میں مبتلا ہو جائے گی یہ عمل جائز صورت میں کرنا چاہیئے۔

پانچوں وقتوں کے وظیفے

جو صبح کی نماز کے وقت سنتوں اور فرضوں کے درمیان اکتالیس مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۰ الحمد للہ رب العٰلمین۔ آخر تک پڑھے گا اُس کی ہر مُراد پوری ہو جائے گی۔ جو شخص فرضوں کے بعد یا عزیز یا اللہ ایک سو ایک دفعہ روزانہ پڑھا کرے گا۔ اُس کی عزت دوستوں اور بزرگوں میں بڑھ جائے گی۔ جو شخص یا فتاح یا کافی یا غنی یا رزاق 99 دفعہ پڑھے گا۔ اُس کے روزگار میں ترقی ہوگی۔

ظہر کی نماز کے وقت یا کریم یا اللہ ایک سو ایک دفعہ روزانہ پڑھنے سے بڑی بڑی برکتیں حاصل ہوتی ہیں۔

یاحی یاقیوم برحمتک استغیث ایک دفعہ پڑھنے سے ہر قسم کی مشکلیں آسان ہوتی ہیں۔ پڑھ کر بیمار پر دم کردے تو انشاء اللہ صحت حاصل ہوجائے گی

عصر کی نماز کے وقت کے یَا جَبَّارُ یَا اللہُ ایک سو ایک دفعہ پڑھنے سے دشمن مغلوب ہوتا ہے۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ خَالِصًا وَّمُخْلِصًا ۷۵ مرتبہ تصور مطلوب کر کے ساتھ پڑھنے سے مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہوتی ہے۔

مغرب۔ کی نماز کے وقت یَا سَتَّار یا اللہ ایک سو ایک مرتبہ پڑھنے سے گناہ معاف ہوتے ہیں۔ اور خدا کے غیر منقوطہ اسماء پڑھنے سے مخلوق الٰہی میں ہر دلعزیز بن جاتا ہے۔ غیر منقوطہ اسماء سے مراد جناب باری کے وہ نام ہیں۔ جن میں نقطے نہ ہوں جیسے وَدُوْدُ صَمَدُ۔ اَحَدُ وغیرہ اور لَا اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ الْوَاسِعُ الْوَدُوْدُ ایک سو دس بار روزانہ بعد مغرب پڑھنے سے رزق میں وسعت ہوتی ہے۔

عشاء کی نماز کے وقت یَا غَفَّارُ یَا اَللہُ ایک سو ایک مرتبہ پڑھنے سے رزق میں تنگی نہیں ہوتی۔ لَا یُجَلِّیْہَا لِوَقْتِہَا اِلَّا ہُوَ ط سو دفعہ پڑھنے سے بڑی بڑی برکتیں اور نعمتیں حاصل ہوتی ہیں۔

آگ کے بجھ جانے کا وظیفہ

اگر کسی جگہ آگ لگ جائے تو سات پاک ٹھیکریاں لے اور الٰہی بحرمت یملیخا۔ یکسلمنا۔ مثلینا، ہبرنوش وبرنوش، اشہرنوش۔ تیشعط۔ یونس واِسْمُ کلبہم قطمیا سات سات مرتبہ پڑھے۔ اور ایک ایک پر دم کرے اور آگ کی طرف پھینک دے۔ یہ سات ٹھیکریاں پھینکنے بھی نہ پائے گا۔ کہ انشاء اللہ آگ، کے بھڑکتے ہوئے شعلے سرد پڑ جائینگے۔

نماز قضائے عمری کی ترکیب

کرنا پڑتا ہے اور کھانے پینے میں احتیاط کی جاتی ہے جسے ترک جلالی و جمالی کہتے ہیں اور ایک جنس غلہ کی بے نمک یے دودھ مٹھائی وغیرہ کھانا ہے اور کپڑا ایک مثل احرام کے استعمال کرنا ہے۔ اور ہر روز غسل مگر سردی میں سینکنا یا ہاتھ تاپنا یا آگ پاس رکھنا مضائقہ نہیں ہے۔ ایسا ہی کمبل، رضائی اوڑھنے میں بھی حرج نہیں۔ مگر اس کے لئے کوئی وقت معین نہیں۔ گرمی کے موسم میں کرلے کہ یہ تکلف کرنا نہ پڑے۔ اعتکاف کے لئے سامان بعد العصر کرلیں اور قبل غروب اعتکاف میں بیٹھ جائیں اور آخر اس کا بعد غروب تیسرے دن یا گیارہویں دن ہوگا۔ تعداد معیّن تمام شب و روز میں پوری کرے مگر (تین دن کے اعتکاف میں) ایک سو بیس (۱۲۰) بار روز پڑھنے میں فرصت نہیں ملتی کہ کچھ کرسکے۔ بعد سونے اور حاجت ضروری اور وظیفہ معمولی بہت قلیل وقت اسے پڑھ کر بچتا ہے۔ ترکِ جلالی و جمالی میں احتیاط ہونی چاہئے۔ کھڑاؤں کھونٹی دار پہنیں، تہبند اور چادر خواہ سلی ہوں جدا جدا برابر پہنیں۔ مقصد یہ ہے کہ چادریں بشکلِ کفن ہوں سلی ہوں یا نہ ہوں۔ جانماز (مصلّٰی) کا سِلا ہوا ہونا کچھ حرج نہیں ہے۔ ایسے ہی بچھونا (بسترہ) وغیرہ ہے۔

اعتکاف میں بیٹھنا، لیٹنا، سونا، اعتکاف کی جگہ میں ہونا چاہیئے کیونکہ خلوت مقصود ہے۔ بے ضرورت باہر نہ نکلے۔

دوسرا طریقہ خاص صفر کے مہینے میں تین دن کا اعتکاف اور تین بار ہر روز پڑھنا ہے۔ اس میں کچھ شرط نہیں البتہ کھانے میں ترکِ لذات یعنی نمک مٹھائی وغیرہ بہتر ہے ضروری نہیں۔ البتہ سُبحان اللہ سوا لاکھ (ایک لاکھ پچیس ہزار) مرتبہ پڑھنا ان دنوں میں بہتر ہے تاکہ وقت بیکار نہ جائے اور اثر ہو۔ رات کو کچھ جاگنا اور سونا معین نہیں۔ اپنے معمول کے مطابق سوتا جاگتا رہے۔

تیسرا طریقہ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ مدام (ہمیشہ) پڑھتے رہنا ہے۔ اس طرح برس دن (ایک سال) میں زکوٰۃ ہو جاتی ہے۔

حاجت اعتکاف وغیرہ نہیں ہے اور یہ قاعدہ عام ہے کہ جب حزب البحر کو چند بار پڑھنا ہوتا ہے خواہ زکوٰۃ میں یا عمل میں تو ایک بار اشارات اور مکرر پڑھنا حسب معمول امور ادا کرتے ہیں۔ باقی میں بدون تکرار و اشارہ وغیرہ کے پڑھ لیتے ہیں۔ چراغ جلانے اور خوشبو لگانے میں کچھ مضائقہ نہیں۔ ان ترکیبوں میں نہ حصار کی حاجت ہے نہ خوف رجعت کا ہے، نہ کسی قسم کی خوف اور دہشت ہے۔ درود شریف ہر وظیفہ کے اول و آخر میں تین بار یا سات بار یا گیارہ بار پڑھ لینا بہتر اور افضل ہے

اعتصام حزب البحر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اِعْتَصَمْتُ بِاللّٰہِ الْفَتَّاحِ الْقَابِضِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ
السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَّفْسِیْ وَ
سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ
لِلْعَطْشَانِ (یہ تین بار پڑھے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ (یہ سات بار پڑھے

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝

اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ
اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ ۝ لا غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ
وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ۝ اٰمِيۡن۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۚ لَا تَاۡخُذُهٗ
سِنَةٌ وَّلَا نَوۡمٌ ط لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ ط
مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَهٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ ط یَعۡلَمُ مَا
بَیۡنَ اَیۡدِیۡهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡ ج وَلَا یُحِیۡطُوۡنَ
بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرۡسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ
وَالۡاَرۡضَ ج وَلَا یَـُٔوۡدُهٗ حِفۡظُهُمَا ج وَهُوَ الۡعَلِیُّ
الۡعَظِیۡمُ ۝ لَآ اِکۡرَاهَ فِی الدِّیۡنِ ج قَدۡ تَّبَیَّنَ
الرُّشۡدُ مِنَ الۡغَیِّ ج فَمَنۡ یَّکۡفُرۡ بِالطَّاغُوۡتِ
وَیُؤۡمِنۡۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسۡتَمۡسَکَ بِالۡعُرۡوَةِ الۡوُثۡقٰی ج
لَا انۡفِصَامَ لَهَا ط وَاللّٰهُ سَمِیۡعٌ عَلِیۡمٌ ۝ اَللّٰهُ
وَلِیُّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا یُخۡرِجُهُمۡ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوۡرِ وَالَّذِیۡنَ
کَفَرُوۡۤا اَوۡلِیٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوۡتُ یُخۡرِجُوۡنَهُمۡ مِّنَ
النُّوۡرِ اِلَی الظُّلُمٰتِ ط اُولٰٓئِکَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ج

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ ع ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ
بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ لا
وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ
غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ط يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ
الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ط قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ط يُخْفُوْنَ
فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ط يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا
مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ط قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ
بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ج
وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ
قُلُوْبِكُمْ ط وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ مُحَمَّدٌ
رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ
بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ
اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ز سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ
السُّجُوْدِ ط ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ صلے وَمَثَلُهُمْ فِي
الْاِنْجِيْلِ ج كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْئَهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى
عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ط وَعَدَ اللّٰهُ

الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا
عَظِیْمًا ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ
الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ
الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ
الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ
اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ
الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ؕ یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝

الف	با	تا	ثا	جیم	حا	خا	دال	ذال	را	زا	سین
ا	ب	ت	ث	ج	ح	خ	د	ذ	ر	ز	س

شین	صاد	ضاد	طا	ظا	عین	غین	فا	قاف	کاف
ش	ص	ض	ط	ظ	ع	غ	ف	ق	ک

لام	میم	نون	واؤ	ہا	یا
ل	م	ن	و	ہ	ی

ایک سانس میں پڑھے

رَبِّ یَسِّرْ وَسَهِّلْ وَلَا تُعَسِّرْ عَلَیْنَا یَا رَبِّ

اس کے بعد یہ دعائے حزب البحر پڑھے۔

دُعائے حزبُ البحرِ ط

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ
يَا حَلِيْمُ يَا عَلِيْمُ اَنْتَ رَبِّيْ وَعِلْمُكَ حَسْبِيْ
فَنِعْمَ الرَّبُّ رَبِّيْ وَنِعْمَ الْحَسْبُ حَسْبِيْ تَنْصُرُ
مَنْ تَشَآءُ وَاَنْتَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ○ اَللّٰهُمَّ اِنَّا
نَسْئَلُكَ الْعِصْمَةَ فِي الْحَرَكَاتِ وَالسَّكَنَاتِ وَ
الْكَلِمٰتِ وَالْاِرَادَاتِ وَالْخَطَرَاتِ مِنَ الظُّنُوْنِ
وَالشُّكُوْكِ وَالْاَوْهَامِ السَّاتِرَةِ لِلْقُلُوْبِ عَنْ
مُّطَالَعَةِ الْغُيُوْبِ وَقَدِ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَ
زُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ط اس جگہ دائیں ہاتھ کی انگلی
سبّابہ (انگوٹھے کے برابر والی کلمے کی انگلی) سے آسمان کی طرف اشارہ کرے
وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ
مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اِلَّا غُرُوْرًا ط فَثَبِّتْنَا (تین بار)
مطلب اور مقصد اپنے خیال میں رکھے اور اس جگہ یہ دعا پڑھے

عَلٰی اُمُوْرِ الشَّرِیْعَۃِ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ عَزِیْزًا فِیْ
اَعْیُنِ النَّاسِ وَذَلِیْلًا فِیْ عَیْنِیْ وَانْصُرْنَا (تین بار)
اور مقصد کا خیال دل میں رکھے عَلٰی جَمِیْعِ الْخَلَآئِقِ وَسَخِّرْ
لَنَا ھٰذَا الْبَحْرَ کَمَا سَخَّرْتَ الْبَحْرَ لِسَیِّدِنَا مُوْسٰی
عَلَیْہِ السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ النَّارَ لِسَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ
عَلَیْہِ السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ الْجِبَالَ وَالْحَدِیْدَ لِسَیِّدِنَا
دَاوٗدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ الرِّیَاحَ وَالشَّیٰطِیْنَ
وَالْجِنَّ وَالْاِنْسَ لِسَیِّدِنَا سُلَیْمٰنَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ
سَخَّرْتَ الْمُلْکَ وَالْمَلَکُوْتَ وَالْعَوَالِمَ کُلَّھَا
لِسَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا وَشَفِیْعِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ عَلَیْہِ
الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ وَسَخِّرْ لَنَا
کُلَّ وَزِیْرٍ وَّاَمِیْرٍ وَّرَعِیَّۃٍ وَّسَخِّرْ لَنَا کُلَّ بَرٍّ وَّفَاسِقٍ وَّفَاجِرٍ
وَسَخِّرْ لَنَا کُلَّ بَحْرٍ ھُوَ لَکَ فِی الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ
وَالْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْتِ وَبَحْرِ الدُّنْیَا وَبَحْرِ الْاٰخِرَۃِ وَسَخِّرْ
لَنَا کُلَّ شَیْءٍ یَامَنْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ بِحَقِّ
کٓھٰیٰعٓصٓ (تین بار پڑھے۔ دونوں ہاتھوں کی انگلیاں

چھنگلیا (سب سے چھوٹی انگلی) سے ترتیب وار بند کرے اور دوسری بار بالترتیب کھولے اور تیسری بار بالترتیب بند کرلے)

فَانْصُرْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ ۝ (دونوں انگوٹھوں کو کھولے)

وَافْتَحْ لَنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ ۝ (دونوں سبابہ (کلمہ والی) انگلیاں کھولے)

وَاغْفِرْ لَنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ ۝ (دونوں درمیانی انگلیاں کھولے)

وَارْحَمْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ ۝ (دونوں بنصر (چھنگلیا) کے برابر والی انگلیاں کھولے)

وَارْزُقْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ (دونوں چھوٹی چھنگلیا انگلیاں کھول دے)

وَاحْفَظْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْحَافِظِيْنَ ۝ دونوں کو سر کے اوپر سے لیکر پاؤں تک لے جائے) وَاهْدِنَا وَنَجِّنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝

وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رِيْحًا طَيِّبَةً كَمَا هِيَ فِيْ عِلْمِكَ وَانْشُرْهَا عَلَيْنَا مِنْ خَزَائِنِ رَحْمَتِكَ ۝

(نظر آسمان کی طرف کرے) وَاحْمِلْنَا بِهَا حَمْلَ الْكَرَامَةِ

مَعَ السَّلَامَةِ وَالْعَافِيَةِ فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ط اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ لَنَا اُمُوْرَنَا

(تین بار دل میں اپنے مطلب کا تصوّر کرے)

مَعَ الرَّاحَةِ لِقُلُوْبِنَا وَاَبْدَانِنَا وَالسَّلَامَةِ وَالْعَافِيَةِ فِيْ دِيْنِنَا وَدُنْيَانَا وَكُنْ لَّنَا صَاحِبًا فِيْ سَفَرِنَا وَ خَلِيْفَةً فِيْ اَهْلِنَا وَمُعِيْنًا وَّحَامِيًا فِيْ حَضَرِنَا وَاطْمِسْ عَلٰى وُجُوْهِ اَعْدَآئِنَا ۝ (تین بار دونوں ہاتھ زور سے زمین پر مارے اور مقہوری اعدار کا خیال کرے)

وَامْسَخْهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ (تین بار دونوں ہاتھ زمین پر مارے اور مقہوری اعداء کا خیال کرے)

فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ الْمُضِيَّ وَلَا الْمَجِيْٓءَ اِلَيْنَا وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ۝ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ۝ يٰسٓ ۝ يٰسٓ ۝ يٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ لا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ تَنْزِيْلَ

الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۙ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ
اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ
عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّا جَعَلْنَا
فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ
فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ
سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ
لَا يُبْصِرُوْنَ ۝ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ (تین بار دونوں ہاتھ
زور سے زمین پر مارے اور دشمن کی تباہی کا تصور کرے)
لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ۝
(تین بار دونوں ہاتھ دشمن کی طرف مارے اور پھونک مارے)
طٰهٰ طٰسٓمٓ ۝ دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو ترتیب سے
بند کرے۔ یعنی پہلے سب سے چھوٹی پھر اس کے بعد والی
پھر اس کے بعد والی پھر کلمے والی پھر انگوٹھا) حٰمٓ
عٓسٓقٓ ۝ دونوں ہاتھیوں کی انگلیوں کو ترتیب سے کھولے
پہلے دونوں انگوٹھے کھولے اس کے بعد کلمے کی انگلیاں اس
کے بعد برابر والی اس کے بعد اس کے برابر والی، آخر میں سب

سے چھوٹی انگلی کھولے) مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ٥ حٰمٓ (اپنے سامنے منہ کے کہے) حٰمٓ، اپنی پیٹھ کے پیچھے منہ کر کے کہے حٰمٓ، دائیں طرف منہ کر کے کہے حٰمٓ، بائیں طرف منہ کر کے کہے حٰمٓ، اوپر منہ کر کے کہے حٰمٓ، نیچے کی طرف منہ کر کے کہے۔ چھ مرتبہ حٰمٓ کے بعد یہ دعا پڑھے دَفَعْتُ بِاَمْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى كُلَّ بَلَآءٍ وَّقَضَآءٍ يَجِيْءُ مِنْ هٰذِهِ الْجِهَاتِ السِّتَّةِ تَاٰمَنُ بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى مِنْ جَمِيْعِ الْاٰفَاتِ وَالْعَاهَاتِ حٰمٓ (ساتویں بار حٰمٓ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر پھونک مار کر اپنے چہرے اور بدن پر سر سے پاؤں تک پھیر لے اور اگر دشمن کی مقہوری اور اس کے زیر کرنے کے لئے پڑھ رہا ہے تو چھٹی مرتبہ حٰمٓ پڑھنے کے بعد مقہوری اعداء کی دعا بھی کرے)

حٰمٓ الْاَمْرُ وَجَآءَ النَّصْرُ فَعَلَيْنَا لَا يُنْصَرُوْنَ ٥

حٰمٓ ٥ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ٥ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ

ذِ الطَّوْلِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ○ بِسْمِ اللّٰهِ بَابُنَا تَبَارَكَ حِيْطَانُنَا يٰسٓ سَقْفُنَا (دائیں ہاتھ کی انگلیاں ترتیب سے بند کرکے اس طرح کہ سب سے چھوٹی انگلی سب سے پہلے اور انگوٹھا سب سے آخر میں)

كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتُنَا حٰمٓ ○ عٓسٓقٓ ○ (بائیں ہاتھ کی انگلیاں ترتیب سے بند کرے اس طرح کہ سب سے چھوٹی انگلی سب سے پہلے اور انگوٹھا سب سے آخر میں)

حِمَايَتُنَا اٰمِيْنَ (تین بار کہے) فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ط وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ (ایک بار انگلیاں دونوں ہاتھ کی کھولے انگوٹھے سمیت)

سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا وَعَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا وَبِحَوْلِ اللّٰهِ لَا يُقْدَرُ اَحَدٌ عَلَيْنَا وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ○ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ط فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ○ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا ط فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا ط فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا ط وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○ اِنَّ وَلِيِّ َ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ

وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ۝ (سات بار پڑھے)
فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط
عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ (سات
بار پڑھے) بِسْمِ اللّٰهِ الشَّافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الْكَافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الْمُعَافِيْ
بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ
وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ (تین بار پڑھے)
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط
(تین بار پڑھے) وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ
وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝ بِرَحْمَتِهٖ وَهُوَ
اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ
عَلَى النَّبِيِّ ط يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ
سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ ۝

دعائے وسیلہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

يَا اَللّٰهُ (تین بار پڑھے) يَا نُوْرُ (تین بار پڑھے)

يَا اَللّٰهُ يَا نُوْرُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ اَكْسِنِيْ مِنْ نُّوْرِكَ وَعَلِّمْنِيْ مِنْ عِلْمِكَ وَفَهِّمْنِيْ مِنْ عِنْدِكَ وَاَسْمِعْنِيْ مِنْكَ وَاَبْصِرْنِيْ بِكَ وَاَقِمْنِيْ بِشُهُوْدِكَ وَعَرِّفْنِيْ الطَّرِيْقَ اِلَيْكَ وَهَوِّنْ عَلَيَّ بِفَضْلِكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ يَا سَمِيْعُ يَا عَلِيْمُ يَا حَلِيْمُ يَا عَظِيْمُ يَا عَلِيُّ اِسْمَعْ دُعَآئَنَا وَ نِدَآئَنَا بِخَصَآئِصِ لُطْفِكَ اٰمِيْنَ ۝ اٰمِيْنَ ۝ اٰمِيْنَ ۝ اٰمِيْنَ ۝ ہر آمین پر دونوں ہاتھ آہستہ سے زمین پر مارے اور اپنے مطلب کا خیال کرے۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ (تین بار) يَا عَظِيْمَ السُّلْطَانِ يَا قَدِيْمَ الْاِحْسَانِ ۝ يَا دَآئِمَ النِّعَمِ ۝ يَا بَاسِطَ الرِّزْقِ يَا وَاسِعَ الْعَطَايَا يَا دَافِعَ الْبَلَايَا يَا سَامِعَ الدُّعَآءِ ۝ يَا حَاضِرًا لَّيْسَ بِغَآئِبٍ ۝ يَا مَوْجُوْدًا عِنْدَ الشَّدَآئِدِ يَا خَفِيَّ اللُّطْفِ يَا لَطِيْفَ الصُّنْعِ يَا مُجْمِلَ السِّتْرِ ۝ يَا حَلِيْمًا لَّا يَعْجَلُ ۝ يَا كَرِيْمًا

لَا يَبْخَلُ ٥ اِقْضِ حَاجَتِيْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ٥ (تین بار پڑھے) يَا مُجِيْبُ يَا مُجِيْبُ يَا مُجِيْبُ اَجِبْ دَعْوَتِيْ وَاقْضِ حَاجَاتِيْ وَاغْفِرْ حُوْبَتِيْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ٥ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ (اس کے بعد یہ وسیلہ پڑھے)

يَا حَفِيْظُ نوسو اٹھانوے (۹۹۸) بار یا ایک سو سات (۱۰۷) بار یا سترہ (۱۷) بار یا نو (۹) بار پڑھے۔

(اس کے بعد یہ وسیلہ پڑھے) اِلٰهِيْ تَوَسَّلْتُ بِكَرَمِكَ الْخَفِيِّ اِلٰهِيْ تَوَسَّلْتُ بِهٰذَا الْحِرْزِ الْاَعْظَمِ اَنْ تَقْضِيْ جَمِيْعَ حَاجَاتِيْ وَمُرَادَاتِيْ وَاَنْ تَدْفَعَ شَرَّ جَمِيْعِ اَعْدَآئِيْ وَحُسَّادِيْ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْوَحَا ٥ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ بِحَقِّ اِهْيًا اَشْرَاهِيًا اَجِبْ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ٥ يَا مُجِيْبُ يَا مُجِيْبُ يَا مُجِيْبُ ط

اَدْعِیَۂ مقہوریِٔ اَعْداء

اَللّٰهُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ وَلَا تُهْلِكْنَا بِعَذَابِكَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ لَا تُؤَاخِذْنَا بِسُوْءِ اَعْمَالِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَكُفَّ اَيْدِی الظّٰلِمِيْنَ عَنَّا يَا حَفِيْظُ اِحْفَظْنَا وَيَسِّرْ اُمُوْرَنَا وَحَصِّلْ مُرَادَنَا وَتَمِّمْ تَقْصِيْرَنَا وَاشْفِنَا وَاشْفِ مَرْضَانَا وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا وَاَهْلِكْ اَعْدَآنَا اَللّٰهُمَّ قَهِّرْ اَعْدَآئِیْ وَشَتِّتْ شَمْلَهُمْ وَفَرِّقْ جَمْعَهُمْ وَمَزِّقْ دِيَارَهُمْ وَقَلِّبْ تَدْبِيْرَهُمْ وَخَرِّبْ بُنْيَانَهُمْ وَبَدِّلْ اَحْوَالَهُمْ وَقَرِّبْ اٰجَالَهُمْ وَقَصِّرْ اَعْمَارَهُمْ وَشَغِّلْهُمْ بِاَبْدَانِهِمْ وَخُذْهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ۝ يَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَا قَاهِرُ يَا قَهَّارُ تَقَهَّرْتَ بِالْقَهْرِ وَالْقَهْرُ فِیْ قَهْرِكَ يَا قَهَّارُ ۝

حزب البحر کی زکوٰۃ کے دیگر طریقے

دعائے حزب البحر تمام دینی و دنیوی حاجات کے واسطے نہایت مجرب اور اکسیر ہے اور اس کی دعوت (زکوٰۃ) کے تین طریقے ہیں۔

پہلا طریقہ دعائے حزب البحر کی زکوٰۃ کا پہلا طریقہ یہ ہے کہ ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے اور اعتکاف، تنہائی اور اس دوران روزہ رکھے اور صرف ایک اناج استعمال کرے۔ گھی، دودھ، مٹھائی، تیل کے پکوان، دہی، کھیر، کچی مٹھائی۔ ہر قسم کا گوشت سوائے بکرے کے غیر کے گھر کا کھانا موتا میں نہ جائے جس کے گھر بچہ پیدا ہوا ہے چالیس دن زچہ خانہ میں نہ جائے۔ چمڑے کا ڈول کنوئیں سے پانی نکالنے کے لئے استعمال نہ کرے۔ چمڑے کی مشک کا پانی نہ پیئے۔ چمڑے کی جوتی نہ پہنے۔ چمڑے میں سلا ہوا تعویذ نہ پہنے، چمڑے کی ڈوری یا رسی استعمال نہ کرے۔ بدھ، جمعرات اور جمعہ تین دن کا اعتکاف کرے اور اعتکاف

کی جگہ عطر چھڑکے، لوبان جلائے اور نیا چاند دیکھنے کے بعد اعتکاف کرے۔ جگہ، کپڑے، جسم، بستر سب پاک اور صاف ہوں۔ اس دعائے حزب البحر کو مع دعائے اعتصام واختتام ووسیلہ کے بلحاظ ارشادات تین روز تک ہر روز ایک سو بیس (۱۲۰) بار پڑھے اور اسی تعداد میں یعنی ایک سو بیس (۱۲۰) بار درود شریف پڑھے۔ مگر تیسرے روز ایک سو پچیس (۱۲۵) بار پڑھے تاکہ پوری تعداد تین سو پینسٹھ (۳۶۵) کی ہو جائے۔ اعتکاف کے لئے منگل کے دن بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے اعتکاف کی جگہ میں چلا جائے۔

حزب البحر کی زکوٰۃ کا دوسرا طریقہ

حزب البحر کی زکوٰۃ کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ تمام شرائط اوپر بیان کی گئی کے مطابق چھ دن میں پورا کرے یعنی ہر روز ساٹھ (۶۰) بار اور چھٹے روز پینسٹھ (۶۵) بار پڑھے۔

تیسرا طریقہ زکوٰۃ کا

تیسرا طریقہ حزب البحر کی زکوٰۃ کا یہ ہے کہ تمام اوپر والی شرائط کے ساتھ بارہ روز میں زکوٰۃ ادا کرے

ہر روز تیس (۳۰) بار اور آخری روز پینتیس (۳۵) بار اور سب سے زیادہ آسان طریقہ یہ ہے کہ بعد حصولِ اجازت (یعنی کسی بزرگ سے حزب البحر پڑھنے کی اجازت لیکر) ہر روز بلا ناغہ بعد نمازِ فجر اور بعد نمازِ عصر ایک ایک بار نہایت توجہ اور احتیاط سے پڑھ لیا کرے اور کبھی ناغہ نہ کرے۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد جس مطلب یا مقصد کے لئے پڑھنا چاہے انہی تمام اوپر کی شرائط کا لحاظ کر کے اعتکاف کرے تین رات دن پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ تمام مشکلات آسان ہو جائیں گی۔ مگر شرط یہ ہے کہ جس مطلب کے لئے پڑھے اسی مضمون کے فقرہ پر خیال کر کے پڑھتے وقت اسی کا تصوّر کر کے تکرار کرے۔

مطلب میں کامیابی کے لئے چند ترکیبیں یہ ہیں

حلِّ مشکلات اگر کوئی مشکل پیش آگئی ہو تو اس کے حل کے لئے دعائے حزب البحر کو بعد نمازِ عصر پڑھے نمازِ عصر پڑھ کر کسی سے بات نہ کرے اور خلوت و تنہائی میں بیٹھ کر باوضو مغرب کی نماز تک برابر پڑھتا رہے۔

اس کی کوئی تعداد مقرر نہیں ہے۔ جب مغرب کی اذان شروع ہو سجدہ کرے اور سجدہ میں اپنی حاجت طلب کرے۔ اور جب اَللّٰھُمَّ یَسِّرْ لَنَا اُمُوْرَنَا پر پہنچے تو اس جملہ کو گیارہ بار ادا کرے اور مطلب و مقصد کو ذہن میں رکھے اور گیارہ بار یہ کلمات پڑھے یَا مُیَسِّرُ کُلِّ عُسْرٍ اسی طرح تین روز تک متواتر عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ مشکل حل ہو جائے گی۔

شفائے مریض اگر کوئی مریض کسی علاج سے اچھا نہ ہو سکے تو اس کی شفاء کے لئے دعائے حزب البحر کا پڑھنا شفائے مرض کا بہت بہترین عمل ہے۔ ہر روز با وضو تنہائی میں بیٹھ کر گیارہ بار پڑھے لیکن جب بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ پر پہنچے تو ستر (۷۰) بار یہ پڑھے وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں صحت کلی حاصل ہو جائے گی۔

اسمائے حسنیٰ

(اللہ تعالیٰ کے پیارے نام)

خلوص نیت اور محبت کے ساتھ اپنے عقائد کو درست رکھتے ہوئے توجہ الی اللہ کی جانب مائل ہو جائے اور زیادہ نہیں کسی ایک اِسم کا وِرد کرے۔ چندے مزاولت (پابندی سے کرنے) پر سب کچھ ظہور میں آجاتا ہے اور جس اسم کا جو کچھ فائدہ ہے خود بخود پیدا ہوتا جاتا ہے۔

اللہ (معنی خدا)

جلالی۔ عدد (٦٦) چھیاسٹھ۔ یَااَللّٰہُ ۔ یا۔ اَللّٰہُ اَللّٰہُ۔ پڑھے

۱۰۰۰
اسم ذات ہے۔ جو کوئی ہزار بار ہر روز پڑھے صاحب یقین ہو اور جو کوئی سوا لاکھ چالیس دن میں لکھے یا لکھوائے اور گولیاں باندھ کر دریا (سمندر) میں بہادے خدا کے فضل سے مطلب اس کا جلد بر آوے۔

اس اسم کی جس قدر تعریف کی جائے کم ہے۔ یہ اسم اخص الاسماء ہے۔ اس اسم کے ذکر کرنے والے (پڑھنے والے) کو کوئی نظر بھر کر دیکھ نہیں سکتا۔ اس کے کثرت سے پڑھنے سے جملہ امراض سے نجات حاصل ہوتی ہے۔ اس کا ذاکر شاغل کمال بزرگی حاصل کرتا ہے اور ہمیشہ خوش رہتا ہے (ہر اسم کے پڑھنے سے پہلے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنا ضروری ہے)۔

کشفِ قلوب

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ عالم میں جو بات ہونے والی ہو اس کا مجھے علم ہو جایا کرے اسے چاہیئے کہ ہر نماز کے بعد بصد خشوع ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) اسم ذات "اللہ" کی پڑھ لیا کرے، چند روز کے بعد کشف قلوب ہونے لگتا ہے۔ مثلاً کسی شخص نے کوئی بات زبان سے نکالی، دل میں وہ بات آگئی، اور وہی بات ظہور میں آئے گی اس کے خلاف نہ ہوگا۔ یا فلاں شخص ملازمت کی تلاش کر رہا ہے، ہوگا یا نہیں، دل میں خود بخود آجائے گا، اگر اس کی مداومت کر لی تو وہ درجہ حاصل ہو جائے گا جو پیروں کے پاس جانے سے ہوتا ہے کہ آپ پہنچے اور ان کے ذہن میں بات آگئی کہ یہ فلاں غرض کے واسطے

آیا ہے۔ رفتہ رفتہ یہ نوبت انشاء اللہ تعالیٰ پہنچے گی کہ جو بات زبان سے نکلے گی وہ ہو کر رہے گی، اور زبان میں ایک ایسی خاصیت پیدا ہو جائے گی جس کا لکھنا کچھ مناسب معلوم نہیں ہوتا۔ اتنا خیال رہے کہ خواہش نفسانی اور تکبر و غرور سے دور رہیں۔ اس لئے کہ جب مخلوقِ خدا کو فائدہ پہنچتا ہے ہجوم ہوتا ہے تو اس وقت زبان سے ایسے کلمات نہ کہہ ڈالیں جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہوں۔ یہ ایک بڑا راز ہے جس پر آپ کو متنبہ کیا جاتا ہے۔ اولیاء اللہ اور بزرگانِ دین کا ہمیشہ معمول اسمِ ذات کا رہا ہے اور اسی کی بدولت سب کچھ پایا۔

یَا رَحْمٰنُ (نعمتِ خداوندی سے مالا مال ہونا)

اس کے اعداد (۲۹۹) ہیں، ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھنے سے خدا کی رحمت اور نعمتوں سے مالا مال ہو جائے۔ سبحان اللہ عجیب چیز ہے۔ جس قدر اس اِسم کی تعریف کی جائے کم ہے ٹھنڈا اسم ہے۔

یَا رَحِیْمُ (لوگ مہربان، پڑھنے والا مستجاب الدعوات)

اس کے اعداد (۲۵۸) ہیں روزانہ اگر بعد نماز فجر پڑھتا رہے تو دنیا دوستی کا دم بھرے گی، اس کا ذکر کرنے والا مستجاب الدعوات (دعاؤں کی قبولیت کا حامل) ہے۔ عجیب و غریب اسم ہے۔ ذرا پڑھ کر دیکھئے۔

یَا مَلِکُ (زبردست کامیابی اور مال و دولت کی فراوانی)

اس کے اعداد (۹۰) ہیں۔ بعد ہر نماز موافق اعداد (یعنی ۹۰ مرتبہ)

پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بڑی زبردست کامیابی نصیب ہو اور مال و دولت سے مالا مال ہونے لگے لیکن شرط یہ ہے کہ غفلت سے نہ پڑھے بلکہ حضوری قلب کے ساتھ پڑھے۔

یا قُدُّوسُ (دشمن کے شر سے حفاظت، دشمن دوست بن جائے)

اس اسم پاک کے اعداد (۱۷۰) ہیں۔ اس کا ایک سو ستر ۱۷۰ مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھنے والا دشمن کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔ تین سو انیس (۳۱۹) مرتبہ پڑھ کر شیرینی (مٹھائی) پر دم کر کے جس کو کھلائے وہ مہربان ہو جائے۔ اس اسم پاک کا پڑھنے والا نفسانی خواہشات سے محفوظ رہے یہ فرشتوں کا کلام ہے جو رات دن پڑھتے ہیں اور پروردگار ذوالمنن کی پاکی بیان فرماتے ہیں۔ اِس اسمِ پاک کا پڑھنے والا بُرا نرم دل ہو جاتا ہے۔ عجیب اسم ہے۔

یا سَلامُ (ہر برائی سے حفاظت اور خاندان میں عزت)

اس اسمِ پاک کے کل اعداد (۱۳۱) ہیں۔ اس اسم کو اعداد کے مطابق ایک سو اکتیس ۱۳۱ بار پڑھنے والا ہر بُرائی سے محفوظ رہے گا۔ میاں بیوی اولاد اور والدین کے درمیان محبت زیادہ کرنے کے لئے شیرینی (مٹھائی، مصری، گڑ وغیرہ) پر (۳۱۹) مرتبہ پڑھ کر دم کر کے کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ محبت میں اضافہ ہو گا۔ بشرطیکہ جائز محبت لوجہ اللہ ہو۔ ورنہ کچھ نہ ہو گا۔ نیت پہ اعمال کا دارومدار ہے۔

یَا مُؤمِنُ (حاجت پوری ہونے اور شیطان کے شر سے حفاظت)

اس اِسم کے کل اعداد (۱۳۶) ہیں۔ اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد ایک سو چھتیس ۱۳۶ بار موافق اعداد پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہو اور شیطان کے شر سے محفوظ رہے۔ چالیس دن پڑھنے سے مخلوق کہنا مانے۔ اگر ایک چلّہ (چالیس دن) میں کامیابی نہ ہو۔ دوسرا چلّہ پورا کرے۔

یَا مُهَیمِنُ (راز معلوم ہوتا۔ دشمن پر غلبہ)

اس اسم کے کل اعداد (۱۴۵) ہیں۔ ہر نماز کے بعد موافق اعداد کے پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ساتھ رہنے والوں کے تمام راز معلوم ہو جایا کریں گے لیکن یہ بات چند ماہ برابر عمل کرنے کے سبب حاصل ہو گی۔ اس کا پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہمیشہ دشمن پر غالب رہے گا۔ وضو کرتا جائے اور اس اسم کو پڑھتا جائے پھر تماشہ دیکھے کچھ روز کے معمول سے دشمن پانی ہو جائے گا۔

یَا عَزِیزُ (ہر شخص کی نظروں میں پیارا، صاحب عزت بن جائے)

اِس اسم کے کل اعداد (۹۴) ہیں۔ اس اسم کا اعداد کے موافق ہر نماز کے بعد پڑھنے والا ہر شخص کی نظروں میں پیارا ہو گا اور کسی کا محتاج نہ ہو نیز اس اسم کا پڑھنے والا لوگوں کی نظروں میں شفیق و عزت والا ہو گا۔ زبان تعریف سے قاصر ہے۔ یہ اسم بہت خوبیوں والا ہے۔

یَاجَبَّارُ (دشمن زیر ہو۔ دشمن پر ہیبت طاری ہو)

اِس کے کل اعداد (۲۰۶) ہیں۔ ۲۰۶ دو سو چھ مرتبہ کسی بھی ایک وقت پابندی کے ساتھ پڑھے تو دشمن مقہور رہو اور ناکام رہے اور اس اسم کا پڑھنے والا جس آدمی کی طرف بھی نظر بھر کر دیکھے گا اس پر خوف طاری ہوگا۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنا ضروری ہے (یہ اسم جلالی ہے)

یَامُتَکَبِّرُ (ہر شخص پر کامیابی۔ برتری حاصل کرنا)

اِس اسم کے کل اعداد (۶۶۲) چھ سو باسٹھ ہیں۔ موافق اعداد کے کسی ایک وقت پڑھنے والا ہر شخص پر کامیابی حاصل کرتا ہے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے۔

یَاجَبَّارُ۔ یَامُتَکَبِّرُ کو زیادہ نہ پڑھے ورنہ غصہ بڑھ جائے گا۔ یہ اسم جلالی ہے۔ ہر اسم اپنی تعداد میں پڑھنے سے کچھ لطف دکھلاتا ہے۔

یَاخَالِقُ (قلب و چہرہ نور سے بھرپور)

اس اِسم کے کل اعداد سات سو اکتیس (۷۳۱) ہیں۔ دن میں کسی ایک وقت باوضو پڑھنے والے کا قلب اور چہرہ پُرنور ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے پڑھنے والے کے لئے مغفرت کا سامان مہیا فرماتا ہے۔ بے لوث ہو کر یاد الٰہی کا مزہ کچھ اور ہی ہے۔

یَا بَارِیُ (طبیب و ڈاکٹر کا علاج کامیاب۔ اہل خانہ مطیع)

اس اسم پاک کے کل اعداد (۲۱۳) دو سو تیرہ ہیں۔ طبیب، ڈاکٹر کو اس کا پڑھنا بے حد مفید ہے علاج موافق پڑتا ہے اور جس مریض کا علاج شروع کیا وہی صحتیاب ہو جاتا ہے۔ اگر تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ باوضو چالیس ۴۰ دن پڑھ کر زکوٰۃ ادا کر دے۔ پھر کسی ٹھنڈے عطر پہ پچھتر ۷۵ بار پڑھ کر دم کر کے لگائے بیوی بچے، دوست احباب سب محبت کرنے لگیں صرف جائز مقصد کے لئے کرے۔

یَا مُصَوِّرُ (لوگوں کی نظروں میں محبوب۔ ہر کام میں آسانی)

اس اسم کے کل اعداد تین سو چھتیس (۳۳۶) ہیں۔ جو شخص وضو کر کے پیشانی پر شہادت کی انگلی سے بغیر روشنائی کے یا مصوّر لکھے گا۔ وہ جس شخص کے پاس جائے گا اس کی نظروں میں محبوب بن جائے گا۔ اگر روزانہ ایک مرتبہ تین سو چھتیس ۳۳۶ مرتبہ پڑھ لیا کرے تو ہر کام میں آسانی پیدا ہو۔

پیشانی پر لکھ کر دیکھو اور تجربہ کرو اور اپنے کو پوشیدہ رکھو۔ تعریف سے لوگوں کی خوش نہ ہو۔ خوف خدا دل میں رکھو جب اسم کا راز سمجھ میں آجائے گا۔

یَا غَفَّارُ (راز کی حفاظت کے لئے)

اس اسم پاک کے کل اعداد بارہ سو اکیاسی (۱۲۸۱) ہیں۔ جس

شخص کے دل میں کوئی بات نہ ٹھہرتی ہو اور راز اگلنے کا مرض ہو تو اس اسم کو روزانہ رات کے وقت بعد نماز عشاء۔ بارہ سو اکیاسی (۱۲۸۱) مرتبہ پڑھے اور چند روز تک پڑھتا رہے۔ اللہ تعالیٰ دل کی بات ظاہر نہ ہونے دے گا۔ نہایت ہی مجرب ہے۔ اس اسم کا پڑھنے والا بڑے بڑے راز، فتوحات ربانی اور فیوض رحمانی کے دل میں پوشیدہ رکھ سکے گا۔

یَا قَہَّارُ (ظالم کو سخت سزا کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد تین سو چھ (۳۰۶) ہیں۔ اس اسم پاک کو موافق اعداد پڑھنے اور ظالم کے لئے بددعا کرنے سے تین ہفتہ کے اندر اندر ظالم ہلاک ہو گا یا اپنے قصور کی معافی چاہے گا۔ معاف کر دے ورنہ دشمن کے ہلاک ہونے کا خطرہ ہے۔ اور بعض مرتبہ ضد کرنے اور معاف نہ کرنے سے اپنی جان کا بھی خطرہ پیدا ہو جاتا ہے۔ لوگ اس اسم سے کامیابی پر اپنے قصور پر شرمندہ نہیں ہوتے کہ ہمارا کیا قصور ہے اور بدلہ لینے کے خواہشمند ہوتے ہیں اگر صبر سے کام لیا اور پھر اس اسم کو پڑھا انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہو گا۔

یَا وَہَّابُ (فاقہ سے حفاظت، غیب سے روزی)

اس اسم کے کل اعداد چودہ (۱۴) ہیں۔ جس گھر میں فاقہ ہوتا ہو، سامان بظاہر نہ ہو روزانہ ایک سو ایک مرتبہ صبح پھر ہر نماز کے بعد سجدہ میں سر رکھ کر پڑھے۔ اللہ تعالیٰ غیب سے سامان کرے گا اور

اگر سجدہ میں جاکر بعد ہر نماز کے چودہ (۱۴) بار پڑھے فقر وفاقہ سے نجات ملے، اور مخلوق سے بے پرواہ ہوجائے۔ اور اگر اس اسم کو کثرت سے پڑھے خدا کے فضل سے غیب سے فتوحات ہوں۔ بڑا زبردست اسم ہے۔ بعد نماز تہجد پڑھنا چاہے تو پانچ ہزار (۵۰۰۰) تک روزانہ معمول بنالے اور روزانہ پانچ ہزار مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے فتوحات کے دروازے کھل جائیں گے۔

یَارَزَّاقُ (رزق میں فراخی، روزی میں برکت)

اس اسم کے کل اعداد تین سو آٹھ (۳۰۸) ہیں۔ باوضو روزانہ صبح وشام تین سو آٹھ ۳۰۸ بار جو شخص اس اسم کو پڑھے گا اس کے رزق میں فراخی ہوگی اور روزی میں برکت ہوگی لیکن ہر نماز کے بعد پڑھے تو زیادہ بہتر ہے۔ چند روز کی مزاولت اور پابندی سے بہت بہتر نتیجہ نکلے گا۔ اس کے ذریعہ کوئی خزانہ ہاتھ نہیں آتا بلکہ ہر شئے میں برکت ہوتی ہے۔ کیونکہ رزق دینے والا اور اس میں برکت دینے والا وہی رازق مطلق ہے۔

یَافَتَّاحُ (قلب کی صفائی۔ فتوحات کا حصول)

اس اسم کے کل اعداد چار سو نواسی (۴۸۹) ہیں۔ موافق اعداد کسی وقت مقررہ پر پڑھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے قلب مثل آئینہ کے چمکے، باطن کی صفائی حاصل ہو۔ بعد نماز تہجد روزانہ کثرت سے پڑھنے سے بڑی زبردست فتوحات حاصل ہوتی ہیں۔

مفلس اور نادار اس اسم کی بدولت اپنے پروردگار کے راز پر مطلع ہو جاتے ہیں۔ کرنا شرط ہے۔ استقلال بڑی چیز ہے مستقل مزاجی سے پڑھتا رہے۔ نتیجہ پر غور نہ کرو۔ پڑھتے جاؤ پھر اس اسم کے عجیب و غریب لطائف دیکھو۔ غیب سے کس طرح پروردگار سامان کرتا ہے۔

یَا عَلِیْمُ (کشفِ قلوب کے لئے۔ شانِ بزرگی کا پیدا ہونا)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو پچاس (۱۵۰) ہیں۔ اس کو دن میں کسی ایک وقت موافق اعداد پڑھنے سے کشفِ قلوب پیدا ہوتا ہے اور نامعلوم باتوں کا اظہار ہوتا ہے۔ چند روز میں شانِ بزرگی پیدا ہو جاتی ہے۔

یَا قَابِضُ (خطرناک دشمن کی ہلاکت)

اس اسم کے کل اعداد نوسو تین (۹۰۳) ہیں۔ موذی اور خطرناک جانی دشمن کی ہلاکت کے لئے موافق اعداد اسم اور اعداد نام معہ والدہ کے نام کے ملا کر اتنی تعداد میں روزانہ پڑھے وقت مقررہ پر۔ انشاء اللہ تعالیٰ پورا اثر ظاہر ہو گا۔ لیکن سوچ سمجھ کر کرے۔ غصہ حرام ہے بعد میں پھر افسوس ہوتا ہے۔ دشمن کے نام معہ والدہ یا والد کے نام کے اعداد نکال کر (۹۰۳) عدد میں جمع کرے اور اتنی تعداد روزانہ پڑھے۔ اگر ایک چلہ میں کامیابی نہ ہو تو پھر دوسرا چلہ شروع کر دے۔ ضرور کامیاب ہو گا۔ ناجائز

طور پر کرے گا تو اپنی جان کا خطرہ ہے لہذا احتیاط شرط ہے۔

یَا بَاسِطُ (قرض سے نجات۔ خلق خدا کی توجہ کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد بہتر (۷۲) ہیں۔ جو شخص روزانہ باوضو ہر نماز کے بعد موافق اعداد اور اول و آخر تین۳ تین۳ بار درود شریف پڑھ کر دعا مانگے۔ قرض سے خلاصی پائے۔ تدابیر ضروریہ عمل میں لاتا رہے۔ تاکہ قرض سے آسانی سے نجات حاصل ہو۔ اور قرضداروں کے واسطے محبوب بنانے والا عمل پڑھے تاکہ وہ زیادہ سختی نہ کریں۔ اور اپنے نام کے اعداد نکال کر رات کو سونے سے پہلے اول و آخر پانچ پانچ بار درود شریف پڑھ کر اپنے نام کے موافق اتنی تعداد میں پڑھ کر اپنے سینہ پر دم کرے۔ اگر دوکاندار ہے تو دوکان خوب چلے۔

یَا خَافِضُ (دشمن پر فتح و غلبہ، دشمن کے شر سے حفاظت)

اس اسم کے کل اعداد چودہ سو اکیاسی (۱۴۸۱) ہیں۔ جو شخص روزانہ ایک وقت باوضو موافق اعداد کے (۱۴۸۱) مرتبہ پڑھے تو دشمن پر فتح اور غلبہ حاصل ہو گا۔ لیکن کچھ عرصہ تک پڑھتا رہے اور آخر میں دشمن کا نام لے کر اللہ تعالے سے دعا مانگ لیا کرے کہ دشمن کے شر سے حفاظت رہے۔ اس عمل کا ہر نماز کے بعد کرنا اچھا ہے۔

یَارَافِعُ (مالدار ہونا۔ فتوحات۔ بلندی مرتبہ)

اس اسم کے کل اعداد تین سو اکیاون (۳۵۱) ہیں اس اسم کے عدد کے موافق پڑھنے سے مالدار ہو اور فتوحات کا دروازہ کھل جائے۔ بلندی مرتبہ کے لئے بھی یہ اسم بڑا سریع التاثیر ہے فوراً اس کے پڑھنے کا کمال ظاہر ہوتا ہے۔

یَامُعِزُّ (مخلوق سے بے خوف ہونا۔ مخلوق میں عزت)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو سترہ (۱۱۷) ہیں۔ اس اسم کو اس کے اعداد کے مطابق روزانہ باوضو پڑھنے والا مخلوق سے نہیں ڈرتا۔ ہر قسم کا بے جا ڈر خوف اس کے دل سے نکل جاتا ہے۔ اس کا پڑھنے والا تمام مخلوق میں باعزت رہتا ہے۔ سبحان اللہ کیا بے شمار فائدوں والا اسم ہے۔

یَامُذِلُّ (دشمن کی ذلت۔ دشمن کی دشمنی ختم)

اس اسم کے کل اعداد سات سو سات (۷۰۷) ہیں۔ جو شخص روزانہ پابندی کے ساتھ اس اسم کا کل اعداد کے موافق ذکر کرنے والا دشمن کو ذلیل وخوار کرنا ہے۔ سجدہ میں جاکر دعا مانگے۔ مخالفت سے دشمن باز آجائے۔

یَا سَمِیْعُ (دُعا کی قبولیت کا آسان طریقہ)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو اسی (۱۸۰) ہیں۔ روزانہ بعد نماز اس اسم کو موافق عدد کے پڑھتا رہے تو ذاکر بن جائے۔ جو دعا مانگے قبول ہو۔ یوں سمجھ لو کہ جو اس کو پڑھے گا اُسے پروردگار جو کچھ سُنائے گا وہ سنے گا اور قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔ بس ہمارا کام سُننا اور رب کا کام قبول کرنا ہے۔

یَا بَصِیْرُ (خفیہ رازوں کا علم ہونا)

اس اسم کے کل اعداد تین سو دو (۳۰۲) ہیں۔ ہر نماز کے بعد موافق اعداد پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ چھپے ہوئے امور ظاہر فرماتا ہے۔ بڑا زبردست اسم ہے۔ اور ایک عرصہ تک ترک حیوانات جلالی و جمالی کی پابندی کے ساتھ پڑھتے رہنے سے بہت سے خفیہ رازوں پر مطلع ہوتا ہے۔

یَا حَکَمُ (حاکم پڑھے مخلوق مطیع ہو پرہیزگاری حاصل ہو)

اس اسم کے کل اعداد اڑسٹھ (۶۸) ہیں۔ حاکم اگر پڑھے مخلوق میں سرداری پائے۔ باطن اچھا ہو اور پڑھنے والا پرہیزگار بن جائے۔ بدباطنی دور ہو۔ روزانہ ایک وقت موافق اعداد کے پڑھے۔

یَاعَدلُ (ظالم دشمن کے گرفتار بلا ہونے کے لیے)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چار (۱۰۴) ہیں۔ جو شخص موافق عدد روزانہ پڑھ کر کسی موذی ظالم پر پڑھ کر بددُعا کرے وہ ظالم فوراً گرفتار بلا ہو۔ منصف (جج، حاکم، افسر) پڑھے ہمیشہ عدل وانصاف کرتا رہے۔ ظالم کا ظلم حد سے زیادہ ہو جائے تو اس وقت یہ اسم بہت تیز کام کرتا ہے۔

یَالَطِیفُ (قید سے رہائی، بچوں کی شادیوں کے لیے رزق میں ترقی)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو انتیس (۱۲۹) ہیں۔ یہ اسم بہت جلد قبول ہوتا ہے اسی لیئے اس اسم کو سریع الاجابت کہتے ہیں۔ اس کا ذاکر قید سے چھٹکارا حاصل کرے۔ بچوں کی شادیاں کرنا ہو کثرت سے پڑھے۔ خود بخود انتظام ہو جائے۔ موافق اعداد کے روزانہ ایک وقت پڑھے پھر اس کی تاثیر دیکھے۔ اگر سولہ ہزار چھ سو اکتالیس (۱۶۶۴۱) بار پڑھے جو دعا مانگے قبول ہو۔ ایک سو تینتیس بار روزانہ پڑھتے سے رزق میں ترقی ہو۔ تمام کام آسانی سے پورے ہوں۔ باریک باتوں کو پورا کرنے والا۔ لطف ومحبت پیدا کرنے والا بڑا زبردست اسم ہے اس کے پڑھنے سے عجیب وغریب مشاہدات ہوں گے

کہ یہ کیا چیز ہے۔

یَا خَبِیْرُ (لوگ خبر گیری کریں۔ راز خلق کے ظاہر ہوں

اس اسم کے کل اعداد آٹھ سو بارہ (۸۱۲) ہیں۔ روزانہ باوضو موافق اعداد پڑھنے سے اس کے قریب رہنے والے ہمیشہ اس کی خبر گیری کریں۔ بشرطیکہ کثرت سے پڑھے۔ تمام راز خلق اللہ کے ظاہر ہوں۔

یَا حَلِیْمُ (ظالم حاکم کے غصّہ کو ختم کرنا۔ سزا سے حفاظت

اس اسم کے کل اعداد اٹھاسی (۸۸) ہیں۔ اگر حاکم یا افسر کسی پر زیادہ غصّہ کرتا ہو تو موافق اعداد کے روزانہ اس کو پڑھے اس کا غصّہ دفع ہو گا۔ اگر کسی پر حاکم یا افسر سخت ناراض ہو رہا ہو تو اس وقت اس اسم کو پڑھنا شروع کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا غصّہ فوراً ٹھنڈا ہو گا۔ اگر کسی کی سزا کا فیصلہ ہونا ہے تو موافق اعداد کے روزانہ برابر فیصلہ تک پڑھتا رہے سزا سے بچ جائے اور اگر سزا یا جرمانہ ہو بھی تو بہت کم ہو۔ عمدہ نتیجہ اسی وقت نکلتا ہے جب درد بھرے دل سے پڑھے۔

یَا عَظِیْمُ (مخلوق میں عزت والا۔ عیب لوگوں سے پوشیدہ)

اس اسم کے کل اعداد ایک ہزار بیس (۱۰۲۰) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ پڑھنے والا مخلوق میں عزیز اور مکرم ہو گا۔ اور اس

کی بُرائیاں خلق سے پوشیدہ رہیں گی۔ بڑا عظمت والا اسم ہے۔ جسم میں حرارت بڑھاتا ہے۔ (اسم جلالی ہے)

یا غَفُورُ (قلب میں روشنی اور مرض سے شفاء)

اس اسم کے کل اعداد ایک ہزار دو سو چھیاسی (۱۲۸۶) ہیں۔ موافق اعداد صبح یا شام ایک بار پڑھ لیا کرے۔ قلب میں روشنی اور مرض سے شفا ہو۔ دلجوئی، نرمی اور رحم کے آثار قلب میں پیدا ہوں۔

یا شَکُورُ (نیکی میں زیادتی اور شکر خدا بجالانے کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد پانچ سو چھبیس (۵۲۶) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ ایک بار پڑھ لیا کرے۔ اس کا ذکر کرنے والا ہمیشہ نیک کام کرتا اور نیک مشورہ دیتا ہے اور اس سے نیک کام ہوتے رہتے ہیں اور شکر خدا بجالاتا ہے۔

یا عَلِیُّ (ہر قسم کی برائی اور پریشانی سے حفاظت۔ مخلوق میں باعزت)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو دس (۱۱۰) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ ایک بار پڑھ لیا کرے اس اسم کا ذاکر ہر قسم کی بُرائی، پریشانی سے محفوظ رہتا ہے اور مخلوق کی نظروں میں باعزت

رہتا ہے۔ اکثر حضرات نے اِس اسم کو اپنا معمول بنایا اور بہت فائدہ اٹھایا ہے۔

یَا کَبِیْرُ (عالی مرتبہ، باوقار اور ہر مشکل مہم میں کامیاب)

اس اسم کے کل اعداد دوسو بتیس (۲۳۲) ہیں۔ روزانہ کسی ایک وقت موافق اعداد کے پڑھ لیا کرے اس کا مسلسل پڑھنے والا تھوڑے عرصہ میں عالی مرتبہ باوقار اور ہر مہم اور مشکل کام میں کامیاب ہو۔ دنیا حقیر نظر آئے۔

یَا حَفِیْظُ (دل کا خوف دور، ہر طرح حفاظت، دشمن ناکام)

اس اسم کے کل نوسو اٹھانوے (۹۹۸) اعداد ہیں۔ روزانہ ایک وقت موافق اعداد پڑھنے سے دل کا خوف دور ہو۔ ہر طرح حفاظت رہے۔ ہر آفت سے محفوظ رہے۔ دشمن خواہ ایڑی چوٹی کا زور لگائے لیکن بال بیکا نہ کر سکے۔ موافق اعداد نہ پڑھ سکے تو ایک تسبیح (ایک سَو مرتبہ) روزانہ بعد ہر نماز پڑھ لیا کرے۔

یَا مُقِیْتُ (بزرگانِ دین کا ورد ہے۔ بہت جلد قبولیت حاصل ہو)

اس اسم کے کل اعداد پانچ سو پچاس (۵۵۰) ہیں۔ روزانہ

باوضو موافق اعداد کے کسی ایک وقت پڑھ لیا کرے۔ اس ذکر کو کرنے سے بھوک نہ لگے صالحین اور بزرگانِ دین کا یہ ورد ہے اور بہت جلد قبولیت حاصل ہوتی ہے۔ سریع الاجابت ہے۔

یَاحَسِیْبُ (اکاؤنٹینٹ (محاسب) کے لئے یہ عمل بہت کارآمد ہے)

اس اسم کے کل اعداد اسی (۸۰) ہیں۔ اس اسم کو موافق اعداد پڑھنے والا حساب دیتے وقت نہ ڈرتا ہے اور نہ اس کے دل میں خوف پیدا ہوتا ہے۔ محاسب (اکاؤنٹینٹ) کے لئے یہ عمل بہت مفید اور کارآمد ہے۔

یَاجَلِیْلُ (لوگوں کے دلوں میں باعظمت وباعزت ہونے کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد تیہتر (۷۳) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ ایک مرتبہ پڑھنے سے لوگوں کے دلوں میں اس کی عظمت اور اس کا خوف پیدا ہو اور پڑھنے والے کو لوگ عزت کی نگاہ سے دیکھیں۔ اس اسم کی تاثیر کچھ عرصہ پڑھنے کے بعد معلوم ہوتی ہے۔

یَاکَرِیْمُ (رزق بے منت و بے محنت ملے۔ فراخیٔ رزق کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد دو سو ستر (۲۷۰) ہیں۔ اگر اس اسم کو

روزانہ موافق اعداد (۲۷۰ مرتبہ) پڑھ لیا کریں تو رزق بے منت اور بے مشقت ملتا رہے۔ کچھ عرصہ پابندی کے ساتھ پڑھنے سے بڑے بڑے عملوں سے یہ اسم بے نیاز کر دیتا ہے۔ فراخیٔ رزق میں بے مثال ہے۔

یَارَقِیْبُ (اللہ تعالیٰ کا محبوب بننا)

اس اسم کے کل اعداد تین سو بارہ (۳۱۲) ہیں۔ اس اسم کو روزانہ موافق اعداد پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کو محبوب رکھتا ہے۔ عجیب چیز ہے۔ پڑھنے والے کو اس کی قدر معلوم ہو گی۔

یَامُجِیْبُ (دُعا کی قبولیت کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد پچپن (۵۵) ہیں۔ روزانہ ایک مقررہ وقت پر موافق اعداد پڑھ کر دعا مانگے اس کی دعا قبول ہو۔ دعا کی قبولیت میں یہ اسم تیر بہدف ہے۔

یَاوَاسِعُ (کشادگیٔ علم۔ تنگیٔ رزق سے حفاظت)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو سینتیس (۱۳۷) ہیں۔ اس اسم کو موافق اعداد روزانہ ایک بار پڑھنے والا کشادگیٔ علم سے فیضیاب ہوتا ہے اور تنگیٔ رزق سے محفوظ رہتا ہے

یَاحَکِیْمُ (مشکل اور اٹکے ہوئے کام کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد اٹھتر (۷۸) ہیں۔ ہر مشکل اور اٹکے ہوئے

کام کے آسانی سے ہونے کے لئے روزانہ ایک وقت موافق اعداد پڑھنا چاہیئے۔ اس کے پڑھنے والے پر حکمت کے راز منکشف (ظاہر) ہوں گے۔

یَا وَدُوْدُ (ہر معاملے میں کامیابی کے لئے۔ ہر دلعزیزی حاصل ہو)

اس اسم کے کل اعداد بیس (۲۰) ہیں۔ محبت کے واسطے نہایت اچھا ہے۔ موافق اعداد کے پڑھے انشاء اللہ ہر جگہ کامیابی حاصل ہو۔ ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) روزانہ پڑھے۔ ہر دلعزیز رہے۔ شیرینی (مٹھائی، مصری، چینی، گڑ وغیرہ) پر ایک ہزار بار پڑھ کر پھونک دیں اور بیوی کو یا اولاد کو کھلا دیں۔ ناراض ہوں رضامند ہو جائیں۔ راضی ہوں اطاعت گذار بن جائیں۔ اور اگر کثرت سے روزانہ اس کو پڑھتے رہیں۔ دنیا مُسخّر (قابو میں) ہو جائے۔ ہر شخص پیار کرے اور محبت سے پیش آئے۔ خاص طور پر گھر والے جاں نثار ہوں۔

یَا مَجِیْدُ (سب لوگوں میں باعزت ہونا)

اس اسم کے کل اعداد ستاون (۵۷) ہیں۔ اگر اپنے ہم جنسوں اور اہل خانہ اور دوست احباب میں عزت نہ ہو تو روزانہ ایک وقت موافق اعداد کے پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے سے سب لوگوں

میں عزت نصیب ہو۔

یَا بَاعِثُ (زندہ دلی پیدا ہونا۔ مایوسی ختم ہونا)

اس اسم کے کل اعداد پانچ سو تیہتر (۵۷۳) ہیں۔ اگر کسی کا دل مردہ ہو یا وہ کم ہمت ہو یا سست ہو تو روزانہ ایک بار موافق اعداد کے پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند دن بعد اس کا دل زندہ ہو جائے گا۔ ہمت جوان ہو گی اور سستی چستی میں بدل جائے گی۔ لاجواب اسم ہے۔

یَا شَہِیْدُ {راہ خدا میں شہادت کے لئے {فاسق لڑکی کا نیک بننا}

اس اسم کے کل اعداد تین سو انیس (۳۱۹) ہیں۔ اگر اللہ تعالیٰ کے راستہ میں شہید اور قربان ہونا چاہتا ہو تو اس اسم کو کثرت سے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ شہادت نصیب ہو گی۔ اگر کسی کی لڑکی فاسق ہو اس کے لئے کثرت سے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ نیک اور صالح ہو جائے۔

یَا حَقُّ {قید سے جلد رہائی، عبادت میں خوب دل لگے۔ سچ گوئی حاصل ہو}

اس اسم کے کل اعداد ایک سو آٹھ (۱۰۸) ہیں۔ اگر قیدی

موافق اعداد کے روزانہ پڑھے اللہ تعالیٰ کے حکم سے قید سے جلد رہائی پائے۔ اور جس کا دل عبادت سے اُچاٹ ہو وہ پڑھے عبادت میں اس کا بڑا جی لگے اور کثرت سے عبادت کرنے لگے۔ اور ثابت قدمی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرے۔ ایسا آدمی سچ گو اور حق بات کہنے والا بن جاتا ہے۔ مخلوق خدا اس سے مشورہ کرتی ہے۔

یَا وَکِیْلُ (بجلی اور دیگر آفات سے محفوظ رہے)

اس اسم کے کل اعداد چھیاسٹھ (٦٦) ہیں۔ اس کو موافق اعداد روزانہ پڑھنے والا بجلی اور دیگر آفات و بلیات سے محفوظ رہتا ہے۔ تجربہ شرط ہے۔

یَا قَوِیُّ (دل کی قوت اور دفع دشمن کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو سولہ (١١٦) ہیں۔ اگر کوئی شخص اس اسم کو موافق اعداد کے ہر نماز کے بعد پڑھے تو دل اس کا قوی ہو۔ اگر بہ نیت دفع دشمن پڑھے دشمن مصیبت میں مبتلا ہو۔ بڑی قوی الاثر اسم ہے۔

یَا مَتِیْنُ (دعا کی قبولیت، مقصد میں کامیابی)

اس اسم کے کل اعداد پانچ سو (٥٠٠) ہیں۔ موافق اعداد کے صبح کے وقت پڑھنے والے کی دعا ضرور قبول ہوتی ہے۔ جس مقصد کے لئے موافق اعداد کے پڑھے گا بحکم خدا اس میں کامیابی

نصیب ہوگی۔

یَا وَلِیُّ (بیوی کی اصلاح۔ مخلوق کی باتوں سے واقفیت)

اس اسم کے کل اعداد چھیالیس (۴۶) ہیں۔ اگر بیوی جھگڑالو اور بد عادت رکھتی ہو تو ہر نماز کے بعد موافق اعداد کے پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خوش خلق اور ہمدرد ہو جائے گی۔ اس اسم کا ذکر کرنے والا مخلوق کی باتوں سے آگاہ ہو جاتا ہے۔

یَا حَمِیْدُ (لوگوں میں نیک نامی۔ وقار و عزت کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد باسٹھ (۶۲) ہیں۔ روزانہ بعد ہر نماز موافق اعداد کے پڑھ لیا کرے۔ تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہر شخص تعریف سے یاد کرے۔ لوگوں میں وقار و عزت پیدا ہو۔ بُرے افعال سے نجات ملے۔ پسندیدہ افعال پیدا ہوں۔ جس شخص کا نام محمود ہو اس کے واسطے اس کا ذکر نہایت اچھا ہے۔

یَا مُحْصِیُ (اللہ تعالیٰ کی مہربانیوں کی آمد)

اس اسم کے کل اعداد اڑتالیس (۴۸) ہیں۔ اس اسم کا موافق اعداد کے روزانہ پڑھنے والا ہمیشہ اللہ تعالےٰ کی مہربانیوں کا قدار رہتا ہے۔

یامُبدِئُ { اسرار کا انکشاف، مصنفین و مؤلفین کے لئے کام کی چیز }

اس اسم کے کل اعداد چھپن ہیں۔ اس اسم کو روزانہ موافق اعداد کے پڑھنے والے پر اسرار کا انکشاف ہوتا ہے۔ کتابیں لکھنے والے، تحقیقات کرنے والے، تخلیقات اشیاء کے کاریگر اور شاعر نعت گو اگر پڑھیں تو زیادہ کامیاب اور اپنے کام کو زیادہ بہتر طور پر انجام دے سکیں۔ یہ اسم جدت طبع پیدا کرتا ہے۔

یامُعِیدُ (گمشدہ کا پتہ ملنا، گمشدہ چیز مل جائے)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چوبیس (۱۲۴) اگر کوئی شخص غائب ہو گیا ہو یا کوئی چیز گم ہو گئی ہو تو روزانہ ایک وقت مقررہ پر موافق اعداد کے ایک سو چوبیس (۱۲۴) مرتبہ پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ کا پتہ لگ جائے گا اور گمشدہ چیز مل جائے گی۔ اس سلسلے میں یہ بہترین چیز ہے۔

یامُحیِی (قلب میں خوشی، موت کی یاد کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد اٹھاون (۵۸) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ ایک مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ظاہری اور باطنی زندگانی حاصل ہو۔ قلب میں فرحت، دنیا کی زندگی ہیچ معلوم ہو۔ موت کی یاد ہر وقت دل میں رہے۔ بڑا زندہ کرنے والا اسم ہے۔

یَا مُمِیْتُ (دشمن پر غلبہ اور فتح حاصل ہو)

اس اسم کے کل اعداد چار سو نوے (۴۹۰) ہیں۔ اگر کسی کا دشمن ظالم اور نامہربان ہو اور ظلم سے نہ چوکتا ہو تو موافق اعداد کے روزانہ پڑھے اور دشمن، ظالم، فاسق و فاجر شخص کے لئے نام لے کر بددعا کرے یہ عمل چالیس۴۰ دن تک کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر فتح و کامیابی حاصل ہو اور دشمن ظلم سے باز رہے۔ ذرا دل سے پڑھے پھر اس کا کمال دیکھے۔

یَا حَیُّ (بیماری سے شفاء۔ قلب میں نور، زندگی کا لطف)

اس اسم کے کل اعداد اٹھارہ (۱۸) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ خلوص قلب اور پوری توجہ سے ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ صبح و شام پڑھے تو بہتر ہے۔ اس کا پڑھنے والا اگر بیمار ہو شفا پائے۔ قلب میں نور توحید کی روشنی پیدا ہو۔ زندگی کا پورا پورا لطف حاصل ہو۔ ہر وقت ہشاش بشاش رہے۔

یَا قَیُّوْمُ [مخلوق میں محبوبیت حاصل کرنا اور مخلوق پر ہیبت قائم ہو]

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چھپن (۱۵۶) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ فجر کے وقت پڑھے تو مخلوق میں تصرف ظاہر ہو۔ مخلوق محبوب رکھے اور اگر "یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ" دونوں کو

ملا کر دو سو پندرہ (۲۱۵) مرتبہ پڑھے مخلوق ڈرے اور جو بات زبان سے نکالے شرطیہ بفضل خدا پوری ہو۔ بزرگی اور جلال پیدا ہو۔ عام خلائق دوستی کا دم بھرے۔ دنیا کی کوئی طاقت اُس کو نقصان نہیں پہنچا سکتی۔

یَا وَاجِدُ (کشف قبور، قلب منوّر)

اس اسم کے کل اعداد چودہ (۱۴) ہیں۔ اس اسم کو کثرت سے پڑھنے کی برکت سے کشف قبور پیدا ہوتا ہے اور قلب نور سے روشن ہوتا ہے۔

یَا مَاجِدُ (اس کا پڑھنے والا معزز اور کامیاب ہوگا)

اس اسم کے کل اعداد اڑتالیس (۴۸) ہیں۔ اس کا موافق اعداد ہر نماز کے بعد پڑھنا، بادشاہ حاکم، افسر، معلم اور سیٹھ آدمی کو پڑھنا بہت موافق ہے۔ رئیسوں کے لئے یہ اچھا اسم ہے

یَا وَاحِدُ (اللہ تعالیٰ کا محبوب اور پیارا بندہ بننا)

اس اسم کے کل اعداد انیس (۱۹) ہیں۔ اس اسم کا ذکر خدا کو بہت محبوب ہے اور اس کا پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کا پیارا بندہ بن جاتا ہے اور خواب میں بزرگانِ دین سے ملاقات ہوتی ہے۔

یَا اَحَدُ (اللہ تعالیٰ کا قرب، خدا کا محبوب بندہ)

اس اسم کے کل اعداد تیرہ (۱۳) ہیں۔ اس کا ذکر خدا تعالیٰ

سے قریب کرتا ہے اور اس کا پڑھنے والا خدا کے محبوب بندوں میں شمار ہوتا ہے۔

یاصمدُ (کشائش رزق، فقر و فاقہ سے نجات)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چونتیس (۱۳۴) ہیں زبردست عمل ہے۔ بھوک پیاس سے بے پرواہ کرتا ہے۔ کشائش رزق میں بڑا اثر رکھتا ہے۔ فقر و فاقہ دور کرتا ہے۔ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) پڑھیں۔

یاقادِرُ [دشمن کے پنجہ میں گرفتاری سے حفاظت۔ مشکل آسان]

اس اسم کے کل اعداد تین سو پانچ (۳۰۵) ہیں۔ روزانہ صبح و شام موافق اعداد کے پڑھے تمام مشکلیں آسان ہوں۔ اگر ہر عضو دھوتے وقت پڑھے، کسی دشمن کے پنجہ میں گرفتار نہ ہوگا بے حد مؤثر ہے۔

اوّل پانچ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سات سو تیس (۷۳۰) مرتبہ یَارَزَّاقُ یَامُعِزُّ یَاقَادِرُ پڑھے۔ آخر میں پانچ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ وسعتِ رزق، دشمن سے حفاظت مخلوق کا رجوع حاصل ہو۔ اگر پابندی سے پڑھتے رہیں۔ خدا تعالیٰ وسعت کرے۔ سبحان اللہ کیا کہنا۔

یَامُقۡتَدِرُ [محنت مزدوری کرنے والے کے کام میں آسانی]

اس اسم کے کل اعداد سات سو چوالیس (۷۴۴) ہیں۔ محنت مزدوری کرنے والے روزانہ ایک وقت اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف درمیان میں سات سو چوالیس بار یہ اسم پڑھے۔ اس کے پڑھنے سے ان کے کام میں آسانی پیدا ہو اور مشقت کم ہو۔

یَامُقَدِّمُ (مقبولیت دعا کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چوراسی (۱۸۴) ہیں۔ موافق اعداد پڑھ کر جو دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے قبول ہو۔

یَامُؤَخِّرُ (ظاہری و باطنی ترقی کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد آٹھ سو چھیالیس (۸۴۶) ہیں۔ اس اسم کا کسی ایک وقت موافق اعداد کے پڑھنا ظاہری اور باطنی درجے کو بڑھاتا ہے۔

هُوَالْاَوَّلُ (نیک صالح لڑکے کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد سینتیس (۳۷) ہیں اس اسم کا موافق اعداد چالیس دن مسلسل کسی ایک وقت خلوص سے پڑھنے کی

برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ نیک صالح لڑکا پیدا ہوگا۔ صرف اَوّلُ کا لفظ نہ پڑھے بلکہ ھُوَ الاَوّلُ پڑھے۔

ھُوَ الآخِرُ (دشمن کی ذلت وخواری کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد آٹھ سو ایک (۸۰۱) ہیں۔ روزانہ ایک بار موافق اعداد پڑھنے والے کو زبردست نصرت، طاقت اور قوت پیدا ہو۔ دشمن اگر حملہ کرے خود ذلیل وخوار ہو۔

یَاظَاہِرُ (پوشیدہ راز معلوم ہو، آنکھیں منور)

اس اسم کے کل اعداد گیارہ سو چھ (۱۱۰۶) ہیں۔ روزانہ پابندی کے ساتھ کسی ایک وقت موافق اعداد پڑھنے سے دفینہ ہاتھ آئے۔ پوشیدہ راز معلوم ہوں۔ آنکھیں منور ہوں۔ بڑا اچھا عمل ہے۔

یَابَاطِنُ (اسرار باطنی سے واقفیت۔ مخلوق میں باعزت)

اس اسم کے کل اعداد باسٹھ (۶۲) ہیں۔ کثرت سے ذکر کرنے والے پر اللہ تعالیٰ اسرار باطنی کو ظاہر فرما دیتا ہے۔ ہر شخص عزت کرے اور ہر قسم کے خوف سے نڈر ہو جائے۔

یَاوَالِیُّ (پرتاثیر عمل۔ کامیابی کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد سینتالیس (۴۷) ہیں۔ بزرگان اور مشائخ کے واسطے اس کا ذکر عجیب تاثیر اثر رکھتا ہے۔ اس ذکر

کو کثرت سے کیا جائے۔

یَا مُتَعَالِیُّ [ایام ماہواری کی تکلیف اور جملہ بیماریوں سے نجات]

اس اسم کے کل اعداد پانچ سو اکیاون (۵۵۱) ہیں۔ اگر عورت موافق اعداد اسم روزانہ ایک وقت پڑھے۔ ماہواری ایام کی تکلیف اور دیگر بیماریوں سے نجات پائے۔ یہ عمل عورتوں کے لئے بے حد مفید ہے۔

یَا بَرُّ (دن بھر راحت اور خوشی سے بسر ہو)

اس اسم کے کل اعداد دو سو دو (۲۰۲) ہیں۔ موافق اعداد روزانہ بعد نماز فجر پڑھنے سے دن بھر خوشی اور راحت سے گذرے

یَا تَوَّابُ (قبولیت توبہ، خوف خدا، گناہ سے حفاظت)

اس اسم کے کل اعداد چار سو نو (۴۰۹) ہیں۔ اس اسم کو روزانہ موافق اعداد کسی ایک وقت پڑھ لے۔ توبہ قبول ہوتی ہے۔ خوف خدا ہر وقت دل میں رہے۔ معصیت و گناہ سے محفوظ رہے۔

یَا مُنْتَقِمُ (ظالم دشمن کی ذلت و خواری)

اس اسم کے کل اعداد چھ سو تیس (۶۳۰) ہیں۔ اگر کوئی شخص اپنے ظالم دشمن سے بدلہ نہ لے سکتا ہو تو اس اسم کو موافق اعداد

روزانہ ایک وقت پڑھے۔ اس کے پڑھنے کی برکت سے اللہ تعالیٰ جلد سے جلد دشمن سے بدلہ لے گا اور اگر بددعا ہلاکت کی کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کو بُری طرح ہلاک کر دے۔ بشرطیکہ زیادتی دشمن کی ہو۔ اس عمل کو کرنے سے پہلے کسی متقی عالم دین سے مشورہ کر لے ورنہ قتل کا گناہ ہو گا۔

یَا عَفُوُّ (گناہوں کی معافی کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چھپن (۱۵۶) ہیں۔ جو شخص موافق اعداد روزانہ ایک وقت اس اسم کو پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت کو جوش آئے گا اور پروردگار اس کے گناہ معاف کر دے گا۔ بڑا غفور الرحیم ہے۔

یَا رَءُوْفُ (غصہ کو ٹھنڈا کرنا۔ دل میں نرمی پیدا ہونا)

اس اسم کے کل اعداد دو سو چھیاسی (۲۸۶) ہیں۔ دن میں ایک وقت روزانہ موافق اعداد کے پڑھنے سے غصہ ٹھنڈا ہوتا ہے۔ مخلوق پر رحم آتا ہے دل میں نرمی اور محبت کا اثر پیدا ہو جاتا ہے۔ بڑا بہتر اسم ہے۔

یَا مَالِكُ الْمُلْكُ [تمام حاجات دینی و دنیاوی پوری ہونے کے لئے]

اس اسم کے کل اعداد دو سو بارہ (۲۱۲) ہیں۔ اس اسم کو روزانہ ایک وقت موافق اعداد پڑھنے سے تمام حاجات دینی و دنیاوی پوری ہوں۔ خلوص سے روزانہ پڑھے۔

ذُوالجلالِ والاِکرام [مخلوق کی نگاہ میں مکرم و معظم بننا]

اس اسم کے کل اعداد ایک ہزار بانوے (۱۰۹۲) ہیں۔ روزانہ موافق اعداد پڑھیں اور عاجزی و انکساری کے ساتھ پڑھیں۔ اس کا پڑھنے والا مخلوق کی نگاہ میں مکرم و معظم بنا رہے گا اور لوگ احترام کریں۔

یامُقسِطُ (عادل بننے کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد دوسو نو (۲۰۹) ہیں۔ اس کا موافق اعداد پڑھنے والا ہمیشہ لوگوں کے ساتھ عدل وانصاف کرے اور اس کے مزاج سے حد سے بڑھنا ختم ہو جائے اور طبیعت میں اعتدال قائم ہو جائے۔

یاجامِعُ [چوری گئی ہوئی چیز کا پتہ ملے یا بھاگے ہوئے کا علم ہو جائے]

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چودہ (۱۱۴) ہیں۔ اس اسم کا موافق اعداد پڑھنے والے کو چوری گئی ہوئی چیز کا باسانی پتہ چل جائے کہ کس نے لی ہے اور بھاگے ہوئے شخص کی بابت معلوم ہو جائے کہ کہاں گیا ہے۔

یَاغَنِیُّ (مالدار ہونے، تجارت میں خوب نفع حاصل ہو)

اس اسم کے کل اعداد ایک ہزار ساٹھ (۱۰۶۰) ہیں۔ اس اسم کو موافق اعداد پڑھنے والے کو تجارت اور کاروبار میں خوب نفع حاصل ہو۔ اس اسم کا پڑھنے والا جلد مالدار ہو جاتے۔ اس اسم کی برکت سے کسی کا محتاج نہ رہے۔ اس اسم کا ہمیشہ پڑھنے والا مال و دولت سے غنی رہے۔ کم از کم چار چھ ماہ تک اس کا ورد ضرور رکھے۔

یَامُغْنِیُ (مالداری حاصل ہو۔ خلق سے بے پرواہ)

اس اسم کے کل اعداد گیارہ سو (۱۱۰۰) ہیں اس اسم کو روزانہ موافق اعداد چالیس دن تک پڑھے تو مالدار ہو جائے۔ اگر ہمیشہ کے لئے اس اسم کا پڑھنا موافق اعداد جاری رکھے تو بے شمار نعمتیں ملیں اور خلق سے بے پرواہ ہو۔ بعض مشائخ سے اس طرح پڑھنا بھی منقول ہے کہ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) بار یَامُغْنِیُ پڑھے آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ جلد مالدار ہو جائے گا۔ اور فقر وفاقہ دور ہو گا۔

یَامَانِعُ (خوف، ڈر اور گھبراہٹ دور کرنا)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو اکسٹھ (۱۶۱) ہیں۔ موافق اعداد اس اسم کو پڑھا جائے تو دل سے ہر قسم کا خوف نکل جاتا ہے اور گھبراہٹ

دور ہو جاتی ہے۔

یاضارُّ (دشمن سے نجات کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) ہیں۔ اگر موافق تعداد روزانہ چالیس دن وقت مقررہ پر خلوص دل سے ہمہ تن متوجہ ہو کر پڑھے۔ چند روز بعد فوراً دشمن بیمار ہو جائے گا اور مصیبت میں جان آجائے گی جب تک پڑھنا نہ چھوڑے گا دشمن اچھا نہ ہوگا۔ بشرطیکہ ترک حیوانات جلالی بھی کرے۔

ف:۔ ایسا عمل انتہائی مجبوری میں کیا جاتا ہے اور اس کے لئے کسی نیک متقی عالم دین سے مشورہ کر کے کرے ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے لہذا احتیاط ضروری ہے۔

یانافِعُ (بیماری سے شفا کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد دو سو ایک (۲۰۱) ہیں۔ بیمار اگر موافق اعداد پڑھے شفا پائے اور کثرت سے پڑھنے والا جس مریض پر ہاتھ پھیرے گا اور پھونک دے گا انشاء اللہ تعالیٰ بیمار کو شفا حاصل ہو۔

یانُورُ (قلب منور، چہرہ روشن اور پُر جلال)

اس اسم کے کل اعداد دو سو چھپن (۲۵۶) ہیں۔ یہ ٹھنڈا اسم ہے۔ عجیب وغریب تاثیر رکھتا ہے۔ اس کو اگر روزانہ موافق تعداد

اسم پڑھے تو قلب منوّر، چہرہ چمکتا ہوا اور پُر جلال ہو جائے۔ چہرے پر بھولے پن کے انوار عجیبہ کا ظہور ہوتا ہے۔

یَاھَادِیُ (راہِ ہدایت حاصل ہو)

اس اسم کے کل اعداد بیس (۲۰) ہیں۔ اگر کوئی اس اسم کو موافق اعداد روزانہ پابندی کے ساتھ پڑھ لیا کرے راہِ ہدایت پر قائم رہے اور اگر گمراہی میں پڑا ہو صراط مستقیم پر آجائے اگر سفر میں راستہ بھول گیا ہو اس اسم کو پڑھنا شروع کرے انشاءاللہ تعالیٰ صحیح راستہ پر خود بخود آجائے گا۔ ورنہ کوئی شخص بتلا دے گا۔

یَابَدِیْعُ (اسرار غیبی اور حکمت کا حصول)

اس اسم کے کل اعداد چھیاسی (۸۶) ہیں۔ اگر یَا نُوْرُ، یَا بَدِیْعُ دونوں کو روزانہ تین سو بیالیس (۳۴۲) بار صبح اور شام دو وقت پڑھتا رہے تو اندھیرے میں روشنی کا کام دے اور اگر ہر نماز کے بعد پڑھتا رہے تو خدا جانے کیا کیا اسرار غیبی اور حکمت اسرار زبان سے بے ساختہ نکلیں گے جن کا سمجھنا مشکل اور اس کا علم خود کو نہ ہو گا۔

یَابَارِیُٔ (عمل مقبول، رنج سے محفوظ)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو تیرہ (۱۱۳) ہیں۔ موافق تعداد

اسم کے پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے تمام عمل مقبول ہوں اور انشاء اللہ تعالیٰ کسی سے اسے رنج نہ پہنچے گا۔ اور اس کا پڑھنے والا انتہائی خوش و خرم رہے گا۔

یَا وَارِثُ (غیب سے حفاظت)

اس اسم کے کل اعداد سات سو سات (۷۰۷) ہیں۔ اس اسم کو موافق اعداد روزانہ پڑھنے والے کی انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے حفاظت ہوگی اور اسے کوئی چیز نقصان نہ پہنچا سکے گی۔

یَا رَشِیْدُ (لوگ اس کے پاس رائے مشورہ لینے آئیں)

اس اسم کے کل اعداد پانچ سو چودہ (۵۱۴) ہیں۔ موافق اعداد اس کا پڑھنے والا لوگوں میں عزت و عظمت کا حامل بن جاتا ہے اور لوگ اس سے مشورے کے محتاج ہو جاتے ہیں اور اس کے مشورہ کے بغیر کوئی کام نہ کریں اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اس کا ورد رکھنے والا صحیح رائے اور مشورہ دینے کا پابند ہوگا۔ اس کے مشورہ پر چلنے والے نقصان سے محفوظ رہیں گے۔

یَا صَبُوْرُ (تحمل، برداشت، سوچ، سمجھ پیدا ہو)

اس اسم کے اعداد دو سو اٹھانوے (۲۹۸) ہیں موافق اعداد اس اسم کو پڑھنے والے میں تحمل، برداشت، سوچ، سمجھ اور اچھے خیالات پیدا ہوتے ہیں۔ اس اسم کا ورد کرنے والا انشاء اللہ

تعالیٰ صبر وضبط کا پیکر بن جاتا ہے۔

ف: الحمد للہ اسماء صفات کے خواص ختم ہوئے۔ اسماء حسنیٰ کے درج کہنے سے اُن لوگوں کو خاص طور سے فائدہ پہنچے گا جو زیادہ طویل آیات پڑھنے سے گھبراتے ہیں یا ان کی زبان عربی نہ جاننے کے سبب آیات پڑھنے سے قاصر ہے۔ ان اسماء کی پابندی سے عجیب وغریب لطف آتا ہے۔ ہر اسم کو بصد شوق پڑھے۔

جو شخص جس مصیبت و پریشانی میں مبتلا ہو اپنے حسب حال اسم تجویز کر کے پڑھنا شروع کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقصد بر آئے اور تمام تکالیف دور ہوں گی، راحت کی زندگی ملے گی۔

یہاں چند مخصوص فوائد درج کئے گئے ہیں ورنہ ہر ہر اسم کے سینکڑوں فوائد ہیں پڑھنے پر معلوم ہوں گے۔

سورۂ یٰسین شریف کے خواص

جو شخص روزانہ سورۂ یٰسین شریف کو اپنا اس طرح ورد بنالے کہ ایک مرتبہ قبل نماز فجر اور پھر ایک بار بعد نماز فجر، اسی طرح ہر نماز سے قبل اور بعد ایک ایک بار، یعنی پانچ نمازوں سے قبل پانچ مرتبہ اور پانچ نمازوں کے بعد پانچ مرتبہ اس طرح دس مرتبہ روزانہ ہوا۔ اگر ایسا ممکن نہ ہو تو صبح کو سات بار بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب تین بار پڑھیں۔

اس طرح سورۂ یٰسین شریف پڑھنے کی برکت سے کوئی شخص نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ مزاج میں استقلال پیدا ہو گا۔ روزانہ

خرچ کا انتظام خود بخود ہو گا۔ نہ یہ حاجت رہے گی کہ کل کیا ہو گا۔ حتیٰ کہ شادی بیاہ اور تمام ضرورتیں خود بخود پوری ہوتی چلی جائیں گی افسران خوش رہیں گے۔ ہر بات اور مشورہ کو مخلوق صحیح مانے گی اور اس پر عمل کرے گی۔ کتنی ہی روزی میں تنگی ہو غیب سے سامان ہوتا رہے گا۔ اگر صاحب اولاد ہے سب اچھی حالت میں رہیں گے اور ہمیشہ خواب میں اپنے والدین کو اچھی حالت میں دیکھے گا۔ چہرہ پر جلال رہے گا اور ہر شخص قدر و منزلت کرے گا۔ جس مریض پر ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر دے گا انشاء اللہ تعالیٰ اسے شفا حاصل ہو گی۔

اللہ تعالیٰ نے عجیب و غریب صفات اس سورۃ میں مخفی رکھی ہیں۔ جس قدر تعداد بڑھا کر پڑھے گا اسی قدر فائدہ زیادہ بہتر حاصل ہو گا۔ نہایت خلوص کے ساتھ روزانہ پڑھتے جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ قدم قدم پر کامیابی حاصل ہو گی۔

معطلی سے بحالی اور روزگار کے لیئے :

جسے روزگار نہ ملتا ہو یا اپنے روزگار سے معطل ہو گیا ہو تو نوچندی جمعرات و جمعہ کو روزے رکھے اور شب جمعہ میں بستر پر لیٹتے وقت یہ سورۃ پڑھے وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهِ أَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِي سے الْمُحْسِنِينَ (پارہ وما ابری رکوع ۱۱ تک۔ پھر جمعہ کے دن مابین ظہر اور عصر کے اس سورۃ کو لکھے پھر افطار کر کے اس سورۃ کو پڑھے۔ پھر نماز عشاء کے بعد اس سورۃ کو پڑھے پھر بستر پر جا کر اس سورۃ کو پڑھے اور سو بار لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ کہے اور سو بار اللّٰهُ أَكْبَرُ اور سو بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور سو بار سبحان اللہ اور سو بار استغفار اور سو بار درود شریف پڑھے پھر سو رہے۔ جب صبح ہو گھر سے نکل کر لکھی ہوئی سورت کو تعویذ بنا کر باندھے اور پختہ عہد اور نیت کرے کہ کبھی کسی پر ظلم نہ کروں گا اور اپنے حق سے زیادتی نہ کروں گا۔

انشاءاللہ اسی ہفتہ میں یا کچھ زیادہ میں برسرِ روزگار ہو جائے گا۔ جو شخص پڑھنا نہ جانتا ہو وہ اس لکھے ہوئے کو سر تلے رکھے باقی لا الہ الا اللہ وغیرہ حسب ہدایت کہے۔

تنگی کسطرح رفع ہو

جسکی روزی تنگ ہو گناہ سے توبہ کرے اور نیک کاموں کا ارادہ کرے پھر شب جمعہ کی نصف کو اٹھ کر استغفار سو مرتبہ اور درود شریف سو مرتبہ اور آیت ومن قدر علیہ رزقہ سے یسرا (پارہ ۲۸ رکوع ۱۷ تک سو مرتبہ۔ پھر درود شریف سو مرتبہ پڑھ کر سو رہے تو خواب میں معلوم ہو جائے گا کہ کیا تدبیر کرے جو تنگی دفع ہو

وسعت عیش کے لیئے

سورۂ انا انزلناہ اور قل یا ایہا الکافرون اور قل ہو اللہ گیارہ گیارہ بار پانی پر دم کر کے نئے کپڑے پر چھڑک دے تو اس کے استعمال تک عیش میں رہے۔

کشائیش رزق اور وست غیب کے لیئے

جو شخص یا بدیع العجائب یا لخلیر اللہ الصمد بسم اللہ الرحمن الرحیم یا حافظ یا رزاق بعد نماز صبح ایک سو بار آسمان کے نیچے (بلا وساطت کسی چھت یا سایہ دار درخت وغیرہ کے) ہمیشہ بلاناغہ پڑھتا رہے اور اول و آخر اس درود شریف کو پڑھتا رہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الرِّزْقِ وَالْفُتُوْحَاتِ،

وستِ غیب و کشائیش رزق کے لیئے مجرب ہے۔

رزق و روزگار کے لیئے

چالیس روز بلاناغہ آیت قطب تین بجے رات کو ستر مرتبہ پڑھے۔ اگر ترک حیوانات ہو سکے تو بہتر ورنہ مکروہات سے پرہیز رکھے۔ آیت قطب یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اِلٰی قَوْلِہٖ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۵

تونگری کے لیئے

بسلطان المشائخ شیخ الہند حضرت شیخ فرید الدین گنج شکر سے منقول ہے کہ اگر بعد نماز فجر پچیس بار سورہ اذا جاء پڑھا کرے تو تونگر ہو جائے

ادائیگی قرض وغیرہ کیلئے

حضرت معروف کرخی قدس سرہ نے بعض دوستوں کو قضائے دین اور وسعتِ رزق کے لیئے سحر کے وقت لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ واللّٰہ اکبرُ وسبحانَ اللّٰہ والحمد کثیراً سبحان اللّٰہ بکرَۃً وَ اَصِیْلاً ۵ پچیس بار پڑھتے رہنے کی تعلیم کی تو تھوڑے عرصے میں ان کا مقصد دلی پورا ہو گیا۔

روزی و روزگار کے لیئے

نماز فجر سے پہلے یا بعد آیت مبارک اِنَّ اللّٰہَ ھُوَالرَّزَّاقُ ذُوالْقُوَّۃِ اَلْمَتِیْنِ۔ ہزار مرتبہ پڑھنا نہایت مفید ہے اور بعض اسی کو پانسو پڑھنے کے لیئے بھی کہتے ہیں اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ حصولِ رزق و روزگار کے لیئے مفید ہے۔

فلاح دارین کے لیئے

آنحضرتؐ نے اپنی صاحبزادی کو یہ تسبیح تعلیم فرمائی تھی۔ کشائش امور دینی و دنیوی کے لیئے بہت مفید ہے اور وہ یہ ہے سبحان اللّٰہ ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۳ بار اللّٰہ اکبر ۳۴ بار درود تاج بھی پانچ بار پڑھنا چاہیئے۔

اسرار عجیب

حضرت شیخ پیر عبدالقادر جیلانی قدس سرہ نے غنیۃ الطالبین میں لکھا ہے کہ کسی شخص نے حضرت حسن بصریؓ سے ادائے قرض کے لیئے اسم اعظم طلب کیا آپ نے فرمایا کہ پہلے وضو کرکے دو رکعت نماز پڑھ کر اس کے بعد اس طرح کہہ یا اَللّٰہُ یا اللّٰہُ اَنْتَ اللّٰہ اَنْتَ اللّٰہ بلٰی واللّٰہ اَنْتَ اللّٰہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اللّٰہ ۔ اَللّٰہ اَللّٰہُ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اقْضِ عَنِّیَ الدَّیْن وَاُرْزُقْنِی بَعْدُیْن

اس مرد سائل نے رات کے وقت یہ عمل کیا اور صبح کے وقت دو لاکھ درہم ایک ہمیانی میں نماز کی جگہ پائے اس پر لکھا تھا کہ اگر اس سے زیادہ طلب کرتا ہم دیتے۔ پس کس واسطے تو نے بہت نہ مانگے۔ اس مرد نے یہ کیفیت حسن بصریؓ سے بیان کی تو آپ نے اس راز کو پوشیدہ رکھنے کی ہدایت فرمائی۔

رفع محتاجی کے لیئے

جو شخص روزانہ سو بار لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ کو اپنا ورد رکھے تو دنیا میں بحالتِ زندگی اسکو محتاجی سے امن ملے اور بعد مرگ وحشتِ قبر سے دل نہ گھبرائے۔

اگر یہی کلمہ عقیق کے نگینہ پر کندہ کرکے نگینہ کو انگشتری نقرہ میں نصب کراکے داہنے ہاتھ کی انگلی میں پہن لے۔ انشاء اللہ جب تک انگشتری ہاتھ میں رہے گی کبھی ہاتھ روپیہ سے خالی نہ رہے گا۔ زبان سے بھی اس کا ورد رکھے تو بہتر ہے۔

وَلَمْ تَنْتَهِ اِلَيْهِ رَغْبَتِيْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ مَسْئَلَتِيْ وَلَمْ يَجْرِ عَلٰى لِسَانِيْ مِنْ مَا اَعْطَيْتَ اَحَدًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ مِنَ الْيَقِيْنِ فَخُصَّنِيْ بِهٖ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ

سیدنا حضرت امام حسن رضؓ فرماتے ہیں کہ بخدا اس دعا کو سات روز بھی میں بالحاح نہ پڑھنے پایا تھا کہ معاویہ رضؓ نے مجھ کو پانچ لاکھ چند ہزار روپے بھیج دیئے اس وقت میں نے کہا اس خدا کا شکر ہے جو اپنے یاد کرنے والے کو نہیں بھولتا اور اپنے پکارنے والے کو محروم و مایوس نہیں کرتا اور اس کے بعد پھر میں نے رسولؐ کو خواب میں دیکھا کہ فرماتے ہیں حسن رضؓ اب کیا حال ہے۔ میں نے عرض کیا اچھا ہے یارسول اللہ اور سارا قصہ بیان کیا۔ فرمایا جانِ پدر جو خالق سے اُمید رکھے اور مخلوق سے نااُمید ہو وہ ایسا ہی کامیاب ہوتا ہے۔

کشائش رزق کیلئے

ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ

چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرا کر اس انگوٹھی کو پہنے رہے۔ ایسی جگہ سے رزق ملے کہ وہم و گمان بھی نہ پہنچ سکے۔

کثرت مال کیلئے

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ایک ہزار بار اور یا وہابُ ایک ہزار بار ہمیشہ پڑھا کرے مرتبہ اس کا بلند ہو اور بے شمار مال و دولت ہاتھ آئے۔

کشائش امور دنیوی کے لیے

درود تنجینا ستر بار پڑھ لیا کرے انشاء اللہ کسی حاجت میں درماندہ نہ ہوگا درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

ترقی رزق اور جاہ و حشمت کیلئے

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ نماز فجر کی سنت و فرض کے مابین اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ بحضور قلب ایک سو ایک بار تسبیح پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ چند روز میں تنگدستی دور بیکاری کا نور اور جاہ و منصب میں حسب خواہش ترقی ہو جائے گی۔

فلاح دنیوی کے لیے

اَللّٰھُمَّ اقْذِفْ فِیْ قَلْبِیْ رَجَاکَ وَاقْطَعْ رَجَائِیْ عَمَّنْ سِوَاکَ حَتّٰی لَا اَرْجُوْ اَحَدًا غَیْرَکَ اَللّٰھُمَّ وَمَا ضَعُفَتْ عَنْہُ قُوَّتِیْ وَقَصُرَ عَنْہُ عَمَلِیْ

قضائے حاجات کیلئے مجرب اعمال

قبولیت دُعا کیلئے

نماز تہجد کے بعد اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سے لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ تک پڑھ کر جو مانگے انشاء اللہ قبول ہو۔ رسولِ مقبول بعد نماز تہجد یہ رکوع پڑھا کرتے تھے۔ (پارہ لن تنالو رکوع آخر آل عمران)

ایضًا۔ وَاِذَا جَآءَتْهُمْ اٰیَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰی نُؤْتٰی مِثْلَ مَآ اُوْتِیَ رُسُلُ اللّٰهِ، اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ط ان آیات میں اسم ذات اللہ دو جگہ واقع ہے جو شخص ان دونوں لفظ اللہ کے درمیان کوئی دعا مانگے انشاء اللہ قبول ہو۔

ادائے قرض کے لیے

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِكَ الْخَیْرُ ط اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ جو صبح و شام سات بار پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ قرض ادا ہو جائے گا۔

دفع مصیبت کیلئے

کسی مصیبت و ابتلاء میں گرفتار ہو تو حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ کا ورد

رکھے انشاء اللہ مصیبت رفع ہو جائے گی۔

ایضاً! بلا و مصیبت کے وقت اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ بکثرت پڑھے نجات ہو۔

اسم اعظم

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط میں اسم اعظم مخفی ہے (اسم اعظم لیلۃ القدر کی طرح پوشیدہ رکھا گیا ہے تاکہ طالب اسرار الٰہی کا مشاہدہ کرے اور رضائے حق کا جویاں رہے۔ چنانچہ صوفیائے کرام و اولیائے عظام اس بارے میں اختلاف رکھتے ہیں۔ بعض نے ملکہ املاک الملاک کو بعض نے یَا حَیُّ یا قَیُّوْمُ وغیرہ کو اسم اعظم مانا ہے۔ لیکن بقول ابو الزبیع یقینی طور پر اسم اعظم یہ ہے اطعی لیطعک اللہ کی فرماں برداری کرو) یعنی اللہ کی اطاعت و فرماں برداری کرنی اسم اعظم ہے واللہ اعلم بالصواب (مولف) جس بلا و مصیبت میں بکثرت پڑھے گا۔ انشاء اللہ رفع ہو گی۔

ہر مہم میں آسانی کے لیئے

جو شخص کسی مہم اور غرض کے لیئے سورہ انعام کا ورد رکھے تو انشاء اللہ وہ پوری ہو جائے گی۔

انجاح حاجات کے لیئے

نٓ اور جتنے حروف مقطعات قرآن شریف میں ہیں ان سب کو انگشتری پر کندہ کرا کر جو شخص اپنے پاس رکھے۔ خدا اسکی سب حاجتیں بر لائے اور خوبی سے بسر ہو۔

ایک مجرّب دُعا

حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ جس شخص کو کوئی حاجت ہو اسے ایک رقعہ میں یہ عبارت لکھنی چاہیے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط مِنْ عَبْدِ الذَّلِیْلِ اِلٰی رَبِّ الْجَلِیْلِ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُرُّ وانت ارحم الراحمین۔ پھر اس رقعہ کو دریا میں ڈال دے اور کہے اللّٰھُمَّ مُحَمَّدٌ وَاٰلِہٖ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ وَصَحْبِہٖ الْمَرْضِیِّیْنَ اقْضِ حَاجَتِیْ یَا اَکْرَمُ الْاَکْرَمِیْنَ اور اپنی حاجت کا نام لے انشاء اللہ اسکی حاجت پوری ہوگی۔

عمل بسم اللہ شریف

جو شخص ایک ہزار بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے اور دو رکعت نماز ادا کرکے اپنی حاجت کے لئے دعا مانگے۔ پھر ایک ہزار بار پڑھے اور اسی طرح دو رکعت پڑھ کر دعا مانگے۔ اسی طرح بارہ ہزار مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم ختم کرکے دو رکعت پڑھ کر اپنی حاجت کے لئے دعا مانگے تو خدا اسکی حاجت پوری فرما دے گا۔

ایضاً بعض صالحین سے منقول ہے کہ جو شخص ۶۲۵ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھ کر اپنے پاس رکھے، تو لوگوں کے دلوں میں اسکی ہیبت پیدا ہو اور کوئی شخص اسے ضرر نہ پہنچا سکے۔

ایضاً! اوائل ماہ میں جس کام کے لئے بسم اللہ کا وظیفہ مقرر کرے بے شک وہ مطلب بر آئے۔ اوّل دو رکعت نماز ادا کرے۔ پھر اوّل و آخر درود شریف پڑھ

کر ایک ہی مجلس میں بارہ ہزار بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے۔ انشاءاللہ صبح ہی اس کا مطلب برآئے گا۔ اگر ایک روز میں مطلب پورا نہ ہو تو ایک ہفتہ تک کرے اگر اس قدر نہ پڑھ سکے تو ہر روز دو رکعت پڑھ کر پندرہ سو مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے۔ سات روز میں مطلب برآئے گا۔

بست در بست کا نقش

اکیس روز تک دریا کے کنارے جا کر بیٹھے اور ہر روز خوشبو رکھ کر اکیس نقش لکھے۔ پھر گولیاں بنائے اور بیس گولیاں دریا میں ڈال کر ایک اپنے بازو پر باندھے دوسرے روز بازو والے نقش کو کھول کر دریا میں ڈالے اور ایک کو بازو پر باندھے اسی طرح اکیس روز تک کرے۔ بعد ختم عمل یعنی آخر روز ایک نقش بازو پر بندھا رہ جائے گا۔ اس کے بعد انشاء اللہ بہت روپے اس کے ہاتھ آئیں گے اور ہر کام میں فتح و کامیابی حاصل ہوگی اور جس کام کے لیئے لکھے گا اثر ہوگا۔



ختم قرآن کا عمل

حسب ذیل ترتیب سے قرآن مجید ختم کرے جس حاجت کے لیئے دعا مانگے قبول ہوگی۔ جمعہ کے روز سورہ بقرہ سے آخر مائدہ تک اور شنبہ کے روز انعام سے آخر توبہ تک یکشنبہ کو سورہ یونس سے آخر مریم تک دوشنبہ کو طٰہٰ سے آخر قصص تک۔ سہ شنبہ کو سورہ عنکبوت سے سوٗرہ صٓ تک۔ چہار شنبہ کو سورہ زمر سے آخر سورہ رحمٰن تک پنجشنبہ کو سورہ واقعہ سے آخر قرآن تک بعد ختم سجدے میں جاکر دعا مانگے۔

کفایت مہمات کیلئے

ایک مربع کاغذ کے چاروں گوشوں میں الحق لکھ کر اس کو ہتھیلی پر رکھ کر آسمان کی جانب بلند کرے تو مہمات میں کفایت ہو۔

۲۔ جو شخص ہزار بار اسم اَلْبَدِیْعُ پڑھے تو حاجت پوری ہو اور ضرر سے محفوظ رہے۔

۳۔ دعا کے ساتھ اسم اَلْمُجِیْبُ کا ذکر کرنا قبولیت دعا کے لیئے مجرب ہے

۴۔ ہر حاجت کے لیئے اسم اَلْوَکِیْلُ کی کثرت رکھنا مفید ہے۔

نماز حاجت

مشکل حاجات کے برآنے کے واسطے چار رکعت ادا کرے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّی کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ؕ سو بار پڑھے ۔ اور دوسری رکعت میں بعد فاتحہ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ سو بار پڑھے اور تیسری رکعت میں بعد فاتحہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرُ الْعِبَادُ ط سو بار پڑھے اور چوتھی رکعت میں فاتحہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَلنِعْمَ الْوَكِیْلُ ۰ سو بار پڑھے ۔ پھر سلام پھیر کے رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ سو بار اس کے بعد جو حاجت درپیش ہو اس کے لیئے خدا سے دعا مانگے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ چاروں آیتیں اسم اعظم ہیں کہ جن کے وسیلہ سے دعا مانگے قبول ہو۔ اور میں تعجب کرتا ہوں اس شخص پر جو بواسطہ ان کے دعا کرے اور قبول نہ ہو۔

قبولیت دعا کے لیئے ؛

یَا اللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ۔ بعد نماز فجر تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے آٹھ دن نہ گزرنے پائیں گے جو مراد مانی ہوگی ۔ انشاء برآئیگی ۔ ہر مسلمان مومن کو اس کے پڑھنے کی اجازت ہے۔

ختم خواجگان چشت

پہلے سورۃ فاتحہ سات بار پھر الم نشرح اناسی بار پھر درود شریف ۱۰۰ سو بار اس کے بعد ایک ہزار بار سورہ اخلاص پھر سورہ فاتحہ سات بار اور درود شریف سو بار پھر سو سو بار یہ اسمائے معظم یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ وَیَا كَافِیَ الْمُهِمَّاتِ وَیَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ وَیَا حَلَّالَ الْمُشْكِلَاتِ وَیَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ وَیَا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ وَیَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ وَیَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔

کسی مشکل کے لیئے ختم خواجگان چشت کا طریقہ یہ ہے کہ وضو کر کے قبلہ رو ہو کر بیٹھے پہلے دو سو بار درود شریف پھر تین سو ساٹھ بار یہ دعا پڑھے لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَیْهِ اس کے بعد تین سو ساٹھ بار الم نشرح۔ پھر دعائے مذکور پڑھ کر اس کے بعد درود شریف پڑھ کے ختم کرے اور اپنی حاجت خدائے تعالےٰ سے بیان کرے

ختم خواجگان قادریہ:

اول دو رکعت نفل پڑھے پھر سو سے زیادہ الم نشرح پڑھے۔ اس کے بعد کلمہ تمجید گیارہ بار سورہ یسین ایک بار

ختم کلاں کا ارادہ ہو تو سورہ الم نشرح ایک ہزار گیارہ بار ورنہ ایک سو اکتالیس بار پڑھے اور ہر تقدیر کے درمیان ایک سو گیارہ بار درود شریف پڑھ کر خدائے تعالےٰ سے اپنا مطلب عرض کرے ہر قسم کی مہمات آسان ہوں گی۔

رنج و غم اور مصیبت دفع ہو:

عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ جب کسی قسم کا رنج و مصیبت پہنچے تو تین مرتبہ کہے اَللّٰهُ رَبِّیْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَیْئًا اور حضرت عبداللہ بن عباس سات بار اسی کو پڑھنے کو روایت کرتے ہیں۔ بی بی اسماء بنت عمیش کہتی ہیں کہ آنحضرت نے اولاد عبدالمطلب کو خطاب کر کے فرمایا کہ جب تم پر کسی کی سختی یا مصیبت یا بیماری آئے تو کہو اللّٰہ ربی لا اشرک بہ شیئا۔

ننانوے بلاؤں کا علاج

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

ننانوے بلاؤں کا علاج یہ ہے۔ جن میں سخت غم سب سے سہل بلا ہے۔ یعنی ان میں سب سے کم سخت غم اور آسمان سی بلا ہے۔

مطلب برآری کے لیئے

نماز فجر سے پہلے دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں سات بار سورہ فاتحہ اور ایک بار کافرون اور دوسری میں سات بار سورہ فاتحہ اور ایک بار سورۂ اخلاص بعد سلام دس بار کلمہ تمجید اور دس بار غیاث المستغیثین اغثنا۔ یہ نماز حضرت خضر نے امام زاہد کو تعلیم فرمائی تھی۔ ہر مطلب کے لیئے مجرب ہے

تسخیر و محبت کیلئے تیر بہدف اور مجرب اعمال

درود تاج

ہر مقصد و مطلوب اور مواصلت محبوب کے لیئے آدھی رات کے بعد با وضو باعتقاد کامل چالیس بار پڑھے۔ انشاء اللہ مطلب دلی حاصل ہوگا۔

الرحمٰن ، اول سوالاکھ بار پڑھ کر زکواۃ ادا کریں تاکہ عامل کامل ہوجائیں اس کے بعد ایک سو پانچ بار صبح اور ایک سو ایک مرتبہ شام ہمیشہ اپنا ورد رکھیں جب و تسخیر وغیرہ جس بارے میں کسی شے پر دم کریں پورا پورا اثر ہو اور اس کا عامل ہمیشہ مال دار رہے کبھی محتاج نہ ہو۔

حب حلال کیلئے :

جس کا شوہر ناراض ہو اس آیت کو شیرنی پر پڑھ کر کھلائے۔ انشاء اللہ مہربان ہو جائے گا۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ط وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ
اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ.

۲- اس آیت کو شیرینی پر دم کرکے کھلائے تو موجب محبت ہو يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهُ
اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ز ۔

۳- يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِئِيْنَ

وَقَالَ نِسْوَۃٌ فِی الْمَدِیْنَۃِ امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ تُرَاوِدُ فَتٰھَا عَنْ نَّفْسِہٖ قَدْ شَغَفَھَا حُبًّا اِنَّا لَنَرٰھَا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۵ آیات حب میں سے السجراتی صدر عمل کرے

۴۔ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ لَھُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا آیات حُب میں سے ہے حسب ہدایت صدر عمل کرے۔

۵ اِنِّیْ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَیْرِ عَنْ ذِکْرِ رَبِّیْ حَتّٰی تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ رُدُّوْھَا عَلَیَّ فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ۵ آیات حب میں سے ہے حسب ترکیب مندرجہ صدر عمل کرے

۶۔ شب جمعہ میں آدھی رات کے وقت تین بار یہ آیت پڑھے فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۵ اس کے بعد یہ پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّبُّ حَسْبِیْ مِنْ فُلَانِ ابْنِ فُلَانَۃٍ اَوْ فُلَانَۃَ بِنْتِ اَعْطِفْ قَلْبَہٗ اَوْ قَلْبَھَا اِلَیَّ وَ ذَلِّلْہُ اَوْ ذَلِّلْھَا اِلَیَّ فلان بن فلانہ کی بجائے مطلوب اور اس کی ماں کا نام لے۔ فلانہ بنت فلانہ عورت کے لیے ہے اسی طرح قلبہ وذلہ، مرد کے لیے ہے اگر مطلوب عورت ہو تو قلبھا وذلھا کہا جائے گا۔ اگر ماں کا نام معلوم نہ ہو تو ابن حوّا یا بنت حوّا کہدے۔

۷۔ اللہ اکبر۔ پانسو بار۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم دس بار۔ آیۃ الکرسی۔ سورہ اخلاص معوذتین اور یہ دعا ایک کاغذ پر لکھے۔
اَللّٰھُمَّ اَعْطِفْ قَلْبَ فُلَانَ ابْنِ فُلَانَۃٍ اَ فُلَانَۃِ بِنْتِ فُلَانَۃٍ عَلٰی ابْنِ فُلَانٍ اَوْ بِنْتِ فُلَانَۃٍ ط اپنے داہنے بازو پر باندھے تو مطلب حاصل ہو۔

۸۔ مُبدُّوحُ : ایک حلوے کے ٹکڑے پر لکھ کر جسے کھلائے وہ اس سے بہت محبت کرنے لگے۔

۹۔ مُبدُّوحُ : چھری پر لکھے تو جو چیز اس چھری سے کاٹ کر کسی کو کھلائے وہ اس سے محبت کرنے لگے۔

۱۰۔ اگر چند اشخاص میں باہم نفاق ہو۔ یہ آیات معظم چینی کی رکابی میں لکھے اور شہد سے دھو کر کھانے میں ڈال دے اور جن میں باہم اتفاق کرانا ہو اُن سے سب کو کھلائے۔

۱۱۔ دوشنبہ کے روز درخت ارنڈ کی لکڑی کے ٹکڑے لائے اور لاتے وقت حب کے واسطے سے جانے کی نیت کرے۔ ان ٹکڑوں کو درخت سے توڑ کر سایہ میں خشک کرے۔ جب خشک ہو جائے تو اتوار یا جمعرات کے دن مٹی کے برتن میں رکھ کر ٹکڑے ٹکڑے کرے اور ایک سو ایک بار یہ آیت اس پر دم کرے اور اسے جلا کر راکھ بنا لے۔ پھر اس راکھ کو اپنے سامنے رکھ کر ایک سو ایک بار یہ آیت باوضو پڑھ کر دم کرے اور جسے اپنے عشق میں گرفتار کرنا ہو اسے شیرنی میں ایک رتی ملا کر اپنے ہاتھ سے کھلائے وہ مطیع و فرماں بردار ہو جائے گا۔ خواہ عورت شوہر کو دے یا شوہر عورت کو آیت یہ ہے۔ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ

۱۲۔ جس سے محبت و الفت کرنا چاہیئے۔ اس آیت کو بیلے کے پھول۔ روئی

شکر یا مٹھائی پر سات بار پڑھ کر کھلائے ۔ انشاء اللہ بے حد الفت اور کافی محبت ہو جائے گی ۔ آیت یہ ہے مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّن رِّجَالِکُمْ وَلٰکِن رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

۱۳ شنبہ کے روز سیسہ کی تختی میں ڈال طالب کا نام پھر لفظ محبت پھر مطلوب کے نام کی تکسیر کا نقش کر کے مطلوب کے مکان میں دفن کر دے تو مطلب حاصل ہو ۔ بھیڑے اور بکری میں بھی محبت ہو جائے الواح الجواہر میں ہے کہ اگر ذیب محبت غنم سے حروف مربع عشاری میں بطریق تکسیر شنبہ کے دن کندہ کرے بکریوں کے بندھنے کی جگہ دفن کر دے تو بھیڑے اور بکری میں بھی باہم محبت ہو جائے مثلاً ذیب محبت ۔ غنم کے حروف ذ ۔ ی ۔ ب ۔ م ح ۔ ب ۔ ت ۔ غ ۔ ن ۔ م ۔ ہیں ۔ جن کی تکسیر نقشہ مندرجہ سے ظاہر ہے ۔

ذ	ی	ب	م	ح	ب	ت	غ	ن	م
ی	ب	م	ب	ت	غ	ن	م	م	ذ
ب	م	ح	ب	ت	غ	ن	م	ذ	ی
م	ح	ب	ت	غ	ن	م	ذ	ی	ب
ح	ب	ت	غ	ن	م	ذ	ی	ب	م
ب	ت	غ	ن	م	ذ	ی	ب	م	ح
ت	غ	ن	م	ذ	ی	ب	م	ح	ب
غ	ن	م	د	ی	ب	م	ح	ب	ت
ن	م	ذ	ی	ب	م	ح	ب	ت	غ
م	ذ	ی	ب	م	ح	ب	ت	غ	ن

حب کا ایک پر اسرار عمل

یہ عمل بہت ہی برکت والا ہے اور عجیب تاثیر رکھتا ہے بالخصوص ان لوگوں کے لیئے جو تفریق کے بعد ملاپ چاہیں یا جو علوم وفنون کے جویا اور مقامات اعلیٰ واحوال شریفہ میں متمکن ہونے کے خواہش مند ہوں ان کے لیئے ایک لطیف بھید ہے۔

اَللّٰھُمَّ یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ ط اِنَّ اللّٰہَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ۔ اِجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ کَذَا (اے اللہ لوگوں کے جمع کرنے والے ایسے دن کے لیئے جس میں کچھ شک نہیں بے شک اللہ تعالےٰ وعدے کے خلاف نہیں کرتا۔ مجھ میں اور فلاں (یہاں مطلوب کا خیال کرے) میں ملاپ کرادے تو بے شک اس کو محبوب سے ملادے گا۔

باندی یا غلام کی تسخیر کے لیئے

جسکی لونڈی یا غلام سرکش ہو۔ اسکی پیشانی کے بال پکڑ کر تین مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ تابعدار اور مسخر ہو جائے گا۔ اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ رَبِّیْ وَرَبِّکُمْ مَا مِنْ دَآبَّۃٍ اِلَّا ھُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ

جن وانس کی تسخیر کیلئے

جس قمری مہینہ کی پہلی تاریخ جمعرات کے روز آئے اس دن غسل کر کے روزہ رکھے اور شام کو جو کی روٹی شکر اور کسی قسم کے ساگ سے روزہ افطار کرے

پھر اپنے وقت پر سو جائے۔ جب آدھی رات ہو اٹھ کر وضو کرے اور قبلہ رو ہو کر پارہ اول رکوع ۴ میں سے ۳۳ (تینتیس) بار یہ آیت پڑھے وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ سے اَلْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ تک۔ پھر ان ہی آیات کو مشک و زعفران و گلاب سے کسی کانچ کے برتن پر لکھ کر اولوں کے پانی سے دھو کر پیے اور سو رہے سات روز تک یہی عمل کرے۔ مگر آخری روز یہ آیات ۳۳ کی بجائے ستر بار پڑھے۔ جس مکان میں پڑھے وہ کامل تنہائی کا ہو اور اس میں عود کی دھونی دی جائے۔ وظیفہ سے فارغ ہو کر ان ہی کپڑوں میں سو رہے۔ کشف علوم اور تسخیر جن و انس کے لیئے مفید ہے۔

تسخیر خلق کے لیئے

آب گینہ یعنی کانچ کے آب نارسیدہ برتن میں اس آیت کو زعفران و گلاب سے لکھ کر عود کی دھونی دے اور چنبیلی کے روغن خالص سے اس کو دھو کر سبز شیشے میں رکھ دے۔ جب کسی کے پاس جانے کی ضرورت ہو تھوڑا روغن اپنی دونوں ابروؤں پر مل کر جائے تو اسکی عزت و قبولیت اور محبت و جاہ لوگوں کے دلوں میں پیدا ہو۔ آیت یہ ہے۔

یُرِیْدُوْنَ اَنْ یُّطْفِئُوْا سے وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ تک (پارہ وَاعْلَمُوْا ۱۰ رکوع ۱۱) اگر اس آیت کو زعفران و گلاب سے ہرن کی جھلی پر لکھ کر عود الطیب سے دھونی دے کر کوئی شخص داہنے بازو پر باندھے تو بھی یہی تاثیر ہے۔

تسخیر مرد یا عورت کے لیئے

جو کسی کسی مرد یا عورت کو مسخر کرنا چاہیے تو نقش کو عروج ماہ میں دو شنبہ

کے روز دریا کے کنارے بیٹھ کر غسل وطہارت کے بعد قبلہ رو بیٹھ کر چودہ نقش لکھے اور اسی جگہ آٹے وشکر میں گولیاں بناکر دریا میں ڈال دے اور ہر ایک نقش میں طالب ومطلوب کا نام بھی لکھے نیز ان چودہ روز یعنی دوران عمل میں جلالی وجمالی پرہیز رکھے۔ تیرہ روز اسی طرح گولیاں دریا میں ڈال رہنے کے بعد چودہویں روز اپنے گھر غسل کر کے تھوڑے سے چاول پکاکر مٹی کے نئے برتن میں رکھے اور اس کے برابر گھی وشکر ملائے۔ پھر اسی کے برابر میوہ اور ایک سفید مرغ لے کر کسی سے بات چیت کئے بغیر اسی دریا کے کنارے جائے۔ سب سے پہلے مرغ کو بلند آواز سے شرعی طریق پر تکبیر کہتا ہوا ذبح کرے اور ان تمام چیزوں پر اس نقش کے موکلوں اور نبی کریم کے نام کا فاتحہ دے کر حسب سابق نقش لکھ کر رکھا جائے۔ جب تیرہ گولیاں بن جائیں تو ایک نقش اپنے پاس رکھے اور باقی دریا میں ڈال دے۔ ان نقوش پر طالب ومطلوب کا نام ضرور لکھے جب گولیاں بنا چکے تو باقی سامان یعنی مرغ وغیرہ کو اسی جگہ گہرا دفن کر دے اگر دفن نہ کرے گا یا کوئی شخص اسے کھالے گا تو دیوانہ ہوجاتے گا اور طالب کا کام بھی نہ ہوگا۔ پھر گولیوں کو دریا میں ڈال کر اور ایک نقش ہمراہ لے کر گھر واپس آجائے اور اس کو طالب اپنے بازو پر باندھ لے انشاء اللہ مطلوب ایک گھنٹہ کے بعد حاضر ہو کر اس اطاعت وفرماں برداری کرے گا۔ اگر نہ آئے تو دیوانہ بن جائے گا نقش یہ ہے۔

جبرائیل ۷۸۶ عزرائیل

۸۰	۴۰	۳۲	۱۲۰
۲۴	۱۲۸	۷۲	۴۸
۱۰۴	۱۶	۵۶	۹۶
۶۴	۸۸	۱۱۲	۸

میکائیل اسرافیل

عام قبولیت کیلئے:

پارہ وَمالی ۲۲ کی سورۃ زُمَر کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو خلقت کی نظروں میں محبوب ہو۔

۲۔ اَلْمُحْصِیُ۔ روٹی کے بیس بار پڑھ کر کھائے تو خلقت مسخر ہو جائے

۳۔ پارہ حٰمٓ رکوع ۹ کی آیات اِنّا فتحنا سے حکیما تک ہرن کی جھلی پر مشک زعفران و گلاب سے باوضو لکھ کر ٹوپی میں رکھے اور جب تک ٹوپی پہنے باوضو رہے۔ قبولیت عام حاصل ہوگی۔

۴۔ اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ کی کثرت کرے یا لکھ کر باندھے تو مکروہات سے امن میں رہے اگر اس کو لکھ کر پانی سے دھو کر وہ پانی کسی درخت کی جڑ میں ڈال دے تو اس میں پھل بکثرت پیدا ہوں اگر کسی کو گھول کر پلا دے تو اس کے دل میں محبت پیدا ہو۔

اس کی محبت میں سرگرداں ہو جائے۔ بشرطیکہ محبت جائز ہو۔

۵۔ شب جمعہ میں روٹی کے بیس ٹکڑوں پر اَلْعَدْلُ لکھ کر کھائے تو مخلوق کے قلوب مسخر ہو جائیں۔

۶۔ اَلْوَدُوْدُ حریر کے کپڑے میں ۳۵ بار لکھ کر پاس رکھے تو لوگوں کے دلوں میں محبوب ہو جائے۔

پیغام نکاح کی قبولیت وغیرہ کیلئے

جمعرات کے روز کسی طالع مند آدمی کے کرتے کے ٹکڑے پر یہ آیات قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ سے وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ تک (پارہ تلک الرسل

رکوع ۱۶) باوضو لکھ کر دوکان۔ مکان یا خرید و فروخت کی جگہ پر لٹکا دے تو خوب آمدنی ہو۔

اگر کاغذ پر لکھ کر کسی بے کار آدمی کے بازو پر باندھ دے تو باکار ہو جائے جس نے کہیں نکاح کا پیغام بھیجا ہو اس کے بازو پر باندھا جائے تو اس کا پیغام بفضلہ تعالے منظور ہو جائے

مطلوب کو مہربان کرنے کیلئے:

عروج ماہ میں دوشنبہ کے روز توت کے عرق سے ہرن کی جھلی پر یہ آیات وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا سے ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ تک (پارہ لن تنالو رکوع ۲) لکھ کر آخر میں یا مؤلف القلوب الف بین فلاں و فلاں لکھے اور طالب کے بازو پر باندھے تو مطلوب مہربان ہو جائے

عداوت ہو تو بھی دوستی سے متبدل ہو جائے۔ اگر غضبناک ہو تو مہربان ہو جائے۔ اور اقبال و جاہ میسّر ہو۔ اگر واعظ اپنے پاس رکھے تو اس کا وعظ مقبول و موثر ہے۔

ترقی رزق اور زوجہ کا محبوب بننے کے لیئے:

جو شخص پارہ وَمَا مِنْ دَآبَّۃٍ سے سورہ یوسُف لکھ کر پیے اس کے رزق میں برکت ہو اور ہر شخص کے نزدیک باقدر ہو۔ اگر تعویذ بنا کر باندھے تو اس کی بیوی سے بہت چاہنے لگے۔

۲۔ جو شخص اسم اَلْوَدُوْدُ کو ایک ہزار بار پڑھ کر کھانے پر دم کر کے بی بی کے ساتھ بیٹھ کر کھائے تو وہ محب اور فرمانبردار ہو جائے

۳۔ اگر نافرماں بی بی یا اولاد کی پیشانی پکڑ کر اسم اللہ شَہِیْدُ پڑھے یا ایک ہزار بار پڑھ کر اُن پر دم کرے تو وہ فرماں بردار ہو جائیں۔

۴۔ جو شخص ایک ہزار بار اَلْمُغْنِیُ پڑھے تو نگر ہو جائے اگر مشغولی جماع کے وقت خیال سے پڑھے تو بیوی اس سے بہت محبت کرنے لگے۔

آسانی نکاح وغیرہ کے لیئے

جو شخص پارہ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّکَ میں سے سورہ طٰہٰ لکھے اور حریر کے سبز کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھے۔ پھر جہاں پیغام نکاح کا بھیجے کامیابی ہو۔ اگر دو شخصوں یا دو لشکروں میں صلح کرانا چاہیئے تو وہ انکار نہ کریں۔ اگر اس کو دھو کر پی لے تو بادشاہ سے مقصد بر آری ہو۔ اگر کسی لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو۔ اس کے پانی سے اسے غسل دیں تو نکاح میں آسانی ہو۔

۲۔ وَلَا تَمُدَّنَّ عَیْنَیْکَ سے لِلتَّقْوٰی تک (پارہ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّکَ رکوع ۱۶) کو لکھ کر باندھے۔ اگر شادی نہ ہوئی ہو تو ہو جائے۔ نسیان ہو تو زائل ہو جائے مریض ہو تو تندرست ہو جائے اور فقیر ہو تو تونگر بن جائے۔

مہمات دارین کی آسانی کیلئے

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط۔ ہر روز سات بار یہ آیت پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسکی آخرت اور دنیا کی تمام مہموں کی کفایت کرے گا۔ خواہ صدق دل سے پڑھے خواہ یونہی زبانی پڑھے۔ یہ بڑا فائدہ اس آیت کے لیئے مخصوص ہے۔

ظالم سے حفاظت اور دشمن کی ہلاکی و بربادی کے مجرب اعمال

عدارت و دشمنی کا انحصار زیادہ تر تعصب و جہل ۔ نادانی و غلط فہمی ۔ اور حرص و حسد و بغض و کینہ پر موقوف ہے ۔ غیبت اور چغلی جلتی آگ پر تیل کا کام دیتے ہیں ۔ خدا ان بلاؤں سے محفوظ رکھے ۔

وہ مسلمان جو اقوام عالم کے لیئے شمع ہدایت بن کر آئے تھے ۔ وہ اکثر و بیشتر ان مصائب میں مبتلا پائے جاتے ہیں ۔ شب و روز آپس میں جھگڑتے رہنا آج ان کی زندگی کا معمولی مشغلہ ہو چکا ہے ۔ گفتگو میں نرمی و اخلاق کی بجائے طنز و درشتی اور کج بحثی ان کا شعار ہے ۔ بات بات پر وہ ایک دوسرے کے شدید دشمن بن جاتے ہیں جس کا سلسلہ مدتوں جاری رہتا ہے ۔ حالانکہ اس بارے میں حدیث قدسی ہے کہ کسی مسلمان کو دوسرے مسلمان کے ساتھ تین روز سے زیادہ دشمنی نہ رکھنی چاہیئے

بلاشبہ مصلحت بینی اور تال اندیشی پر مبنی ہونے کے لحاظ سے یہ حکیم صلاح خیر کا مغز ہے ۔ لیکن آہ ! آج ہم ناقص مسلمانوں کی یہ حالت ہو گئی ہے کہ جو شخص اس حکم کے تحت صلح کا قدم بڑھانے پر آمادہ ہو اسکو اپنے مخالف کی جانب سے هٰذَا فَتْحٌ مُّبِيْنٌ کا نعرہ سننے کے لیئے بھی تیار ہونا پڑتا ہے ۔ اس پر مستزاد یہ کہ ایسے موقع پر اس نام نہاد مسلمان مخالف کو دوستی اور صلح کی آڑ میں منافقانہ کاروائیوں کا ایسا موقع حاصل ہو جاتا ہے ۔ جس کا آماجگاہ بننے کے لیئے جلدی سے تیار ہو جانا قیامت سے کم نہیں ۔

حاصل کلام یہ کہ مسلمان کو مسلمان سے تین دن سے زائد عداوت رکھنا ہرگز روا نہیں لیکن وہ مسلمان جو ذاتی اغراض پر خدا اور رسول کے احکام کو قربان کر ڈالنے کا عادی ہو اُس سے صلح و صفائی کے لیئے ہاتھ بڑھاتے وقت دانائی و تدبر سے کام لینا بھی تعلیم اسلامی کے منافی نہیں۔ لہٰذا بقول خواجہ حافظ جہاں تک ممکن ہو ع

بامسلماں اللہ اللہ باہنوداں رام رام

سے کام لینا چاہیئے۔ مگر جیسا کہ عام طور پر دیکھنے میں آتا ہے۔ اکثر اوقات صلح کل اصحاب کو بھی دشمنی اور مخالفت سے محفوظ رہنا ناگزیر ہو جاتا ہے تو پھر حتی المقدور ایسے سفلہ اشخاص کی شرارتوں کو انگیز کرنا لازم ہے ورنہ اکثر شرارت کا جواب شرارت سے دیا جاتا ہے۔ اور پھر عملیات کے ذریعہ بھی دشمن کو زک پہنچانے کا خیال ہو تو بہت ممکن ہے کہ جو کنواں مخالف کے لیئے کھودے اس میں خود ہی منہ کے بل جا گرے۔ یعنی عمل کی تاثیر برعکس ثابت ہو۔ بالفاظ دیگر دشمن کے ساتھ انتقام کا ارادہ کرنے سے پہلے اپنے مبنی بر حق ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ کر لینا ضروری ہے تاکہ دشمن اور اسکی دشمنی کا صحیح امتیاز ہو سکے۔ اس کے لیئے بڑی وسیع الخیال اور فراخ حوصلہ ہونے کی ضرورت ہے۔

خصوصیت سے اہل اسلام کو معاملات باہمی میں ان امور کا خیال رکھنا نہایت ضروری ہے۔ ورنہ ایسے لوگوں کے حق میں جن کا مقصد وحید فساد فی الارض اور مخلوق خدا کو ایذا رسانی کے سوائے نہیں یا جن کا منتہائے مقصود بیجا دشمنی۔ ناروا تفوق۔ جبر ظلم سے دنیا کمانا اور غصب حقوق کرتے رہنا ہی ہے یا جنہوں نے مسلمانوں کے خلاف جا و بیجا دشمنی کرتے رہنے کو اپنی زندگی کا نصب العین قرار دے لیا ہے۔ یہ اعمال و اوراد خدا کی جلال کا صحیح نمونہ ثابت ہوں گے۔ انشاء اللہ العزیز۔ وہو ندا۔

جن و انس کے ایذا سے حفاظت وغیرہ کے لئے

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ سے خَالِدُوْنَ تک جو شخص ان آیتوں کو ہر نماز کے بعد پڑھتا رہے۔ شیطان کے وسوسہ اور سرکش شیاطین کے مکر و ایذا سے محفوظ رہے۔ فقیر ہو تو غنی ہو جائے۔ اور ایسی جگہ سے رزق ملے جہاں گمان بھی نہ پہنچتا ہو۔ اور جو صبح و شام۔ نیز گھر میں جانے اور بستر پر سونے کے وقت ہمیشہ پڑھا کرے اس کو غرق ہونے جلنے اور چوری و مرض اور ہر قسم کے خوف و اندیشہ سے امن نصیب ہو اگر اس کو ٹھیکریوں پر لکھ کر غلہ میں رکھ دے تو اس میں برکت ہو اور چوری و گھن سے محفوظ رہے۔ اگر اس کو لکھ کر اپنی دکان یا مکان میں کسی اونچی جگہ رکھ دے تو رزق بڑھے۔ کبھی فاقہ نہ ہو۔ نہ وہاں چور آئیں۔ اگر سفر یا کسی خوف ناک جگہ میں رہنے کا اتفاق ہو تو یہ آیات مع سورہ اخلاص و معوذتین اور آیہ قُلْ لَّنْ یُّصِیْبَنَا اِلَّا مَا کَتَبَ اللّٰهُ لَنَا سے الْمُؤْمِنُوْنَ تک پڑھ کر اپنے گرد ایک دائرہ کھینچ لے انشاء اللہ تعالےٰ کوئی جن و انس یا موذی جانور ایذا نہ پہنچا سکے گا۔

١۔ اَلْمُهَیْمِنُ نگین پر پانچ بار کندہ کرا کے پہنے تو ظالموں۔ شیاطین اور جن و انس کے ظلم سے محفوظ رہے۔

٢۔ وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْیَنَ سے ظالمین تک بکثرت پڑھے تو ظالموں کے شر سے محفوظ رہے۔

ظالم کے پنجہ سے رہائی کیلئے

رَبَّنَا اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْیَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ

لَدُنْکَ وَلِیًّا ج وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْکَ نَصِیْرًا ہ اگر کسی ظالم و بدکار کے شہر یا موضع میں گرفتار ہو اور نجات محال ہو تو اس آیت کو بکثرت پڑھے اور اللہ سے اپنی رہائی کے لیئے دعا مانگے رہا ہو جائے گا۔

برائے بغض و عداوت جائز:

وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ

جب دو آدمیوں میں جدائی و دشمنی ڈالنا چاہے تو اس آیت کو بھوج پتر پر لکھ کر اس کے نیچے یہ نقش لکھے۔



نقش کے نیچے یہ لکھے کہ فلاں فلاں کے درمیان تفریق واقع ہووے۔ فلاں کی جگہ ان اشخاص کا نام لکھے جن میں جدائی ڈالنی ہو اور تعویذ بنا کر پرانی قبروں کے درمیان دفن کر دے۔ مگر ناحق کے لیئے ہرگز نہ کرے ورنہ گنہگار ہوگا۔

دشمن کا شر دفع کرنے کیلئے

فَاللّٰہُ خَیْرٌ حٰفِظًا ط وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ط۔

جس کو دشمن یا کسی طرح کی مصیبت و بلا کا خوف ہو۔ وہ اس کو کثرت سے پڑھے انشاء اللہ دشواری رفع ہو جائے گی۔

۲۔ دفع دشمن کے لیئے اس عمل کی مداومت نہایت مجرب ہے کہ فجر کی نماز میں پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد سورہ الم نشرح اور دوسری میں بعد فاتحہ سورہ فیل بالالتزام

پڑھا کرے تو اس پر کبھی دشمن کا قابو نہ چلے گا۔

۳۔ وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۔ جب کسی شریر ظالم کو شہر سے نکالنا ہو تو سات سرخ گھونگچیوں پر ایک ایک بار سات دن تک پڑھے اور ہر روز پڑھ کر ان گھونگچیوں کو کنوئیں میں ڈالتا جائے۔ اس عمل میں ترک حیوانات لازم ہے۔ اور ناجائز طور پر عمل نہ کرے۔ ورنہ نقصان اٹھائے گا۔

دشمن کو ضرر پہنچانے کے لیئے:

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ سے اِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا تک جس دشمن کو شرعاً ایذا پہنچانا جائز ہو۔ اس کے بدن کا کپڑا لے کر اس پر اس کا اور اس کی ماں کا نام سات مرتبہ لکھیں پھر اس کے گرد ایک دائرہ کھینچ کر اس میں یہ آیات لکھیں پھر اس پر ایک دائرہ کھینچیں اس طرح تین دائرے بنائے جائیں۔ پھر اس کپڑے کو لپیٹ کر مٹی کے کسی کورے برتن میں رکھ کر شنبہ کے روز اس کے گھر میں ایسی جگہ دفن کر دیں جہاں کسی کا پیر نہ پڑے

ظالم کو مسلوب کرنا:

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ قُلْ بِئْسَمَا يَاْمُرُكُمْ بِهٖٓ اِيْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۔ جو شخص اپنی ذہانت سے ظلم کے طریقے ایجاد کر کے لوگوں کو ستاتا ہو تو شبنہ کے روز یہ آیت کسی

مٹھائی پر لکھ کر اس کو نہار منہ کھلائیے۔ انشاء اللہ تعالےٰ پھر کوئی بات اس کی سمجھ میں نہ آئے گی۔

۲۔ قُلْ یٰاَھْلَ الْکِتٰبِ ھَلْ تَنْقِمُوْنَ سے سَوَاءِ السَّبِیْلِ تک جو شخص ناحق ستانے اور ظلم کرنے کا عادی ہو تو پنجشنبہ کے روز روزہ رکھ کر بعد نماز عشاء یہ آیات کسی وقفی گھر کی ایک مٹھی خاک پر تئیس بار پڑھ کر وہ مٹی اس ظالم کے گھر میں چھوڑ دو۔ پھر دشمن کی روسیاہی اور کُند ذہنی کا تماشا دیکھو۔

دشمن پر فتحیابی وغیرہ کیلئے

اَلَمْ تَرَ اِلَی الْمَلَاِ مِنْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ سے ظَالِمِیْنَ تک امام غزالی فرماتے ہیں کہ قرآن مجید میں یہ چار آیات ہیں جن میں دس دس قاف ہیں تو مجموعہ چہل قاف ہوا ان کو آیات حزب بھی کہتے ہیں۔ ایک آیت تو یہی ہے جو اوپر گذری دوسری آل عمران میں ہے لَقَدْ سَمِعَ اللّٰہُ قَوْلَ الَّذِیْنَ قَالُوْا سے اَلْحَرِیْقِ تک تیسری سورہ نساء میں اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ قِیْلَ لَھُمْ سے فَتِیْلًا تک چوتھی سورہ مائدہ میں وَاتْلُ عَلَیْھِمْ نَبَاَ ابْنَیْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ سے الْمُتَّقِیْنَ تک۔ ان کی خاصیت جاہ منزلت اور غلبہ بمقابلہ اعداء ہے۔ اگر پرچم پر لکھ لیا جائے تو دشمنوں پر فتح و ظفر حاصل ہو۔ اور اگر کاغذ پر لکھ کر سر میں رکھ کر امراء و حکام کے پاس جائے تو قدر و عظمت بڑھے۔

۲۔ یٰاَیُّھَا النَّاسُ قَدْ جَاءَکُمْ بُرْھَانٌ سے صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا تک بحث میں دشمن پر غالب آنے کے لیے یکشنبہ کے روز روزہ رکھے اور ایک چمڑے کے ٹکڑے پر لکھ کر باندھے اگر دولہا دلہن گلاب زعفران سے لکھ کر اپنے عمامہ یا

یا پیشانی پر باندھے یا لکھ کر پی لے تو وجاہت زیادہ ہو۔

۳۔ ہرن کی جھلی پر سورہ ھو دلکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے اس کو ایسی قوت و نصرت عطا ہو کہ اگر سو آدمیوں سے بھی مقابلہ ہو تو سب پر ہیبت چھا جائے تو اس کے خلاف کوئی اس سے گفتگو نہ کر سکے۔ اگر زعفران سے لکھ کر تین روز صبح و شام پی لے تو قلب قوی ہو جائے اور کسی کے مقابلہ سے اس کو خوف نہ ہو۔

۴۔ اِنِّی تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ رَبِّی وَرَبِّکُمْ سے حَفِیْظ تک جب کسی ظالم آدمی یا موذی کا اندیشہ ہو اس کو بکثرت ہر وقت پڑھتا رہے اگر تعویذ بنا کر بچہ کے گلے میں ڈالے تو امراض سے محفوظ رہے۔

۵۔ ہرن کی جھلی پر سورہ النجم لکھ کر باندھنے سے سب پر غالب رہے۔

۶۔ مقابلہ دشمن کے وقت سورہ الفیل پڑھے تو بفضلہ اس پر غلبہ نصیب ہو

۷۔ خرگوش کی جھلی پر سورہ اخلاص لکھ کر اپنے پاس رکھے تو کوئی موذی جن و انس یا جانور پاس نہ آئے۔

۸۔ سَیُھْزَمُ الْجَمْعُ وَیُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ مٹی پر پڑھ کر دشمن کی طرف پھینکے تو اسکو شکست ہو۔

۹۔ تنہائی میں تین سو بار سورہ اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ پڑھنے سے دشمنوں پر غلبہ حاصل ہوتا ہے۔

۱۰ دشمنوں پر فتح و ظفر پانے کے لئے یہ دعا دن رات بکثرت پڑھتا رہے انشاء اللہ اس پر دشمن غالب ہو سکے گا نہ اس پر تیر و تلوار کا وار چلے گا۔ جب تک اس دعا کا ورد رکھے اسے کوئی دکھ درد نہ پہنچے گا۔ حتیٰ کہ موت بھی نہ آوے گی۔ جب اللہ تعالٰی اس کی روح قبض کرنا چاہے گا اسے

اس دن یہ دعا پڑھنے کی توفیق عطا نہ ہوگی۔ وہ دعا یہ ہے
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا اِنَّمَا حَرَسْتُ نَفْسِیْ وَدِیْنِیْ وَ
اَہْلِیْ وَمَنْ حَضَرَنِیْ وَمَنْ غَابَ عَنِّیْ بِالْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَاَلْجَاْتُ ظَہْرِیْ
فِیْ حِفْظِ ذٰلِکَ اِلَی الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَاَصْبَحْتُ وَاَمْسَیْتُ فِیْ
جَوَارِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یُرَامُ وَلَا یُسْتَبَاحُ وَفِیْ ذِمَّتِہٖ وَضَمَانِہِ الَّذِیْ
لَا یُخْفَرُ ضَمَانُ عَبْدِہٖ وَاسْتَمْسَکْتُ بِعُرْوَۃِ اللّٰہِ الْوُثْقٰی رَبِّیْ وَرَبُّ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ وَاعْتَصَمْتُ
بِاللّٰہِ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ نِعْمَ الْقَادِرُ الْمُہَیْمِنُ فَاللّٰہُ خَیْرٌ
حَافِظًا وَّہُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ
وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ عَدَدَ خَلْقِہٖ وَرِضَآءَ نَفْسِہٖ وَزِنَۃَ عَرْشِہٖ وَ
مِدَادَ کَلِمَاتِہٖ۔ اس کے بعد یہ آیات بھی پڑھے تو مناسب ہے۔

لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ
عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ط فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ
اِلَّا ہُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَہُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط۔

آنحضرتؐ نے فرمایا کہ جو شخص لَقَدْ جَآءَکُمْ سے آخر سورہ براۃ تک دو آیتیں پڑھے وہ اس دن میں نہ مرے گا اور ایک روایت میں ہے کہ وہ اس دن قتل نہ کیا جائے گا۔ نہ اس پر لوہے کا دھار دار ہتھیار چلے گا۔ اور جو شخص کسی رات میں ان دونوں آیتوں کو پڑھے اس کو بھی یہی فائدہ حاصل ہوگا۔

۱۱۔ سورہ نصر کسی ہتھیار پر نقش کر کے دشمن کے مقابلہ کو جائے تو فتح پائے۔ ظالم کے پاس جاتے وقت موذتین پڑھے۔

ظالم کے خانہ ویرانی کے لیے

یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِکُمْ سے کافِرِیْنَ تک۔ جب کسی ظالم یا دشمن کو ویران کرنا منظور ہو تو پہلے کسی عالم یا بزرگ خدا دوست سے اجازت لے کہ اس ظالم کو سخت نقصان پہنچانا شرعاً جائز ہے یا نہیں اس کے بعد شنبہ کے دن ایک مٹی کی کچی ٹھیکری بنا کر اسی دن کسی پرانے قبرستان کی پھر کسی ویران گھر کی پھر کسی خالی گھر کی جسکی رہنے والے سب مر چکے ہوں تھوڑی تھوڑی مٹی لے کر آیات صدر کو اس ٹھیکری پر لکھ لو اور خوب باریک پیس کر دوسری مٹیوں کے ساتھ ملا کر اس کے گھر میں شنبہ کے روز پہلی ساعت میں بکھیر دو۔

۲۔ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُکِّرُوْا سے رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ تک۔ جب ظالموں کو خانہ ویران اور ان کی جماعت کو پریشان کرنا مقصود ہو تو ان آیتوں کو کسی ذبح شدہ جانور کی پرانی ہڈی پر لکھ کر پھر اس کو باریک کوٹ کر اس گھر میں ڈال دے

۳۔ دشمن کی بربادی اور خانہ ویرانی کے لیے۔ اتوار کے روز طلوع آفتاب سے پہلے درخت بید کے تین پتے اس طرح لے کہ اس کو کوئی نہ دیکھے اور ہر پتے کے ایک رُخ پر یہ آیات وَلَوْ تَرٰۤی اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِیْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ سے تَزْعُمُوْنَ تک لکھے۔ اور دوسرے رُخ پر اُن لوگوں کے نام لکھے۔ مگر لکھتے وقت بھی کوئی نہ دیکھے۔ پھر ہر روز ایک ایک پتہ ان کے پینے کے پانی میں ڈال دے یا ان کے گھر میں جس جگہ موقع ہو رکھ دے

ظالم و دشمن کے شر سے کفایت کیلئے

اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ فِی السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ سے وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِیْنَ تک

یہ آیات تیزی نفس اور غضب کے سکون اور جابر سلطان و جاہل دشمن کے لیے ہیں چاہیے کہ شب جمعہ میں بعد نماز عشاء کاغذ پر لکھ کر باندھے اور صبح کو ان لوگوں کے پاس جائے خدا چاہے تو ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

۱۔ جو شخص اَلَّذِیۡنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ سے ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِیۡمِ تک ایک پرچہ پر لکھ کر نگین انگشتری کے نیچے رکھے اور وہ انگشتری پہن کر کسی جابر حاکم کے پاس جائے تو خدا اس کے شر سے محفوظ رکھے۔

۲۔ فَسَتَذۡکُرُوۡنَ سے بِالۡعِبَادِ تک ظالم کے سامنے پڑھے تو اس کے ضرر سے محفوظ رہے۔

۳۔ سورہ شوریٰ لکھ کر پاس رکھے تو لوگوں کے شر سے محفوظ رہے۔

۴۔ دشمن کے مواجہ میں سورۃ النازعات پڑھے تو اس کے شر سے محفوظ رہے

۵۔ سورۃ النبا کو پڑھ کر یا باندھ کر حاکم کے پاس جائے تو اس کے شر سے محفوظ رہے۔

۶۔ اگر زمین کی پیمائش ہوتے وقت زیادتی محصول کا اندیشہ ہو تو یہ چار آیتیں چار پرچوں پر لکھ کر چاروں گوشوں میں دفن کر دے تو اس عمل سے زمین پیمائش میں گھٹ جائے گی۔

۱۔ اَوَلَمۡ یَرَوۡا اَنَّا نَاۡتِی الۡاَرۡضَ نَنۡقُصُهَا مِنۡ اَطۡرَافِهَا۔

۲۔ یَوۡمَ نَطۡوِی السَّمَآءَ کَطَیِّ السِّجِلِّ لِلۡکُتُبِ۔

۳۔ اَلَمۡ تَرَ اِلٰی رَبِّکَ کَیۡفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوۡ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاکِنًا

۴۔ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدۡرِهٖ یُشۡرِکُوۡنَ۔ تک دفن کرتے وقت یہ چاروں پرچے کپڑے میں لپٹے ہوئے چاہئیں اور جب کام ہو چکے فوراً نکال لینا چاہیئے۔ تاکہ کلام الٰہی کی بےحرمتی نہ ہو۔

۷۔ اَلْجَبَّارُ صبح و شام ۲۱۶ بار پڑھے تو ظالموں کے شر سے محفوظ رہے۔

۸۔ یہ عمل دشمنوں اور چوروں سے حفاظت اور ہر آفت سے بچے رہنے کے لیے مجرب ہے یعنی جو شخص اسم یا حفیظ مع آیات ذیل کے پڑھا کرے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے وہ کوئی ناگوار امر نہ دیکھے گا۔

فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۔ لَہٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْ بَیْنِ یَدَیْہِ وَمِنْ خَلْفِہٖ یَحْفَظُوْنَہٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰہِ ۔ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوْنَ ۔

اَللّٰہُ حَفِیْظٌ عَلَیْھِمْ وَمَا اَنْتَ عَلَیْھِمْ بِوَکِیْلٍ اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْھَا حَافِظٌ وَمَا اَنْتَ عَلَیْھِمْ بِحَفِیْظٍ وَاِنَّ عَلَیْکُمْ لَحٰفِظِیْنَ وَھُوَ الْقَاھِرُ فَوْقَ عِبَادِہٖ وَیُرْسِلُ عَلَیْکُمْ حَفَظَۃً اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ وَحَفِظْنٰھَا مِنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ رَّجِیْمٍ وَحِفْظًا مِّنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ وَحِفْظًا ذٰلِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَآئِھِمْ مُّحِیْطٌ ۔ بَلْ ھُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۔ ۵

۹۔ اگر آدمی ایسے شخص کے پاس جائے جس سے شر کا خوف ہو تو یہ پڑھے رَبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ۝ خدا کے فضل سے وہ کچھ ضرر نہ پہنچا سکے گا۔

۱۰ دشمنوں کا شر دفع کرنے اور ہر بلا سے حفاظت کے لیے تبکرار آیات و بلحاظ معنی در ہر اوقات دن رات میں اکتالیس دفعہ معوذتین کا پڑھنا مجرب ہے

۱۱ شر اعداد کے دفعیہ کے لیے ہر نماز کے بعد پانچ بار آذان کہے در

بعد سنت فجر ایک سو ایک بار آیتہ کریمہ پڑھے۔ اگر ہو سکے تو وتر سے پہلے بھی تین سو ساٹھ بار سجدے میں آیتہ کریمہ پڑھتا رہے۔ ہر حاجت کے لیئے عموماً اور شر اعدا کے لیئے خصوصاً مجرب ہے۔

۱۴۔ جمعہ کے روز بعد نماز عصر آباد مسجد میں نماز ادا کرنے کی نیت سے شام تک بیٹھا ہو اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر یہ دعا بکثرت پڑھتا رہے یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ سات جمعہ تک برابر اسی طرح عمل کرے دشمنوں کا شر رفع کرنے کے لیئے مجرّب ہے

دشمنوں کو منتشر کرنے کیلئے

وَقَالَتِ الْیَهُوْدُ یَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ سے لَا یُحِبُّ الْمُفْسِدِیْنَ تک جب کوئی مجمع ناجائز غرض پر متفق ہو جائے اور ان کو منتشر کرنا منظور ہو تو اُن میں سے جو سب سے بڑا عمر والا اور جو سب سے چھوٹی عمر والا آدمی ہو اُن دونوں کے تھوڑے تھوڑے بال لے کر آگ میں خاکستر کر لو پھر یہ آیات کسی بڑے پاک برتن میں لکھو اور اُسے برگ حرمل (اسپند) کے عرق سے دھو کر وہ پانی اور راکھ اُس مقام میں ڈال دو۔ انشاء اللہ پھر ہرگز اجتماع نہ ہو گا۔

۲۔ سورۃ النحل کو لکھ کر جس باغ میں رکھ دے اُس کے درختوں کا پھل جاتا رہے۔ کسی مجمع کی جگہ رکھ دے تو وہ بھی پراگندہ و تباہ ہو جائیں۔ اِس وجہ سے حد شرعی میں صرف ظالم کے لیئے یہ عمل کرے

۳۔ اگر سورہ فرقانُ کو تین بار لکھ کر باندھے تو کوئی موذی جانور ایذا نہ پہنچا سکے اگر شریر لوگوں کے درمیان جا پہنچے تو اُن کا مجمع منتشر ہو جائے اور کوئی مشورہ

ان کا درست نہ ہو۔

ہلاکت ظالم وغیرہ کیلئے

اَلْقَادِرُ، الْمُقْتَدِرُ، اَلْقَوِیُّ اَلْقَائِمُ۔ بہ نیت ہلاکت ظالم کے جو شخص سو بار ان اسماء کو کامل طہارت سے لکھے انشاء اللہ وہ ہلاک ہو جائے

۲۔ وَالَّذِیْنَ لَمْ یَسْتَجِیْبُوْا لَهٗ سے وَبِئْسَ الْمِهَادُ تک اور اَلَّذِیْنَ یَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ سے سُوْٓءُ الدَّارِ تک جو شخص اپنے دشمن کو ہلاک کرنا چاہے تو قمری مہینہ کی ۲۸ تاریخ کو روزہ رکھے اگر اتفاق سے وہ تاریخ شنبہ کے روز آپڑے تو خوب ہے پھر جو کی روٹی سے افطار کرکے آدھی رات کو اُٹھے اور جنگل میں یا خالی مکان کی چھت پر جا کر کندر اور سندورس کی دھونی سلگائے۔ پھر یہ دونوں آیات سات مرتبہ پڑھے اور اس کے لیئے بددعا کرے۔ مگر حد شرعی سے تجاوز نہ کرے۔ یعنی جس قدر نقصان پہنچانا اس کو شرعاً جائز ہو۔ اس سے زیادہ بددعا نہ کرے۔ انشاء اللہ ذلیل ہو گا۔

۳۔ وَمَثَلُ کَلِمَةٍ خَبِیْثَةٍ سے قَرَارٍ تک ظالموں کی خانہ ویرانی اور تباہی کے لیئے بدھ کے روز مٹی کی ایک مربع تختی قبل از طلوع آفتاب تیار کرکے اس کو سایہ میں سکھالے۔ پھر آئندہ بدھ کو چوب بر نوف کے قلم سے اس پر آیات لکھے۔ پھر اس تختی کو باریک پیس کر ظالم کے گھر۔ کھیت یا باغ میں چھڑک دے۔ اگر شنبہ کے روز ذبیحہ کے دباغت شدہ چمڑے پر نزول ماہ میں لکھ کر وہ چمڑا اس کے پینے کے پانی میں ڈال دے تو وہ بیمار ہو کر ہلاک ہو جائے (حد شرعی کا لحاظ

ضرور رکھنا چاہیئے۔

۴۔ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ سے اَحَدًا تک جو شخص موذی دشمن کو تباہ کرنا چاہے پنجشنبہ اور جمعہ کو روزہ رکھے اور شنبہ کی نصف شب کو ایک ایسی پرانی کنگھی پر جو گھوڑے کے اوپر سے اٹھائی گئی ہو اس آیت کو لکھے اور کسی راہب کے کرتے کے کپڑے میں لپیٹ کر اس شخص کے رہنے کی جگہ دفن کردے

حاکم ظالم کی پریشانی کیلئے

شب تاریخ میں کسی بڑی نئی رکابی پر سورۃ اَلرَّعْد ایسے وقت جب کہ رعد و برق ہو لکھ کر آب باراں سے دھو کر شب تاریک میں ہی اس پانی کو حاکم ظالم کے دروازے پر چھڑک دے۔ انشاء اللہ اسی دن معزول ہوجائیگا بقول امام صاحب جو شخص اس کو عشاء کے بعد اندھیری رات میں آگ کی روشنی میں لکھ کر اسی وقت بادشاہ یا حاکم ظالم کے دروازے پر ڈال آئیے اسکی رعایا اور لشکر اس سے برگشتہ ہوجائے۔ کوئی اس کا کہنا نہ مانے اور اس کا دل خوب تنگ ہو۔

۲۔ جو شخص سورۃ اَلْحج کو تمام و کمال لکھ کر ظالم کے جہاز میں ڈال دے تو تباہی میں مبتلا ہو۔ اگر ظالم حاکم کی قیام گاہ میں ڈال دے تو وہ وہاں سے دفع ہو

۳۔ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ سے اَلصُّدُوْرِ تک ظالم کی ہلاکی اور ویرانی کیلئے چونگی کا محصول وصول کرنے والے شخص کے درخت کے سات پتے اس طرح سے کہ شنبہ کے روز قبل از طلوع آفتاب

پیلا پتہ لے کر اور اس کے دونوں طرف یہ آیت لکھ کر اس کو سایہ میں جہاں دھوپ نہ آتی ہو خشک کرے اسی طرح سات روز تک کرے پھر سب پتوں کو باریک کوٹے اور کوٹنے کے وقت اس شخص کا نام لیتا رہے۔ پھر اس کے گھر میں ڈال دے

بدگو کی زبان بندی کے لیئے

وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ سے حَكِيْمٌ تک آیات کو آنگور سفید کے پانی پر پڑھ کر اس میں تھوڑی شکر اور ڈال کر حلوا بنائے اور جس کسی بدگو یا بدزبان وغیرہ کی زبان بند کرنی مقصود ہو اس کو کھلائے۔ پھر یہ آیات آتش نارسیدہ شہد سے مٹی کی ٹھیکری پر لکھ کر پانی ڈال کر اس بدگو کو پلایا جائے۔

۱۔ دشمن کی زبان بندی کے لیئے ایسی پاک مٹی پر جس پر کوئی چلا نہ ہو وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ سے يُؤْفَكُوْنَ تک پڑھ کر تھوڑی سی مٹی اس کی بے خبری میں اس کے منہ پر ڈلوا دے

۲ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ کے پڑھنے سے دشمن کی زبان بند ہو۔

اگر پاک وصاف جھلی میں زعفران اور گلاب سے يَرْجِعُوْنَ تک بحالت طہارت اپنے پاس لکھ کے رکھے تو ہر بدزبان کی زبان اس سے بند رہے اور جو اسے دیکھے بعاجزی پیش آئے اور مطیع ہو

ظالم کو بیمار کرنے کیلئے : سورۃ الرقم لکھے اور آب باراں

اس میں ملا کر مٹی کے برتن میں رکھ کر ظالم کو پلائے۔ بیمار ہو جائے گا۔

ظالم کو حیرت زدہ کرنے کے لیئے:

دشمن و ظالم پر دہشت و حیرت غالب کرنے کے لیئے جائز طریقہ سے اس کا کپڑا لے کر یہ آیات لکھے کذالک یطبع اللہ سے آخر تک اور اس کپڑے کو اپنے پاس رکھے

دشمن اور اعدائے دین پر غلبہ کیلئے

اِنَّا جَعَلْنَا فِیْ اَعْنَاقِھِمْ سے لَا یُبْصِرُوْنَ تک اگر ڈھال وغیرہ پر لکھ کر اعدائے دین کا مقابلہ کرے تو غالب آئے اگر بستر پر لیٹ کر پڑھے تو چور اور مفسد سے محفوظ رہے اگر دو شخص جھگڑا کرتے ہوں اس وقت پڑھ دے تو ناحق جھگڑنے والا مغلوب اور بند ہو جائے۔

۲۔ اَلْقَوِیُّ کم ہمت پڑھے تو باہمت ہو، کمزور پڑھے تو زور آور ہو۔ اگر مظلوم اپنے ظالم کو مغلوب کرنے کو پڑھے تو وہ مغلوب ہو جائے

۳۔ اَلْقَادِرُ دو رکعت پڑھ کر اس کو ۱۰۰ بار پڑھے تو قوت نصیب ہو اگر وضو کرتے ہوئے اسکی کثرت رکھے تو دشمنوں پر غالب ہو۔

۴۔ حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ بمقابلہ دشمن پڑھے ظفر پائے اور دشمن کی شکست ہو جناب رسول اللہ نے بعض غزوات میں یہ کلمہ فرمایا ہے۔

۵۔ سورہ کوثر تنہائی میں تین سو بار بہ نیت ظفر اعدا پڑھے تو خدا اس کی مدد کرے اور دشمن پر غالب رہے۔

(۶) وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی اور اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ سے آسْتَاتاً تک پڑھ کر پاک مٹی پر دم کر کے دشمنوں کی فوج پر پھینکے بحکم خدا وہ سب بھاگ جائیں اور کامل شکست پائیں۔

دشمن کی نظر سے غائب ہونے کے لیے

ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ ایک مقام پر لڑائی ہو رہی تھی۔ میں نے اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ پڑھ کر زمین پر ہاتھ مار کر اس طرف کو مٹی پھینک دی۔ پھر سر پر ہاتھ رکھ کر یہ آیات پڑھیں

فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِیْقًا فِی الْبَحْرِ سے لَا تَخْشٰی تک وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا سے لَا یُبْصِرُوْنَ تک پڑھ کر ایک درخت کے نیچے بیٹھ رہا۔ مخالفین وہاں پہنچ کر کہنے لگے کہ ابھی تو وہ شخص یہاں تھا کہاں گیا اور ان کو نظر نہ آئے۔

دشمن سے انتقام کے لیے؛

جو شخص اپنے ظالم دشمن سے انتقام نہ لے سکتا ہو وہ اَلْمُنْتَقِمُ کی کثرت رکھے اللہ تعالٰے اُس سے خود انتقام لے لیں گے۔

دفع شرارت جانور کے لیے؛

شریر جانور کے کان میں یہ آیت پڑھے اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰهِ یَبْغُوْنَ وَلَهٗ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَیْهِ یُرْجَعُوْنَ ۵ تو اس جانور کی شرارت جاتی رہے۔

حفاظت از قتل وغیرہ کے لیئے ؛

اگر کسی کو اپنے قتل کیئے جانے یا سخت تکلیف کا خوف ہو تو ایک سالم بکری لے کر (جس میں قربانی کے سب شرائط موجود ہوں۔ یعنی کان کٹی۔ لنگڑی سینگ ٹوٹی وغیرہ نہ ہو) علیحدہ جگہ میں جہاں کوئی نہ دیکھے روبقبلہ ذبح کرے اور ذبح کرتے وقت یہ کہے۔

اَللّٰھُمَّ ھٰذَا لَکَ اَللّٰھُمَّ ھٰذَا فِدَآئِیْ فَتَقَبَّلْہُ مِنِّیْ اُس کے خون کے لیئے جو گڑھا کھود دے۔ بعد ذبح اُسے مٹی سے چھپا دے کہ کوئی اُس کا خون بھی نہ دیکھے اور نہ وہاں کسی کا پاؤں پڑے۔ پھر گوشت کے ساٹھ حصے کر کے فقرا اور مساکین کو بانٹ دے۔ آپ اُس میں سے نہ کھائے۔ نہ وہ شخص جس کا خرچ اس میں ہوا ہو تو یہ بکری اُس کا بدلہ ہو جائے گی اور وہ شخص آفت سے محفوظ رہے گا۔

دفعیہ دشمن کے لیئے ؛

فجر کی نماز فرض و سنت کے درمیان سُورَہ اَلَمْ تَرَ کَیْفَ اکتالیس بار اور اَللّٰہُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ الْقَاھِرُ ہ کُلُّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ نَاصِرُ الْحَقِّ حَیْثُ کَانَ بِہٖ اَلْحَوْلُ وَالْقُوَّۃُ اِنْ کَانَتْ اِلَّا صَیْحَۃً وَّاحِدَۃً فَاِذَا ھُمْ خَامِدُوْنَ ۵ اکتالیس بار پڑھے دشمن دفع ہو جائے مگر شرعاً جو دفع کرنے کے لائق ہو اسی کے لیئے جب اور کوئی چارہ نہ ہو تو پڑھے

۱۔ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِہٖ یٰقَوْمِ اِنَّکُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَکُمْ

باتّخاذکم العجل فتوبوا الیٰ بارئکم فاقتلوا انفسکم ۵ تا نبے کی تختی پر لکھے اور اُس کے ساتھ دشمن اور اُس کی ماں کا نام لکھے نیز اس کو نام لے کے پکارے انشاء اللہ وہ سخت بیماری میں مبتلا ہو جائے گا لیکن حدودِ شرعی کا خیال رکھے۔

۲۔ لا یحبّ اللہ الجھر بالسوء من القول سے علیما حکیما تک لکھ کر اپنے پاس رکھے اور یہ آیت پڑھتا بھی رہے۔ پھر جس کے پاس جائے اُس کے ظلم سے محفوظ رہے اور وہ حق کرے۔

۳۔ اکتالیس کنکری لے کر ہر ایک کنکری پر ایک ایک بار سورہ یٰسین پڑھ کر ایک ایک کنکری کو مغاک لطیف (پاک گڑھے) میں رکھ کر بہ نیت و نام دشمن نمازِ جنازہ پڑھ کر مٹی سے توپ دے وہ جلد مر جائے گا۔

۴۔ نمازِ فجر میں الم نشرح پہلی رکعت میں اور سورہ فیل دوسری رکعت میں پڑھنے سے دشمن کا منہ اسکی طرف سے پھر جائے گا اور کوئی رستہ اس کو اس کی طرف نہ ملے گا۔

۵۔ سورۂ انعام۔ دشمنوں کی ہلاکت اور اُن پر فتحیابی کے لیئے بکثرت پڑھے اور درمیان ہر دو اسم اللہ کے دعا مانگے۔ پھر بعد فراغ کے بھی دعا مانگے۔ سنوسی نے کہا ہے کہ وجع مفاصل اور تمام امراض کے لیئے اس کو لکھ کر پی لے اور بدن پر ملے۔ انشاء اللہ صحت ہو جائے گی۔

رہزنوں سے حفاظت کے لیئے

مدینہ سے شام کو ایک سوداگر تجارت کے لیئے جا رہا تھا کہ ایک گھوڑے سوار ڈاکو نے آگھیرا۔ سوداگر نے مال دے کر جان کی امان چاہی اور جب دیکھا

کہ وہ کسی طرح امان نہیں دیتا تو دو رکعت نماز پڑھنے کی مہلت چاہی جب اجازت مل گئی تو سوداگر نے وضو کی اور دو رکعت نماز پڑھ کے دعا مانگی۔ اور کہا۔

یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِیْدِ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْ مَلَأَ اَرْکَانَ عَرْشِكَ وَ بِقُدْرَتِكَ الَّتِیْ قَدَرْتَ بِهَا عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِكَ وَ بِرَحْمَتِكَ الَّتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ ۝

جب تیسری بار دعا سے فارغ ہوا ایک لخت ایک سوار ہاتھ میں آگ کا حربہ لیئے آ پہنچا۔ جس نے حملہ کر کے قزاق کو مار ڈالا۔ سوداگر نے پوچھا کہ بندہ خدا تم کون ہو اس نے کہا میں تیسرے آسمان کا فرشتہ ہوں۔ جب تیری دُعا تیسرے آسمان پر پہنچی تو آسمانوں کے دروازے کھل گئے اور جس وقت تو نے تیسری بار دعا ختم کی تو جبرئیل علیہ السلام آئے اور کہا کون ہے جو اس مصیبت زدہ کو بچائے۔ پس میں خدا تعالےٰ سے اجازت لے کر اُترا۔ تاجر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور میں حاضر ہوا تو یہ ماجرا سن کر آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ نے تجھے اسمائے حسنیٰ تعلیم فرمائے ان کے ذریعہ جو دعا مانگی جائے قبول ہو اور جو کچھ مانگے وہ پائے۔

۲. اسی طرح ایک خچر والے کو قزاق نے قتل کرنا چاہا اُس نے کہا مجھے دو رکعت نماز پڑھنے کی مہلت دے قزاق نے ہنس کر کہا کہ اچھا اُس نے دو رکعت نماز پڑھ کے دعا کی۔ پھر چلا کے کہا اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَكْشِفُ السُّوْٓءَ الخ اور رو دیا۔ یکایک ایک سوار اُس جنگل سے نکلا اور جھپٹ کر اس قزاق کے نیزہ مار کر قتل کر ڈالا وہ گرا اور اُس پر آگ مشتعل ہوئی۔ خچر والے نے خدا کی درگاہ میں سجدہ شکر ادا کیا

پھر سوار سے پوچھا کہ تم کون ہو۔ اُس نے کہا میں اُس ذات پاک کا ایک بندہ ہوں جسکی شان ہے یُجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ اب جہاں چاہے تو چاہے چلا جا

۳۔ جسے راہ میں رہزنوں کا خوف ہو تو سات عدد پاک کنکریاں لے کر ہر ایک پر سات سات بار یہ کلمات پڑھے اور ہر بار پھونکے پھر ایک کنکری دائیں جانب دوسری بائیں تیسری سامنے چھوتھی پیچھے کی جانب پھینک دے اور باقی تین عدد کنکریاں کپڑے یا عمامے میں باندھے لاقاہ حا محمت تخافافت نقم محمت لیصح محمنت۔ شرحی کہتے ہیں کہ اگر ان کلمات کو اُس شریر کے روبرو پڑھے جس کا شر خوف ہو اور اللہ تعالیٰ سے نجات چاہے تب بھی کوئی مکروہ انشاء اللہ اُسے نہ پہنچے

۴۔ بقولے بعض صلحا جو شخص سفر کا ارادہ کرے اور کسی دشمن یا موذی سے خائف ہو تو سورہ لایلاف پڑھ کر نکلے جو امان ہے ہر سور سے مجرب ہے

دشمنوں کے دل میں ہیبت ڈالنا

كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ ط یہ آیت دشمن کے کسی کپڑے کے ٹکڑے پر لکھے اور اُس کے بعد كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قَلْبِ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ فلاں اور فلانہ کے بجائے دشمن اور اُسکی ماں کا نام لکھدے اور تعویذ بنا کے اپنے باندھے جب دشمن اُسے دیکھے سخت دہشت دیکھے سخت دہشت و ہیبت کھائے۔

دشمنوں پر سرداری کرنا:

وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰی وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُکُمْ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ۵ یہ آیت ۲۷ر ماہ رمضان المبارک کو ایک کاغذ میں لکھ کے انگوٹھی کے نگین کے نیچے رکھ دے تو ہمیشہ خوش رہے اور دشمنوں پر غالب ہو۔

دشمن کی تجارت میں نقصان پہنچانا:

وَیْلٌ لِّلْمُطَفِّفِیْنَ سے لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ تک ایک کاغذ میں لکھ کر جس دکان میں ڈال دے اس میں نقصان ہو۔ یعنی مال کم ہو اور بکری بند ہو جائے۔

دشمنوں سے امن میں رہے:

سورۂ حشر کو حضرت علی مرتضیٰ روزانہ پڑھتے تھے کسی نے پوچھا تو فرمایا کہ یہ سورۃ مجھ کو آخرت یاد دلاتی ہے اور دنیا و آخرت میں امن دے گی جو شخص اسے ہمیشہ پڑھے وہ اعداء سے امن میں رہے۔ ظالموں کا ظلم اور مکاروں کا مکر اس پر کارگر نہ ہو۔

ہلاکت دشمن کیلئے:

کفن کا ایک ٹکڑا لے اور اس میں مقابر کی کچھ خاک ڈال کر پہلے یہ آیت لکھے اَوْ کَصَیِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ۔ اَلْاٰیَۃ۔ پھر دشمن کا نام لکھ کر اسے زیرہ آہنگر

یا گدھہ گا ذر کے نیچے رکھدے دشمن کا سر پھٹ جائے گا اور اس کو کچھ نہ سوجھے گا۔

۲۔ اگر ایک لوہے کی تختی پر یہ آیت اور دشمن اور اسکی ماں کا نام لکھ کر آگ کے نیچے رکھے اور دشمن کا نام لے کر پکارے تو وہ شدید مرض میں ہلاک ہو جائے گا۔ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِہٖ یٰقَوْمِ اِنَّکُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَکُمْ اَلْاٰیَۃُ پارہ اسورہ بقرع ۲۔

۳۔ دشمن کی ایک نامکمل تصویر بنا کر اس کے سینہ پر یہ آیت لکھے وَاتْلُ عَلَیْھِمْ نَبَاَ بَنِیْ آدَمَ الاٰیۃ اور پشت پر اس کا نام پھر ہاتھ میں ایک خنجر لے کر اس کے نام کی جگہ پر مارے اور کہے فَاِذَا لَقِیْتُمُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ اس عمل کو سہ شنبہ آخر ماہ میں کرے اور کہے یَا مَلٰئِکَۃَ اللہِ تَعَالٰی لِیَفْعَلَ کَذَا بِفُلَانٍ یہ ضرب اس کے بدن پر جا لگے گی اور وہ ہلاک ہو جائے گا۔

۴ سہ شنبہ کے روز آخر ماہ میں یہ آیت لکھ کر ایک شیشی میں رکھے اور اس پر درخت کے پتوں کا عصارہ ڈال کر ظالم حاکم کے گھر میں دفن کر دے وہ بہت جلد ماخوذ معزول و ہلاک ہو جائے گا

اَلَمْ تَرَ کَیْفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِعَادٍ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ط الَّتِیْ لَمْ یُخْلَقْ مِثْلُھَا فِی الْبِلَادِ وَثَمُوْدَ الَّذِیْنَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ وَفِرْعَوْنَ ذِی الْاَوْتَادِ ط الَّذِیْنَ طَغَوْا فِی الْبِلَادِ ط فَاَکْثَرُوْا فِیْھَا الْفَسَادَ فَصَبَّ عَلَیْھِمْ رَبُّکَ سَوْطَ عَذَابٍ اِنَّ رَبَّکَ لَبِالْمِرْصَادِ ج وَقَوْلُہٗ فَیَوْمَئِذٍ لَّا یُعَذِّبُ عَذَابَہٗ اَحَدٌ وَّلَا یُوْثِقُ وَثَاقَہٗ اَحَدٌ ط

برائے موقوفی ظالم: شب جمعہ کو بعد نماز عشا اپنے گھر میں طہارت

پر داخل ہو کر یہ درود پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ ہر سو بار درود کے اوّل یوں کہے یَا اَللّٰہُ اَسْتَجِیْرُ بِکَ مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانَۃَ تَخْذِلِیْ حَقِّیْ مِنْہُ تو وہ شخص ہلاک ہو جائے گا اگر والی ملک ہے تو اس پر ویل نازل ہوگا۔ مجرب ہے۔

بادشاہ ظالم سے حفاظت کیلئے:

آیۃ الکرسی اور تین آیت سورہ اعراف کی اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ سے اَلْمُحْسِنِیْنَ تک صٰٓفّٰت سے لَازِبٍ تک اور سورہ تا سنفرغ لکم اَیُّھَا الثَّقَلَانِ الٰی قولہ فَلَا تَنْتَصِرَانِ پڑھے تو سب آفات سے محفوظ رہے خواہ دن میں پڑھے یا رات میں یہ انس بن مالک سے مروی ہے۔

سواری پر سوار ہوتے وقت

بِسْمِ اللّٰہِ سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ؞ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ فِیْ سَفَرِنَا ھٰذَا اَبِرًّا التَّقْوٰی وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰی۔

اور یہ آیت بھی کافی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖھَا وَمُرْسٰھَا ط اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ پڑھ کر سوار ہوں۔ اللہ پر توکل :-

گھر سے باہر نکلتے وقت یا سفر کو جاتے وقت

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

بِسۡمِ اللّٰہِ تَوَکَّلۡتُ عَلَی اللّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ پڑھیں اللہ حافظ ہو گا۔

بازار جاتے وقت حفظ شر

کلمہ توحید: لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَا شَرِیۡکَ لَہٗ لَہُ الۡمُلۡکُ وَلَہُ الۡحَمۡدُ یُحۡیِیۡ وَیُمِیۡتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوۡتُ اَبَدًا اَبَدًا ط بِیَدِہِ الۡخَیۡرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ط

یہ پڑھیں بازار کے شر سے اللہ بچائے گا۔

صدقہ دیتے وقت

یہ آیت پڑھیں:-

رَبَّنَا تَقَبَّلۡ مِنَّا اِنَّکَ اَنۡتَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ

مال حلال ہو۔ اللہ قبول فرمائے گا۔

نئی بستی میں داخل ہوتے وقت

اَللّٰھُمَّ بَارِکۡ لَنَا فِیۡھَا

ترجمہ۔ اے اللہ اس بستی کو ہمارے لیئے مبارک کر حضور پڑھتے تھے

دستِ غیب کا عمدہ عمل

اول سات روزے رکھے یہ عمل اکتالیس ۴۱ دن تک برابر کرے۔ آیت وَعِندَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ بعد نمازِ عشاء ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ روزانہ باوضو پڑھتا رہے۔ تین یا پانچ یا سات دن میں انشاء اللہ تعالیٰ روپے کی آمد شروع ہو جائے گی۔ سب سے پہلے عمل میں ایک روشنی سی معلوم ہوگی اس کے بعد کہدے کہ پانچ سو روپے لائے۔ دوسرے دن تمہارے پاس پانچ سو روپے آجائیں گے۔ اس میں سے ایک سو روپے خرچ کرلو چار سو باقی رہیں گے۔ اس عمل کے ختم ہونے سے پہلے پہلے اگر کچھ خرچ کرنا چاہو تو کر سکتے ہو۔

غیب سے روزی کا عمل

اس عمل کو کرنے سے پہلے تنہائی کی جگہ تلاش کرو۔ جب جگہ کا انتظام ہو جائے تو جَو کا آٹا باوضو پیس کر کے رکھ لو صرف اسی کی روٹی کھانی ہے۔ اس روٹی میں گھی، چینی یا نمک بھی ملا سکتا ہے۔ لیکن بہتر یہ ہے کہ صرف جَو کی خالص روٹی ہو۔ گوشت، مچھلی، انڈا، پیاز، لہسن وغیرہ سے پرہیز کرے۔ جَو کا آٹا باوضو پیسنا ہے۔ اگر چکّی پر پسوانا ہے تو

اس کو غسل کراؤ اور وضو کراؤ پھر پسواؤ۔ روٹی خود باوضو پکاؤ اور کھاؤ۔ رفع حاجت (پاخانہ کے لئے) منہ پر کپڑا ڈال کر جائے تاکہ کوئی دیکھ نہ سکے اس عمل میں یہ بھی شرط ہے کہ عمل کے دنوں میں نہ یہ کسی کو دیکھے اور نہ اس کو کوئی دیکھے سات روزے رکھے نوچندی پنجشنبہ (چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات) سے شروع کرے تو بہتر ہے۔ شام بعد نماز مغرب شروع کردے اور بلا تعداد بے شمار

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

سات دن برابر پڑھے جب آٹھویں رات آئے تو ساتھ میں یہ آیت بھی ملادے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَط

صبح کو بعد نماز فجر حضرت خضر علیہ السلام ملاقات کریں گے اُن سے اپنی حاجت (ضرورت) ظاہر کردے اور درود شریف اول وآخر گیارہ گیارہ بار ضرور پڑھے۔ اور رات کو بالکل نہ سوئے دن کو سو جائے تو کچھ حرج نہیں ہے لیکن رات بھر جاگ کر پڑھنا ہے۔

دست غیب کا عمل

باوضو روزانہ بعد نماز، اول درود شریف گیارہ مرتبہ اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ یہ آیت

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ط

اس کے بعد ایک سو پچاس (۱۵۰) مرتبہ

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس عمل کو اڑتالیس دن کرنا ہے۔ اکیس دن گزرنے کے بعد ایک جنّیہ حاضر ہوگی اور ایک سو روپے دے جائے گی۔ اڑتالیس دن کے بعد چلّہ ختم ہوگا اور چلّہ کے بعد جتنی مقدار میں ضرورت ہو اس جنّیہ سے مانگ لے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ روز کے پیسے روز خرچ کرے اگر جمع کرے گا تو بند ہو جائیں گے۔ چلّہ کے بعد ایک تسبیح (ایک سو بار) پڑھ لیا کرے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ جنّیہ سے کوئی نشانی بھی طلب کرے۔ درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

غیب سے روزی کا انتظام

اول چاند دیکھنے کے بعد سات روزے رکھے اور بعد نمازِ عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) بار

وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُھَآ اِلَّا ھُوَ ؕ

اس کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھے

یَاحَیُّ

اس کے بعد ایک سو پچاس (۱۵۰) مرتبہ

یَاقَیُّوْمُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل سات روز کا ہے۔

پرہیز: سات دن میں جھوٹ بالکل نہ بولے۔ غیبت نہ کرے۔ گوشت، انڈا، مچھلی، لہسن، پیاز اور بدبودار اشیاء (سگریٹ، بیڑی، حقہ) سے پرہیز کرے

ساتویں دن ایک جنّیہ نورانیہ آپ کے پاس آئے گی اور ایک سو روپے دے جائے گی۔ پھر اس کے بعد آپ کے پاس پانچ سو روپے روزانہ آیا کریں گے۔ سب سے پہلے ملنے والے ایک سو روپے کو محفوظ رکھے اس کو کسی حالت میں بھی خرچ نہ کرے ورنہ آمد کا سلسلہ بند ہو جائے گا۔

عمل دست غیب

نیا چاند دیکھنے کے بعد جو جمعرات آئے اس کو بعد نماز عشاء دو رکعت صلوٰۃ الحاجۃ ادا کرے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ یسین شریف پڑھے اور دوسری رکعت میں بھی سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ یٰسین شریف پڑھے۔ بعد سلام ایک مرتبہ سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر ایک مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو اکتالیس (۱۴۱) مرتبہ یہ آیت پڑھے

وَعِندَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ؕ

اس کے بعد ایک سو چوہتر (۱۷۴) مرتبہ

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

پڑھے۔ آٹھویں رات کو یہ آیت

وَعِندَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ؕ

ایک ہزار ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد ایک شخص حاضر ہو کر کوئی چیز پیش کرے گا۔ اس کو اپنے پاس محفوظ رکھے۔ اس رات کے بعد اس کو اپنے خرچ میں لائے۔ وہ چیز ہمیشہ رہے گی۔ جو رقم ملے اس کو روزانہ خرچ کرنا ہے۔

دست غیب کا عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کو غیب سے روزی ملے اور اس کو کسی کی غلامی یا نوکری نہ کرنی پڑے صرف ذکر الٰہی کی بدولت رقم ملتی رہے تو اس کے لئے درج ذیل (وہ جو نیچے درج ہے) نقش باوضو لکھ کر سیدھی ران کے نیچے رکھ کر پانچ ہزار نوسو پچاس (۵۹۵۰) مرتبہ اسم

یَا وَهَّابُ

پڑھے۔ اکیس روز اسی طرح عمل کرے۔ جب اکیس ۲۱ روز ختم ہو جائیں گے تو پانچ سو ۵۰۰ روپے کا نوٹ ران کے نیچے سے ملے گا۔ اس کو لے کر آدھی رقم خیرات کر دے اور آدھی رقم (ڈھائی سو روپے) اپنے جیب خرچ میں لائے۔ یہ مال حرام جگہ میں خرچ نہ کرے۔ مثلاً رشوت میں کسی کو نہ دے۔ نہ اس رقم سے سٹہ لگائے نہ جوا کھیلے۔ نہ اس سے شراب خرید کر پیئے

اور نہ کسی کو نقصان پہنچانے میں خرچ کرے۔ مثلاً کسی غنڈے کو رقم دے کر کہا کہ فلاں کو مار پیٹ کر۔ یا فلاں کا مال چرا لے یا مال چھین لے۔ لہٰذا سخت احتیاط سے اور صحیح طور سے جائز کاموں میں صرف کرے۔ اگر غلط اور حرام کاموں میں یہ رقم خرچ کر دے گا تو فیض بند ہو جائے گا۔

اکیس روز پڑھنے کے بعد بھی روزانہ پانچ ہزار نو سو پچاس (۵۹۵۰) مرتبہ

یَا وَهَّابُ

وقتِ مقررہ پر پڑھتا رہے۔ عمل پڑھتے وقت منہ مشرق کی طرف کرے اور خوشبو کے لئے لوبان، لادن، صندل سفید کو باریک کوٹ کر یکجا کر کے رکھ لیں۔ جب پڑھنے بیٹھیں کوئلے کی آگ تیار رکھیں اس میں تھوڑا تھوڑا ڈالتے رہیں۔

زکوٰۃ اس عمل کی یہ ہے کہ یہ نقش چودہ ہزار (۱۴۰۰۰) کی تعداد میں لکھ کر کنویں، دریا، سمندر یا نہر میں ڈالے عمل کے لئے روزانہ غسل کرے، خوشبو لگائے۔ پاک وصاف کپڑے پہن کر یہ نقش لکھا کرے۔ روزانہ جس قدر

لکھے جائیں لکھ لیا کرے۔ چودہ ہزار کی تعداد پوری کرنی ہے جتنے دن میں بھی ہو جائیں اس۔ کے لئے دن کی تعداد مقرر نہیں ہے کہ اتنے دن میں لکھنا ضروری ہے۔ اگر کسی دن بالکل فرصت نہ ملے تو ایک نقش ضرور لکھے۔ اکیس دن تک ترک حیوانات کرے پڑھنے اور لکھنے کے دوران تو زیادہ بہتر ہے۔

بڑی شرط یہ ہے کہ ایام زکوٰۃ میں روزانہ دیر تک پانچ سو کے نوٹ کو خوب غور سے دیکھتا رہے یہاں تک کہ بے دیکھے اسے سامنے دیوار پر پانچ سو روپے کا نوٹ نظر آنے لگے۔ اس نقش کو لکھتے وقت باوضو رہے۔ بے وضو نہ لکھے نہ عمل کرے۔ اگر کسی غلطی کے سبب آمد بند ہو جائے تو پھر سے صرف عمل کرے زکوٰۃ کی ضرورت نہیں ہے۔ ایک دفعہ زکوٰۃ ادا کرنے پر تمام عمر کے لئے زکوٰۃ ادا ہو گئی۔ نقش آتشی چال میں یہ ہے۔

۷۸۶

و	ھ	ا	ب
ب	ا	ھ	و
ھ	و	ب	ا
ا	ب	و	ھ

دست غیب کا عمل مجرّب

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اسے غیب سے آمدنی ہو اور کسی کے آگے ہاتھ پھیلانا نہ پڑے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش کی زکوٰۃ دے۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کی تین تاریخ سے لے کر بارہ تاریخ تک خواہ جس تاریخ کو شروع کرے اگر اس دن جمعرات کا دن ہو تو بہتر ہے یعنی یہ عمل جمعرات سے شروع کرے تو زیادہ اچھا ہے۔

اول سوا کلو مٹھائی منگوائے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ایصالِ ثواب کی نیت کر کے کہے کہ

اے اللہ اس مٹھائی کا ثواب حضرت محمد مصطفیٰ احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل میں حضرت علی شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پہنچے۔

پھر وہ مٹھائی نیک نمازیوں کو کھلا دے اس مٹھائی میں سے خود بھی کھا سکتا ہے البتہ بے نمازی کو بالکل نہ کھلائے نقش لکھنے سے پہلے اور نقش لکھنے کے بعد گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد بارہ (۱۲) نقش باوضو

اس طرح پر کرے کہ ہر خانہ پر بارہ ۱۲ مرتبہ

یَا وَاجِبُ

پڑھ کر دم کرتا رہے۔ بارہ روز تک بارہ نقش روزانہ لکھے اور روزانہ لکھے ہوئے ان بارہ نقوش کو آٹے میں لپیٹ کر گولی بنا کر دریا، سمندر، نہر، کنویں میں ڈالے اور کسی سے ذکر نہ کرے تیرھویں روز بعد نمازِ فجر ایک نقش عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے پُر کرے اور دو کاغذ کے ٹکڑے پانچ سو روپے کے نوٹ کے برابر کے کاٹ کر جس جگہ تلاوت ختم کرے قرآن شریف میں رکھ دے۔ روزانہ ایسا ہی کرے۔ چودھویں دن پانچ سو روپے قرآن شریف میں ملیں گے وہ نقش یہ ہے

٧٨٦

۱	۸	۳
۶	۴	۲
۵	یا واجب	۷

کامیاب دستِ غیب

ماہ ثابت (جیٹھ، بھادوں، اگھن، پھاگن) میں

اس عمل کو شروع کرے چاند رات کو بعد نماز عشاء غسل کر کے پاک وصاف کپڑے پہن کر خوشبو لگائے۔ اس کے بعد تین پاؤ آٹے کی روٹی پکائے اور ان روٹیوں پر گڑ اور دہی رکھ کر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اور اہل بیت عظام کے ایصال کے لیے سورۂ فاتحہ اور چاروں قل پڑھ کر ان کو ایصال اس طرح کرے کہ

اے اللہ رب العزت اس طعام اور کلام
الٰہی کا ثواب حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم
کے طفیل میں حضرات اہل بیت کرام رضوان
اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور حضرت شیخ عبدالقادر
جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو پہنچے۔

اس کے بعد دو نقش لکھے۔ ہر نقش لکھنے سے قبل اور لکھنے کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ

عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

درود شریف کے درمیان دو سو ۲۰۰ مرتبہ

یَا مُنْعِمُ

پڑھ کر دو سو ۲۰۰ بار ایک نقش پر دم کرے۔ اس کے بعد پھر سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر

یَا مُنْعِمُ

پڑھے۔ اس کے بعد سات بار درود شریف پڑھ کر دوسرے نقش پر دم کرے

اس کے بعد ایک نقش کو پانی میں گھول کر وہ پانی دیوار پر چھڑک دے کہ پانی کی بے ادبی نہ ہو۔ ہلکے ہلکے چھینٹے دیوار پر مارے تاکہ زمین پر کیچڑ یا پانی جمع نہ ہو اور نقش کا کاغذ چولہے میں جلا دے تاکہ بے ادبی نہ ہو اس کے بعد دوسرا نقش اپنے پاس پلاسٹک کی تھیلی میں رکھ کر اپنی ٹوپی میں ٹانک لے یا پگڑی میں رکھے۔ اس کے بعد روزانہ بوقت طلوع آفتاب ایک نقش لکھ کر اس نقش کو پلاسٹک کی تھیلی میں رکھ کر پگڑی یا ٹوپی میں رکھ لے اور اور پگڑی یا ٹوپی میں موجود نقش کو ذرا سے پانی میں گھول کر

وہ پانی ہلکے ہلکے چھینٹے کے ساتھ دیوار پر چھڑک دے اور کاغذ کو چولہے میں جلا دے۔

جب بھی صبح کو سورج نکلنے کے وقت نقش لکھا کرے تو نقش لکھنے کے بعد اول سات بار درود شریف پڑھے اس کے بعد دو سو مرتبہ

یَا مُنْعِمُ

پڑھے۔ پھر سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر نقش پر دم کرے۔ یہ عمل برابر ایک سو ساٹھ (۱۶۰) دن کرے۔ ناغہ نہ کرے ورنہ عمل ٹوٹ جائے گا اور دوبارہ شروع کرنا پڑے گا۔

اور وہ روٹی کسی نمازی فقیر کو کھلا دے۔

نقش کے پہلے خانہ میں پہلے روز پانچ ۵ روپے لکھے دوسرے روز دس روپے اور تیسرے روز پندرہ ۱۵ روپے لکھے اسی طرح ایک سو ساٹھ دن تک روزانہ پانچ روپے بڑھا کر لکھتا جائے۔ جب ایک سو ساٹھ پر نوبت پہنچے تو ۵۰۰ روپے لکھے۔ ہر چاند رات کو عمل کو پہلے دن کے عمل کے مطابق کیا کرے تاکہ تجدید عمل ہو جائے۔ انشاءاللہ

تعالیٰ مقررہ مدت گذرنے کے بعد پانچ سو روپے روز غیب سے ملا کریں گے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۰	۹۸	۶۰	۴۲
۶۶	۳۶	۶	۹۲
۳۰	۴۸	۱۱۰	۱۲
۱۰۴	۱۸	۲۴	۵۴

عامل کو چاہیئے کہ اپنا یہ راز کسی پر ظاہر نہ کرے۔

ماہ ثوابت یہ ہیں: جیٹھ، بھادون۔ اگھن، پھاگن یہ ہندی مہینے ہیں۔ جنتری کے ذریعہ معلوم کرلیا جائے کہ اب چاند کے ساتھ کونسا ہندی مہینہ شروع ہوا ہے

غیب سے روزی کا مجرّب عمل

چاند دیکھنے کے بعد (عروج ماہ یعنی یکم سے ۱۲ تاریخ تک عروجِ ماہ کا وقت ہے) جمعرات کے دن بماہ آبی بالخصوص سرطان میں اس عمل کو شروع کرے۔ بہتر (۷۲) دن مسلسل روزے رکھے۔ روزہ روزانہ دودھ چاول سے افطار کرے۔

اکل حلال اور صدق مقال یعنی حلال روزی کھائے

اور جھوٹ کو بالکل چھوڑ دے۔ مذاق میں بھی جھوٹ نہ بولے نہ بچے کو بہلانے کے لئے جھوٹ بولے۔ اس دوران ترک حیوانات جلالی وجمالی کرے۔ سوائے تعویذ لکھنے کے اپنے ہاتھ میں عمل کے دوران کچھ نہ پکڑے۔ یعنی دیگر تحریر سے پرہیز کرے۔ اور ہر روز بہتّر (۷۲) نقش لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر نہر یا دریا یا سمندر میں ڈالے کسی دن ناغہ چھٹی نہ کرے۔ بہتّر (۷۲) روز تک برابر بہتّر (۷۲) نقش لکھے۔ عمل ختم ہونے کے بعد ۵۰ روپے روز غیب سے ملا کریں گے۔ لیکن ضروری ہے کہ ایک نقش روزانہ لکھ کر وقتِ مقررہ پر دریا، سمندر یا نہر میں ڈالتا رہے۔ تاکہ عمل قابو میں رہے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۳۳	۳۰	۸
۳۱	۷	۲	۳۲
۶	۲۸	۳۵	۳
۳۴	۴	۵	۲۹

دستِ غیب کا عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اسے غیب سے روزی ملے تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔

نوچندی جمعرات کو غسل کرکے پاک و صاف کپڑے پہنے، خوشبو لگائے بعد نماز عمل شروع کرے اس دوران گوشت اور لہسن پیاز اور بدبودار اشیاء کو کھانے میں استعمال نہ کرے۔ گناہوں سے بچے، صدق و سچ کو اختیار کرے، جھوٹ، غیبت، لڑائی جھگڑے سے خود کو دور رکھے۔ یہ عمل اکیس ۲۱ روز یا چالیس ۴۰ روز پابندی کے ساتھ بلاناغہ کرے۔ بعد نمازِ مغرب اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد پانچ سو ۵۰۰ مرتبہ

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ پڑھنے کے دوران کسی سے بات نہ کرے۔ درود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ

عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

اس عمل کے بعد

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ

ایک سو ۱۰۱ ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ درود شریف اول و آخر گیارہ بار پڑھا کرے۔ اس عمل کی برکت سے ایک سو ۱۰۰ روپے روز ملا کریں گے

دستِ غیب کا عمدہ عمل

اول ترک حیواناتِ جلالی وجمالی اختیار کرے۔ صرف جو کی روٹی یا گندم کی روٹی بغیر نمک کھائے۔ تین روزے رکھے۔ اس کے بعد نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلے اتوار کے روز سے یہ عمل شروع کرے۔ تہجد کی نماز کے بعد باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر ایک سو ایک (۱۰۱) بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد پانچ ہزار دو سو چوراسی (۵۲۸۴) مرتبہ اسم الٰہی

یَا بَاسِطُ

پڑھے۔ پھر ایک سو ایک (۱۰۱) بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد پاک صاف قلم دوات لے کر مندرجہ ذیل نقش بہتر (۷۲) عدد پُر کرے۔ اور ان کو الگ الگ

لپیٹ کر آٹا گوندھ کر اس میں ایک ایک نقش رکھ کر گولی بنا کر دریا، نہر، سمندر میں ڈال دے جب تک نقش نہ ڈال دے اس وقت تک کسی سے بات نہ کرے اور جب نقش ڈال کر واپس ہو تو پیچھے مڑ کر نہ دیکھے۔ روٹی عمل کے دوران باوضو اپنے ہاتھ سے پکائے۔ اپنا کوئی کام کسی دوسرے سے نہ کرائے بلکہ اپنا کام خود کرے۔ اکتالیس دن گذرنے کے بعد روزانہ کسی بھی طریقے سے دوسو۲۰۰ روپے روز ملا کریں گے لہذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے اس بات کا کہ اسے غیب سے رقم ملتی ہے کسی سے ذکر نہ کرے۔

اکتالیس دن عمل کرنے کے بعد گیارہ نقش روزانہ لکھتا رہے اور دوسرے، تیسرے یا چوتھے دن فرصت کے وقت آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال آیا کرے اور بہتر۷۲ (۷۲) مرتبہ روزانہ اسم الٰہی یَا بَاسِطُ پڑھا کرے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

اَجِبْ بِحَقِّ یَا رَفْتَمَائِیْلُ بِحَقِّ یَا بَاسِطُ

۶	۴۸	۱۸
۳۶	۲۴	۱۲
۳۰	دوسو روپے ۲۰۰	۴۲

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی
اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ
عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

غیب سے روزینہ مقرر ہونا

اگر کوئی چاہتا ہے کہ اس کی روزی کے لئے روزانہ مقررہ آمدنی ہوتی رہے جس سے اس کے گھر کا خرچ چلتا رہے اسے کسی سے مانگنے یا قرض لینے کی ضرورت نہ پڑے۔

یہ عمل نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات کے دن سے شروع کرے۔ سب سے پہلے غسل کرے پاک و صاف لباس پہنے، خوشبو لگائے، اگر بتی سلگائے یا کوئلے جلا کر ان پر لوبان چھڑک کر خوشبو پھیلائے۔ اس کے بعد یہ نقش بارہ (۱۲) عدد پر کرے۔ یہ نقش اکتالیس دن لکھے۔ ان نقوش کو آٹے میں لپیٹ کر گولی بنا کر دریا، نہر، سمندر یا جھیل میں ڈال دیا کرے۔ نقش لکھنے کے بعد بارہ ہزار (۱۲۰۰۰) مرتبہ یَاوَاجِبُ پڑھے۔ اکتالیس روز عمل کرنے کے

بعد خزانۂ غیب سے روزینہ مقرر ہو جائے گا۔ جس کی مقدار دو سو ۲۰۰ روپے روزانہ ہو سکتی ہے۔ اس میں سے ایک حصہ مساکین لاوارث، بے روزگار، غرباء پر خرچ کر دے (یعنی خیرات کر دے) پیشہ ور فقیر کو بالکل نہ دے صرف ضرورت مند اور مستحق افراد کو دے۔ بقیہ رقم اپنے خرچ میں لاوے۔ حرام کام میں بالکل خرچ نہ کرے ورنہ روزینہ بند ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۱	۸	۳
۶	۴	۲
۵	دو سو ۲۰۰ روپے	۷

برائے دستِ غیب برکت کے واسطے

سات دانے جو کے لے کر باوضو ان پر نو سو ستانوے (۹۹۷) بار یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ پڑھ کر ان دانوں پر دم کرے اور اپنے خرچ کی تھیلی یا صندوق یا گلہ جس میں پیسے رکھتا ہے، کسی تھیلی میں بند کر کے رکھ دے۔ جتنا چاہے خرچ کرے انشاء اللہ تعالیٰ، اللہ تعالیٰ کے اسمائے مبارکہ کی برکت سے رقم ختم نہ ہوگی۔ جب اس صندوق، تھیلی یا گلہ میں سے رقم نکالے باوضو ہو کر اس میں سے رقم نکالے۔ اس روپے کو ناجائز کاموں میں خرچ نہ کرے

خرچ میں کمی نہ ہو۔ برکت کا تعویذ

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کا ماہانہ خرچ نہ ہو اور اس

میں اس طرح برکت اور اضافہ ہو کہ اسے کسی سے سوال کرنا نہ پڑے اور نہ قرض لینا پڑے اور محدود آمدنی میں پورے ماہ کا خرچ آسانی کے ساتھ پورا ہو جائے۔ اس تعویذ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے پیسے رکھنے کی تھیلی میں رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھیلی کبھی خالی نہ ہوگی بہت برکت ہوگی اور موکل کا نام تعویذ کی پُشت پر (تعویذ کے پیچھے) لکھے۔ وہ یہ ہے بِحَقِّ یَا دَرْدَائِیْل۔

اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قتلاً قتلاً قتلاً صحفاً صحفاً نہیا نہیا جزا با جزا با یابدوح

۳۰۰۱۹	۱۴ ۳۰۰۳۲	۱۱ ۳۰۰۲۹	۸ ۳۰۰۲۶
۱۲ ۳۰۰۳۰	۷ ۳۰۰۲۵	۲ ۳۰۰۲۰	۱۳ ۳۰۰۳۱
۶ ۳۰۰۲۴	۹ ۳۰۰۲۷	۱۶ ۳۰۰۳۴	۳ ۳۰۰۲۱
۱۵ ۳۰۰۳۳	۴ ۳۰۰۲۲	۵ ۳۰۰۲۳	۱۰ ۳۰۰۲۸

بسم اللہ
الرحمٰن الرحیم
الٰہی بحق ہو الغفور الودود
ذو العرش المجید فعال لما یرید
دو صد روپیہ بجہت خرچ
روزمرّہ از خزانۂ غیب
برسان
البتّہ

دست غیب کا عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اسے دستِ غیب حاصل ہو جائے اور اسے پانچ سو روپے (۵۰۰/-) روز کی آمدنی ہو جائے اس کے لئے تین روزہ رکھے۔ اور روزہ صرف بادام، کشمش اور پستے سے کھولے اور سحری بھی اسی کو کھا کر کرے۔ اس کے لئے ایک پاؤ بادام، ایک پاؤ کشمش اور ایک پاؤ پستہ خرید کر رکھ لے۔ اور اسی سے سحری کرے اور اسی کو کھا کر افطار کرے۔ ان کے علاوہ کوئی دوسری چیز سحری یا افطاری میں استعمال نہ کرے۔ صرف یہی میوہ کھانا ہے۔ ایک کمرہ الگ تھلگ صاف ستھرا دھو کر پاک کر لے۔ اس میں بخور (لوبان، اگربتی) وغیرہ جلائے، اس میں عطر چھڑکے۔ بعد نمازِ عشاء نہا دھو کر پاک وصاف کپڑے پہن لے پاک مصلّے پر قبلہ رُخ بیٹھ کر اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد آیتِ کریمہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

پڑھنا شروع کرے۔ جب ختم کرے تو جتنی بھی تعداد ہو جائے اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر تہجد پڑھے سحری

کھائے اور فجر کی نماز پڑھے اس کے بعد چاہے تو کچھ دیر آرام کرلے۔ ورنہ پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر پڑھنا شروع کرے جب پڑھنا موقوف کرے گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ تین دن کے اندر آیت کریمہ ایک لاکھ (۱۰۰۰۰۰) مرتبہ پڑھنا ہے۔ اگر تین دن رات میں ایک لاکھ پورا نہ کیا تو عمل ٹوٹ گیا۔ نئے سرے سے دوبارہ شروع کرے۔

عمل مکمل ہونے کے بعد انشاء اللہ تعالےٰ پانچ سو روپے روزانہ ملا کریں گے۔ ان روپوں کو جائز کاموں میں خرچ کرے۔ ایک حصہ خیرات کردے، حرام کام میں خرچ کرے گا تو ناکام ہو جائے گا اور دستِ غیب کا سلسلہ بند ہو جائے گا شرط یہ بھی ہے کہ بادام، کشمش، پستہ حلال کمائی کا ہو جھوٹ، غیبت، گالی بکنا، چغلی کھانا، حسد و بغض رکھنا، گناہ کرنا، اگر ان گناہوں کے علاوہ دیگر گناہوں میں بھی مبتلا ہو گا تو کامیاب نہ ہو گا۔ اگر ناکامی ہو تو اپنے عمل کا جائزہ لے کہ کونسا گناہ ہو رہا ہے جس کے سبب کامیابی سے محرومی ہے

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی

اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ
عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

دست غیب کا لاجواب عمل

دست غیب کے لئے یہ عمل بہت لاجواب ہے لیکن شرط یہ ہے کہ پہلے جھوٹ بولنا چھوڑ دے مذاق میں بھی جھوٹ نہ بولے نہ بچوں سے جھوٹے وعدے کرے دوسری بات یہ ہے کہ ہر قسم کے گناہوں سے کنارہ کش ہو جائے اور تمام گناہوں کو چھوڑ دے۔ غیبت، حسد و بغض، الزام تراشی، حرام کھانا، رشوت دینا یا لینا، شراب پینا، زنا کاری، فحش گوئی، گندہ مذاق، کسی کی عزت خراب کرنا اسے ذلیل کرنا، اس کی چغلی کرنا، کسی کو مارنا، پیٹنا، ظلم کرنا، ظالم کی مدد کرنا، بے ہودہ لوگوں کے ساتھ دوستی رکھنا، سود کھانا، سود لینا یا دینا، سود لینے، دینے والے، شراب، ہیروئن، چرس، گانجہ، جوا، کا کاروبار کرنے والے کی بوتل، چائے پینا یا دعوت کھانا یہ سب باتیں عمل کو باطل کر دیتی ہیں اور آدمی محنت کرنے کے باوجود

محروم رہتا ہے۔ جو لوگ خود پر قابو نہیں رکھتے وہ ان اعمال کو کر کے اپنی محنت ضائع نہ کریں۔ ایسا عمل کرنے والے کو ہر کسی کا کھانا کھانے سے بچنا ہو گا۔ گناہوں کو چھوڑنا ہو گا، بے ہودہ باتوں سے اور بے ہودہ دوستوں سے کنارہ کشی کرنی ہو گی۔ صرف حق حلال کی محنت کی روٹی کھائے فلم دیکھنے والے یا ٹی وی دیکھنے والے بھی اس عمل کو کر کے کامیاب نہ ہوں گے۔ جس کمرے میں عمل کیا جائے اس میں کسی قسم کی تصویر، جانور کی ہو یا انسان کی یا گڈے گڑیا یا دیگر نوع کی تصاویر ہوں اس میں بھی برکات کا ظہور نہ ہو گا۔

عمل یہ ہے

سات روزے رکھے اور روزانہ بعد نمازِ عشاء ایک ہزار مرتبہ یہ آیت پڑھے، اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ وہ آیت یہ ہے

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ؕ وَيَعْلَمُ
مَا فِى الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا
يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِىْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ
وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝

درود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

اس کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ

یَا حَیُّ

پڑھے۔ اس کے بعد ڈیڑھ سو (۱۵۰) مرتبہ

یَا قَیُّوْمُ

پڑھے۔ یہ عمل روزانہ وقتِ مقررہ پر کرنا ہے۔ اس دوران پاک وصاف کپڑے پہنے خوشبو لگائے۔ ساتویں دن ایک نورانی حسینہ ظاہر ہوگی اور جو پانچ سو (۵۰۰) روپے دے گی وہ فوراً جیب میں ڈال لے۔ اب روزانہ پانچ سو روپے ملا کریں گے۔ شرائط کے ساتھ کرے گا تو ضرور کامیاب ہوگا ورنہ ناکام رہے گا۔ لہٰذا عمل کرنے سے پہلے اپنے حالات کا جائزہ لے اور دیکھے کہ وہ ان شرائط کی پابندی کر سکتا ہے یا نہیں۔

برائے فتوح غیب

یہ عمل فتوح غیب کے لئے بہت مؤثر ہے۔ جمعہ کے دن سنّت پڑھ کر اس کے بعد یہ دعا سات بار پڑھے۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد فرض نماز میں شریک ہو۔ دراصل جمعہ کے دن سنت اور فرض کے درمیان کرنے کا عمل ہے وہ پڑھنے والی دعا یہ ہے

یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا وَدُوْدُ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ ط

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

قرضے سے نجات کے لئے

اگر کسی آدمی کا قرضہ چڑھتا جاتا ہو لیکن کم ہونے کا نام نہ لیتا ہو تو اس کے لئے روزانہ بلاناغہ پابندی

کے ساتھ سورۃ نصر اکتالیس مرتبہ بعد نمازِ فجر پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے قرضہ ادا ہونے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے اور جلد ہی قرضہ ادا ہو جائے گا۔

سورۃ نصر یہ ہے

اِذَا جَآءَ نَصۡرُ اللّٰهِ وَالۡفَتۡحُ ۙ وَرَاَيۡتَ النَّاسَ
يَدۡخُلُوۡنَ فِىۡ دِيۡنِ اللّٰهِ اَفۡوَاجًا ۙ فَسَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّكَ
وَاسۡتَغۡفِرۡهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ؏

تنگیٔ معاش کے لئے

اگر کوئی آدمی تنگ دست ہو اور اس کی آمدنی کم اور خرچہ زیادہ ہو تو ایسی صورت میں گیارہ روز روزانہ ایک سو بار یہ کلمات پڑھ کر فراخی معاش کی دعا کیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ رزق کے دروازے کھل جائیں گے وہ کلمات یہ ہیں

اَللّٰهُمَّ تُبۡ عَلَيۡنَا قَبۡلَ الۡمَوۡتِ وَهَوِّنۡ عَلَيۡنَا
شِدَّةَ الۡمَوۡتِ وَارۡحَمۡنَا عِنۡدَ الۡمَوۡتِ وَلَا تُعَذِّبۡنَا
بَعۡدَ الۡمَوۡتِ يَا خَالِقَ الۡحَيٰوةِ وَالۡمَوۡتِ تَوَفَّنَا
مُسۡلِمِيۡنَ وَاَلۡحِقۡنَا بِالصّٰلِحِيۡنَ.

دست غیب کا عمل

ایک روپیہ پر تین مرتبہ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ باوضو جمعہ کے دن علی الصباح لکھے اس حالت میں کہ اس کا روزہ ہو۔ اس کے بعد روزانہ روزہ رکھے اور ترکِ حیوانات جلالی وجمالی کرے۔ اور ایک وقت مقرر کر کے سورۂ نون (پ) تین ۳۰۰ سو مرتبہ روزانہ پڑھ کر اس روپیہ پر دم کرے۔ یہ عمل ایک ہفتہ تک کرے۔ اس کے بعد اس روپیہ کو اپنے روپے رکھنے کی تھیلی میں رکھے انشاء اللہ تعالیٰ بے حد برکت ہو گی۔ تجربہ کیا ہوا عمل ہے۔

دست غیب کا عمل

نیا چاند دیکھ کر بروزِ جمعرات دو ۲۰۰ سو روپے کا سرسوں کا تیل لے کر بعد نمازِ عشاء نہا دھو کر پاک و صاف کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر اور ایک نیا اور کورا چراغ (وہ مٹی کا دیا جو کمہار کی دوکان سے لیا گیا ہو لیکن اس کو پانی سے دھویا نہ گیا ہو بلکہ مٹی وغیرہ کو کپڑے سے صاف کیا گیا ہو کورا چراغ کہلاتا ہے) لے کر روئی کی بتی بنا کر اس چراغ میں رکھ کر اس میں سرسوں کا تیل ڈال کر چراغ جلائے ایک پاک و صاف مصلے (نماز پڑھنے کی دری یا قالین) اپنا لے کر

اس مصلّے کے چاروں کونوں کے نیچے ایک ایک ٹھیکری (پھوٹے ہوئے مٹکے، صراحی کے ٹکڑے) رکھ دے اور ایک ٹھیکری اپنے سامنے مصلّے کے نیچے سجدے کی جگہ رکھے اس کے بعد سامنے مصلّے کے نیچے والی ٹھیکری سب سے پہلے نکال کر اس پر "حضرت ابراھیم علیہ السلام" لکھے۔ اس مصلّے کے سیدھی (دائیں طرف والی) طرف کونے کی ٹھیکری پر

حضرت جبرائیل علیہ السلام

لکھے۔ اس کے بعد مصلّے کے سامنے بائیں طرف کونے کی ٹھیکری پر

حضرت میکائیل علیہ السلام

لکھے۔ اس کے بعد پچھلے حصے کی بائیں جانب کونے کے نیچے کی ٹھیکری پر

حضرت اسرافیل علیہ السلام

لکھے۔ اس کے بعد مصلّے کے پچھلے حصّے کے دائیں جانب کونے کے نیچے کی ٹھیکری پر

حضرت عزرائیل علیہ السلام

لکھے۔ اس کے بعد اول آخر تین تین بار درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

پڑھے۔ درمیان میں سات ہزار سات سو ستتر (۷۷۷۷) مرتبہ

یَا فَتَّاحُ

پڑھے۔ یہ عمل مسلسل بلاناغہ اکیس دن پڑھے۔ اکیس۲۱ دن کے بعد روزانہ سات سو (۷۰۰) مرتبہ پڑھ لیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ جو نصیب میں ہوگا مصلّے کے نیچے سے ملے گا اور آئندہ ملتا رہے گا۔ یہ راز ہے کسی پر ظاہر نہ کرے ورنہ آمد بند ہو جائے گی۔ دوسری بات گناہوں سے بچنا، جھوٹ، چغلی، غیبت، حرام مال کھانا یا یہ رقم حرام کام میں صرف کرنا یا بے جا خرچ کرنا۔ جھوٹ سے پرہیز کرنا ہے۔ ورنہ یہ فیض بند ہو جائے گا۔

ہمزاد کو تابع کرنا

نہا دھو کر پاک و صاف کپڑے پہن کر، عطر لگا کر ایک کمرہ جس میں کوئی دوسرا موجود نہ ہو اور اس کمرہ کو دن کے وقت پانی سے دھو کر پاک کر لیا گیا ہو۔ اس میں دروازہ بند کر کے پاک مصلّے پر بیٹھے۔ اور آیۃ الکرسی گیارہ بار پڑھ کر ایک چھری پر دم کرے اور چھری سے اپنے مصلّے کے چاروں طرف گول دائرہ کھینچ لے

اس کے بعد اس طرح بیٹھے کہ سامنے کی دیوار پر نظر پڑے اور سرسوں کا تیل ڈال کر مٹی کا چراغ روئی کی بتی بنا کر روشن کرے اور بیٹھ کے پیچھے اس چراغ کو رکھ لے اور سایہ پر جو دیوار پر بنا ہے سینہ پر یا اس سے اوپر ایک جگہ جمائے اور سانس روک روک کر اسم الٰہی

یَا لَطِیۡفُ

ایک ہزار چار سو چوبیس (۱۴۲۴) مرتبہ پڑھے۔ اس عمل کے دوران اول و آخر درود شریف (نماز میں جو درود شریف پڑھا جاتا ہے) گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ اور نظر میں یَا لَطِیۡفُ کا تصور کرے کہ سامنے یَا لَطِیۡفُ لکھا ہے اور سانس روک روک کر پڑھے مثلاً سانس روکا اور جلدی جلدی یَا لَطِیۡفُ یَا لَطِیۡفُ پڑھ لیا۔ اور عمل پڑھنے کے بعد دعا کرے کہ

"اے اللہ اس اسم اعظم کے تصوّر کے ذریعہ
سے میرے ہمزاد کو تابع و فرمانبردار کردے آمین"

تیسرے ہفتہ میں متحرک ہوگا (یعنی اِدھر اُدھر چلتا پھرتا محسوس ہوگا) چوتھے ہفتہ میں بات چیت کرے گا اور کام کو دریافت کرے گا۔ اس وقت اس کہا جائے کہ پہلے تو مسلمان ہوجا۔ اس وقت کام بتلاؤں گا وہ غائب ہوجائے گا۔ پھر ایک ہفتہ بعد حاضر ہوگا (جس قدر زیادہ

دیر سانس روکا جائے گا) اسی قدر جلد کام ہو گا۔ اس کے بعد وہ مسلمان ہو جائے گا۔ اس وقت جب وہ کام معلوم کرے تو اس سے پانچ سو روپے روزانہ کا وعدہ کرا لینا۔ آدھی رقم (ڈھائی سو روپے) اللہ کے نام پر خیرات کر دے اور آدھی رقم (ڈھائی سو روپے) اپنے خرچ میں لے آئے۔ جس قدر حبس دم (سانس روک کر پڑھو گے) کرو گے اور تصور سایہ زیادہ ہو گا جلد مطیع ہو گا۔ اس عمل میں کسی قسم کا خوف نہ کرے اور یہ تصور کرے کہ اللہ تعالیٰ کے عرش کے نیچے بیٹھا ہوں۔

پڑھنے کے دوران حصار سے باہر نہ نکلے، پڑھنے کے دوران بالکل بات نہ کرے، عمل ختم کرنے کے بعد بات کرے۔

ہمزاد ایک دم پچاس ہزار روپیہ لے کر آزاد کر سکتے ہو مگر قول و قرار نہایت احتیاط سے کرے۔ جب ضرورت ہو بلاوے یا روپیہ لے کر آزاد کر دے۔ یہ بھی دریافت کرے کہ اگر ہم کسی وقت آزاد کرنا چاہیں تو کس طرح پر ہو گا۔

مالدار بننے اور روزی میں برکت کے لئے

اگر کوئی شخص انتہائی غریب ہے اور گزارہ مشکل ہوتا ہے

یا قرض میں بندھا ہوا ہے تو مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے چمڑے یا کالے کپڑے اور کالی ڈوری کے ساتھ گلے میں ڈال لے۔ یا یہ تعویذ موم جامہ کر کے گلّہ میں رکھے یا اپنے صندوق میں رکھے یا دوکان یا مکان میں لگائے انشاء اللہ تعالیٰ مالی حالت مضبوط ہوگی۔ گھر میں، دوکان میں، گلّہ میں برکت ہوگی۔ اس نقش کو استعمال کرنے سے قبل ایک کلو مٹھائی منگوا کر حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایصالِ ثواب کی نیت سے نمازیوں میں یا معصوم بچوں میں بانٹ دے۔ وہ نقش یہ ہے۔

بحقِ یا شمسُ بلا کافِ

۷۸۶

۲۴۸۲	۲۴۹۵	۲۴۹۲	۲۴۸۹
۲۴۹۳	۲۴۸۸	۲۴۸۳	۲۴۹۴
۲۴۸۷	۲۴۹۰	۲۴۹۷	۲۴۸۴
۲۴۹۶	۲۴۸۵	۲۴۸۶	۲۴۹۱

دستِ غیب

غسل کرے پاک وصاف کپڑے پہنے، خوشبو لگائے

اور جس جگہ عمل کرے اس کو بھی دن کے وقت دھو کر پاک کرلے۔ لوبان یا اگربتی جلائے۔ آیت اِذْ قَالَ اِبْرٰھِیْمُ رَبِّ اَرِنِیْ کَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰی ..... عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ۔ یہ عمل اکتالیس دن کرنا ہے اور اکتالیس سو (۴۱۰۰) مرتبہ پڑھنا ہے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار۔ ایک ایک سو روپے کے پانچ نوٹ لے کر ان میں چار نوٹوں کے کناروں پر پنسل سے الگ الگ چاروں خلفائے راشدینؓ کے نام لکھے اور مصلّہ کے چاروں کونوں کے نیچے رکھے۔ وہ نام یہ ہیں۔

۱ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ
۲ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالےٰ عنہ
۳ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ
۴ حضرت علی مرتضےٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ

اور پانچویں نوٹ پر

حضرت محمد مصطفیٰ اصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

کا نام لکھے اور مصلّے کے نیچے سجدہ کی جگہ رکھ دے۔ یہ چاروں نوٹ عمل کی برکت سے پانچویں نوٹ کے پاس جب اللہ تعالیٰ رحمت سے خود جمع ہو جائیں سمجھ لو کہ عمل

مکمل ہوا۔ چلہ ختم ہونے کے بعد ان چاروں نوٹوں کو (جن پر خلفاء راشدینؓ کے نام لکھے ہیں) اپنے خرچ میں لائیے پانچویں پر نشان لگا کر تھیلی میں رکھے کہ خرچ نہ ہو جائے چاروں نوٹ واپس آجایا کریں گے ہمیشہ پانچوں نوٹ یکجا رہیں گے۔ مگر یہ خیال رہے کہ جب خرچ کرنے دوکان پر جائے تو نوٹ دوکاندار کے ہاتھ میں مت دو بلکہ اس کے تھلے پر پھینک دیا کرو یہ احتیاط لازم ہے۔ ورنہ اگر دوکاندار کے ہاتھ میں نوٹ دے دیا تو عمل ٹوٹ جائے گا۔ یہ روپیہ صرف اپنی ضروریات میں خرچ کرو، خیرات کرو لیکن ناجائز کاموں میں خرچ نہ کرو ورنہ فیض بند ہو جائے گا۔ وہ آیت پڑھنے والی یہ ہے۔

فتوحاتِ غیبی کے لئے

اللہ تعالیٰ کی طرف سے فتوحاتِ غیبی کے لئے سورۃ فاتحہ اس ترکیب سے پڑھے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار۔ اس کے درمیان

۱ - اتوار کے دن۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○
۲ پانچ سو اکیاسی (۵۸۱) مرتبہ پڑھے۔

۲ - پیر کے دن۔ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○
چھ سو اکیاسی (۶۸۱) مرتبہ پڑھے۔

۳ - منگل کے دن۔ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ○
دو سو بیالیس (۲۴۲) مرتبہ پڑھے

۴ - بدھ کے دن۔ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ○
آٹھ سو چھتیس (۸۳۶) مرتبہ پڑھے

۵ - جمعرات کے دن۔ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ○
ایک ہزار چالیس (۱۰۴۰) مرتبہ پڑھے

۶ - جمعہ کے دن۔ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ
ایک ہزار آٹھ سو چھ (۱۸۰۶) مرتبہ پڑھے۔

۷ - ہفتہ کے دن۔ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ○

چار ہزار دو سو تینتیس (۴۲۳۳) مرتبہ پڑھے۔

اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ فتوحاتِ غیبی کا دروازہ کھل جائے گا اور ہر قسم کی معاشی بدحالی ختم ہو جائے گی۔ عمل شرط ہے برابر عمل کرے۔ چھٹی ناغہ نہ کرے۔

دست غیب

جو شخص چاہتا ہے کہ اسے دستِ غیب حاصل ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید اور لاجواب ہے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف (نماز میں پڑھا جانے والا درود) پڑھے۔ درمیان میں سورۂ مزمل شریف اس ترکیب سے پڑھے کہ درود شریف گیارہ بار پڑھنے کے بعد

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

پڑھے۔ اس کے بعد سورۂ مزمل یٰۤاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ سے پڑھنا شروع کرے جب فَاتَّخِذْهُ وَکِیْلًا ۝ پر پہنچے تو ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ

حَسْبِیَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

پڑھے۔ سورۂ مزمل ختم کرنے کے بعد

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

پڑھے۔ اسی طرح اکتالیس روز یہ عمل اکتالیس مرتبہ پڑھ کر کرے۔ اس کے بعد ایک سو گیارہ (111) بار

یَا مُغْنِیُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے اللہ تعالیٰ غیب سے روزی کا انتظام فرمائے گا۔

جس دن عمل شروع کرے اول غسل کر کے پاک و صاف کپڑے پہن کر وقتِ عصر احرام باندھ کر پڑھے۔ ترکیبِ بالا پر اکتالیس بار پھر ہر روز بوقتِ عشاء درمیان سنت و وتر گیارہ مرتبہ ترکیب بالا پڑھا کرے صرف ایک روز وقتِ عصر پڑھا جائے گا۔

واسطے معلوم کرنے دفینہ کے

اگر یہ معلوم کرنا چاہے کہ اس مکان میں خزانہ کہاں دفن ہے تو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے درمیان میں ایک ہزار مرتبہ یہ آیات پڑھے۔

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ۭ
وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ
اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ
وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝

ہر ایک سو سو مرتبہ پڑھنے کے بعد ایک سو مرتبہ "مُبِیْن" کا لفظ کہے پھر اول سے شروع کرے پھر ایک سو مرتبہ یہ آیت پڑھنے کے بعد ایک سو بار "مُبِیْن" کا لفظ کہے اور پھر آیت پڑھنا شروع کرے۔ اس کے بعد تمام پڑھنے کے بعد پیلی سرسوں پر پڑھ کر اس جگہ جہاں دفینہ ہے سارے کمرے میں چھڑک دے اور چوبیس گھنٹے کمرہ اور مکان خالی رکھے۔ سرسوں خود بخود سمٹ کر ایک جگہ جمع ہو جائے گی اسی جگہ خزانہ ہے کھود کر نکال لے۔

کلمہ شریف کے فضائل

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں بہترین ذکر کلمہ شریف لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہے۔ ظاہر ہے کہ اسی کلمہ کے پڑھنے سے آدمی مسلمان اور مومن بنتا ہے اگر یہ کلمہ نہ پڑھے تو نہ اسے مومن کہا جاسکتا ہے اور نہ کوئی عمل قبول ہوتا ہے۔ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ اپنے مکتوبات شریف 9/29 جلد اوّل فرماتے ہیں۔ حق تعالےٰ کے غضب کو دور کرنے کے لیے کلمہ شریف سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں۔ اور کفر کی ظلمتوں اور کدورتوں کو دفع کرنے کے لیے اس سے بڑھ کر کوئی کلمہ نہیں جس شخص نے صدق دل و ایمان سے کلمہ پڑھا پھر اگر وہ کسی گناہ میں بھی مبتلا ہوا تو بھی یقین ہے کہ اس کلمہ کی شفاعت سے اس کا عذاب دور ہوجائے گا۔ کیونکہ حضور مخبر صادق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!

مَنْ قَالَ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ فَقَدْ دَخَلَ الْجَنَّةَ

اور یہ اعتراض کہ کس طرح فقط اسی کلمہ کے کہنے سے جنت عطا ہوگی فقیر کہتا ہے یہ لوگ اسکی عظمت کو نہیں جانتے۔ اگر حق تعالےٰ تمام جہان کو اسی ایک کلمہ کی برکت سے بخش دے تو بھی اس کے لیئے کوئی بڑی بات نہیں اور پھر اس کے ساتھ جب دوسرا کلمہ اس کے حبیب کے اقرار کا محمد رسول اللہ جمع ہوجائے اور توحید و رسالت جو نجات کا اصل ہیں، مل گئے تو کفر و ظلمت کو ختم جانو حضور صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ کلمہ شریف جنت کی کنجی ہے اور یہ بھی فرمایا کہ جو

شخص چاہتا ہے کہ میرے گناہ بخشے جائیں وہ کلمہ شریف کثرت سے پڑھا کرے فرمایا جو شخص باوضو کلمہ شریف لاکھ بار پڑھے گا اللہ تعالےٰ اس کے بارہ درجے بلند کرے گا۔ اور وہ دنیا سے سلامتی ایمان کے ساتھ جائے گا (جان کنی کے وقت اسی لیئے کلمہ پڑھا جاتا ہے اور پڑھایا جاتا ہے۔ آقارب پڑھیں تاکہ فوت ہونے والا ان کی موافقت سے کلمہ پڑھے اور اس کے پڑھنے والے پر جان کنی آسان ہو گی اور قبر اس کی منور ہو گی۔ منکر نکیر اچھی صورت سے ملیں گے قیامت کے روز شہدا کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔ میزان پر اس کا پلہ بھاری ہو گا۔ پل صراط سے آسانی سے گذرے گا۔ حضور نبی اکرم کی شفاعت نصیب ہو گی۔ یہ بھی ارشاد ہے کہ جس فوت شدہ کے لیئے ایک لاکھ بار کلمہ شریف باوضو پڑھ کر اسے ثواب پہنچایا جاوے اللہ تعالےٰ اس کی مغفرت کر دیتا ہے۔ اور جس نے اپنی زندگی میں باوضو اپنے لیئے پڑھا ہو گا اللہ اسے جنت عطا کرے گا وہ دنیا سے سلامتی ایمان سے جائے گا! علاوہ یہ کہ اللہ کا اسے دیدار نصیب ہو گا۔ فرمایا اللہ کریم فرماتے ہیں میرے سوا اگر ساتوں زمین اور ساتوں آسمان میزان کے ایک پلہ میں رکھیں اور دوسرے میں اس کلمہ شریف کو اس کا پلہ بھاری ہو گا لازم جانو کہ اپنی عاقبت کی بہتری کے لیئے زندگی میں ایک لاکھ بار کلمہ شریف ضرور پڑھا جائے ایک وقت کی ضرورت نہیں ہر نماز کے بعد کچھ تعداد پڑھ لیا کریں اور نیت لاکھ کی کر لیں۔ پھر اگر پہلے بھی فوت ہو جائیں گے تو بھی اللہ لاکھ کا ثواب مرحمت فرمائیں گے انشاء اللہ

جب میت دفن کر چکیں

تو ایک شخص قبر کے پاؤں کی طرف کھڑا ہو کر بسم اللہ کے بعد الٓمّٓ ذٰلِکَ الْکِتٰبُ سے مُفلِحُوْن تک پڑھے دوسرا یا وہی سرہانے کھڑا ہو کر آخر سورہ بقر کا رکوع

لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ سورۃ بقر کا فِرِیْنَ؛ تک اور جب وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا۔ پڑھیں تو اللہ کی طرف خاص خیال کر کے رقت کے ساتھ بلکہ رو کر ان کلمات کو پڑھیں اور دل میں طلب مغفرت میت کریں اور پھر بعد ازاں دعائے مغفرت کریں انشاءاللہ میت کی مغفرت ہو گی۔ جب قبر پر پانی ڈالیں تو پھر پڑھیں۔ اَللّٰھُمَّ بَرِّدْ مُضْجَعَہٗ (اے اللہ اس کی قبر کو ٹھنڈا کر دے

دوزخ سے نجات

فرمایا نبی اکرم صلے اللہ عَلَیْہِ وسلم نے جو شخص صبح کی نماز کے بعد بغیر کسی سے کلام کیئے سات بار یہ پڑھے اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ اور پھر اگر اس دن وہ شخص فوت ہو جائے تو اللہ اسے دوزخ سے بچائے گا۔ اور پھر اگر شام یا عشاء کی نماز کے بعد سات بار اس کو پڑھا اور وہ اس رات فوت ہو گیا تو اللہ کریم اسے دوزخ سے دور رکھے گا۔ الحق حضور کا فرمان سچ ہے صبح شام پڑھنے کی اسے ہی توفیق مرحمت ہو گی، جسے خدا کو دوزخ سے بچانا مقصود ہو گا۔ وَمَا تَوْفِیْقِیْٓ اِلَّا بِاللّٰہِ ہی فرمایا مخبر صادق صلے اللہ عَلَیْہِ وسلم نے جو شخص صبح و شام یہ مختصر کلمے تین تین بار کہے گا۔ اللہ پر حق ہو گا کہ قیامت کے روز اسے خوش کرے (مسند احمد و ترمذی) کلمات یہ ہیں۔

رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِیًّا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ط۔

اور یہ بھی ارشاد ہے صبح و شام تین تین بار کلمہ شریف لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پڑھنا مغفرت کا باعث ہے۔ اللہ ہر مسلمان کو پڑھنے کی توفیق عطا فرما دے آمین ادر فرمایا!

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ ط

یہ دو کلمے زبان پر ہلکے ہیں۔ لیکن قیامت کے دن میزان عمل پر بھاری ہوں گے سبحان اللہ اور فرمایا جو شخص!

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ ط استغفر اللہ ط

سو بار ہر روز پڑھے گا اس کے گناہ معاف کیے جائیں گے اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔ اور فرمایا یہ کلمات اسم اعظم ہیں مہد قنا یا رسول اللہ۔

سونے سے پہلے کے خاص اعمال

فوائد بیان کیے جا چکے ہیں سورہ ملک پ 29 ۲۔ استغفار سو بار دس منٹ خرچ ہوتے ہیں سارے دن کے گناہ اللہ تعالیٰ معاف کرے گا۔ قل شریف و معوذتین اور آیت الکرسی پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے بدن پر ملیں اللہ تعالےٰ شیطان سے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے گا۔ ۳۔ دو آیتیں اخیر سورہ بقر کی اٰمَنَ الرَّسُوْلُ تا کافرین تک پڑھنے والے کو اللہ تعالےٰ تہجد کی نماز کے برابر ثواب دیتا ہے

۴۔ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ چار آیت تا خَیْرُ الرَّاحِمِیْنَ ط اور فَسُبْحَانَ اللّٰہِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ تین آیت اور لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ پ ۱۱ صبح و شام پڑھنا سنت رسول ، اور ثواب بے شمار ہے۔

* * *

منتخب وظائف واعمال

صوفی حاجی احمد دین صاحب نے بھی اِن وظائف کا ورد رکھا۔ فرماتے ہیں۔ یہ بھی ظاہر کردوں کہ ان اعمال کی توفیق مجھے ادائے حج کے بعد ہی نصیب ہوتی ہے۔ میں اسے حج مکرم کا معجزہ تسلیم کرتا ہوں، مجھے زمانہ گذشتہ میں شاید چند بار ہی تہجد نصیب ہوئی ہوگی۔ لیکن حج کی یہ ظاہر برکت اور کرامت ہے کہ جس دن مکہ مکرمہ میں پہنچا۔ اس کے دوسرے دن سے یہ فضلِ خدا شاملِ حال ہوا کہ جب تک میں مکہ مکرمہ اور مدینہ طیبہ میں رہا ایک دن بھی نہ تہجد قضا ہوئی اور نہ نماز پھر اس کے بعد بھی اب تک اللہ کا کرم ہے۔ شاید ہی کسی دن تہجد یا نماز قضا ہوتی ہے۔ اور جس روز قضا ہوتی ہے تو میں سمجھتا ہوں آج ضرور مجھ سے کوئی خاص گناہ سرزد ہوا ہے کہ جس کے سبب محروم رکھا گیا ہوں یہ حال میں نے صرف اس لیئے لکھا ہے تاکہ مسلمانوں کو حج کی ترغیب و تحریص ہو اور وہ ذاتی طور سے حج کے برکات دیکھ لیں یقین و ایمان کامل ہو اور اللہ اور اللہ کے سچے رسول سے سچی محبت پیدا ہو لیکن حج کے لیئے چند باتیں لازم سمجھیں۔

۱۔ اوّل نیت خالص رضائے حق اور محبتِ رسولؐ ہو۔

۲۔ دوسرے مال حلال ہو رشوت یا سود یا حرام طریقے کی کمائی نہ ہو۔

۳۔ تیسرے ادائے حقوق و قرض وغیرہ سے سبکدوش ہو۔

۴۔ چوتھے ادب و عجز ہر مقام پر خصوصاً حرم کعبہ و حرم نبوی صلی اللہ علیہ وسلم حد سے زیادہ ہمہ وقت ملحوظ رکھے۔

۵۔ پانچویں کسی کی دل آزاری دوران حج میں نہ کرے اور جہاں تک ہو سکے حجاج

کے آرام پہنچانے میں سعی کرے کسی سے لڑے جھگڑے نہیں۔ ان پانچ باتوں پر عمل کرے پھر اللہ کے فضل پر اُمید رکھے۔ انشاء اللہ ظاہر طور پر اللہ تعالےٰ کا فضل و کرم دیکھے گا۔

وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ ط

اِس عاصی کے بعض معمولات

ہر صبح کسی وقت سورہ یٰسین پڑھنا۔ ہر رات سورہ ملک و ہر شام سورہ واقعہ ہر جمعہ سورہ کہف، ہر نماز فرض کے بعد آیت الکرسی لازم کر رکھے ہیں بفضلہ ایسے ہی ہر نماز کے بعد ورد فاطمہ اور استغفار اور آیت لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ، کافرون وغیرہ بھی پڑھتا ہوں اکثر تحیۃ الوضو کی دو نفل ضرور پڑھتا ہوں کہ حضور کا ارشاد ہے۔ مغرب کی نماز کے بعد جو دو نفل ہیں ان میں بعد الحمد آیت لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ۔ الخ پ۱۱ بھی لازم کی ہیں بموجب عمل حضرت شبلی رح کے عشاء کی نماز وتروں سے پہلے جو دو نفل ہیں ان میں سورہ والضحیٰ پہلی رکعت میں سورہ الم نشرح لک دوسری رکعت میں پڑھتا ہوں کہ یہ عمل حضرت اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔ یہ محض اللہ کریم کی کرم نوازی اور حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ جلال پور شریف کی دعا و برکت کے سبب ہے جو مجھ عاصی ناتواں کو توفیق نصیب ہوئی میں اللہ سے معافی چاہتا ہوں ان کوتاہیوں اور قصوروں کی جو ان اعمال کے تساہل سے مجھ سے سرزد ہوں۔ صبح و شام فسبحٰن اللہ حین تمسون الخ ۳ آیت پارہ (۲۱) رکوع ۱۵ پڑھنا خیر و برکت اور اللہ کی محبت حاصل ہو گی (حاجی صوفی احمد دین)

متفرق وظائف کشائش وغیرہ

فرمایا! مخبر صادق صَلَّی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلم نے جو شخص چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں برکت ہو وہ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد ہاتھ دھو کر لیا کرے اور بسم اللہ پڑھ کر کھانا شروع کرے

گناہ اور تنگی دور ہو

فرمایا! حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس کے گناہ زیادہ ہوں وہ استغفار پڑھا کرے جو تنگ دست ہو وہ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھا کرے اور فرمایا لاحول ولاقوۃ دوا ہے 99 مصائب کی اس کے پڑھنے سے فقر و فاقہ اور غموں سے نجات ملتی ہے (بخاری و مشکوۃ) مجھ سے ایک بزرگ نے حصولِ غنا کے لیے اس طرح فرمایا کہ صبح اور عشاء کی نماز کے بعد دو دو سو بار

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وآلہ الطیبین کم از کم سو سو بار دونوں وقت جوانی میں دوکان کے کام کی افزائش کے وقت جب کبھی پڑھا تین طور پر افزونی وآمد زر پائی تینوں چیزیں دین و دنیا کی فلاح کی آخری چیزیں ہیں۔ ثواب مِنْ اَنْفُسِکُمْ پ۱۱ اور آیت کریمہ پڑھنے کی کوشش رکھتا ہوں۔ اور اب خدا کے فضل سے فجر کی نماز کے بعد یہ عمل ہے کہ اوّل آیت

الکرسی، پھر استغفار تین بار پھر آیت لَقَدْ جَآءَکُمْ ایک بار دس بار درود شریف پھر دس بار کلمہ توحید پھر دس بار کلمہ تمجید سبحان اللہ والحمد للہ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ط پھر سات بار اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ اور تین بار رَضِیْتُ بِاللہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّمُحَمَّدٍ نَّبِیًّا صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتا ہوں۔ اور یہ ہر دو دعائیں شام یا عشاء کی نماز کے بعد بھی پڑھتا ہوں، پھر دس بار قل شریف (سورہ اخلاص)، پھر اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ تین بار پھر اس کے بعد سورہ حشر کی آخری تین آیتیں ھو اللہ الذی الخ قرآن سے دیکھ کر لو۔ پھر اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ، پھر ایک سو بار درود شریف پھر سو بار یَا اللہُ الصَّمَدُ پھر سو بار یَا کَرِیْمُ، پھر ستر بار یَا وَھَّابُ، پھر ایک بار درود تاج یہ ترتیب لازمی نہیں۔ گاہے بگاہے آگے پیچھے بھی کلمات ہو جاتے ہیں یعنی مقدم و موخر۔ پھر حسب حاجت دعا، پھر اگر سورج نکل آیا ہو تو چار نفل دو دو رکعت کر کے اشراق کی پڑھتا ہوں اور اگر سورج نہ نکلا ہو تو سورہ یٰسین شریف پڑھتا ہوں کہ سورج آئے اسی دوران کسی وقفہ میں تین بار درود شریف دو بار الحمد شریف ایک بار سورہ اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ پ ۳۰ سورہ ۲۷۔ اور تین بار قل شریف سورہ اخلاص اور اخیر کے دونوں قل شریف ایک ایک بار آخر میں ایک درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب بطفیل حبیب خدا اپنے والدین، ہمشیرگان، بھائیوں کو اور تمام خویش و اقارب کو بخش کر اللہ سے عرض کرتا ہوں اور ساتھ ہی یہ بھی کہتا ہوں یا اللہ تیرا فضل و کرم بڑا وسیع ہے۔ تمام جہان کے مرحوم مسلمانوں کو اپنے اس پاک کلام کے ثواب سے مستفید فرما! اور ان کے گناہ معاف فرما! اور جن کے کچھ دنیاوی مجھ پر حق ہیں انہیں بھی اس ثواب سے مستفیض کر اور ادائیگی حق کا اسے وسیلہ بنا۔ پھر مزید

ایک بار الحمد شریف اور قل شریف تین بار اور آیت لَقَدْ جَآءَکُمْ رٌ اور درود شریف پڑھ کر دعا کرتا ہوں کہ الٰہی حضورؐ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام صحابہ اور میرے قبلہ مرشدی سید حیدر شاہ صاحب اور میرے قرآن کریم کے استادوں کو اس پاک کلام کا ثواب پہنچا۔ پھر اپنے اہل و عیال کی صحت و سلامتی و اقبال دین دنیا کی دعا کرتا ہوں۔ الٰہی اسی عمل پر میرا خاتمہ کیجیو کہ تیرا فضل ہر امر پر حاوی ہے مکرر یہ کہ صبح حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ ط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط ۷ بار اور حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ط

۷ بار ضرور پڑھتا ہوں۔ اس کے علاوہ خدا توفیق دے تو سورہ ملک اور کچھ قرآن کا اور سورہ والعصر اور سورہ بھی اور فراخی بھی یقینی اور یہ بھی حضورؐ کا ارشاد ہے۔ جسے غم اور دکھ گھیرے وہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھا کرے

حضرت شاہ ولی اللہ فرماتے ہیں۔ جو شخص سو بار روزانہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ پڑھا کرے گا۔ ہرگز کبھی مبتلائے عسرت نہ ہوگا فقر و فاقہ سے محفوظ رہے گا۔

نقصان و مصیبت کا اجر

فرمایا اگر کسی کا نقصان جان و مال ہوا اور وہ اس پر صبر کرے اور یہ کلمات کہے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ط۔ اَللّٰھُمَّ اجُرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاخْلُفْ لِیْ خَیْرًا مِّنْہَا تو اللہ اسے اس سے بہتر چیز دے گا بالکل حق ہے آزمایا جا چکا ہے۔

ادائے قرض و رفع غم

ایک شخص نے عرض کی یا رسول اللہ مجھے قرض اور رنج و غم نے تنگ کر رکھا ہے

آپ نے فرمایا یہ دُعا (نماز میں اور بعد نماز بھی) اکثر پڑھا کر۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ ط۔ (ابوداؤد وغیرہ) (رنج و غم اور ادائے قرض میں یہ مجرب و مشہور ہے۔ وہ شخص کہتا ہے میں نے اسے چند روز پڑھا مجھے رنج و غم اور قرض سے نجات ہوئی۔ پ ۲۹ سورہ مدثر روزانہ پڑھنے والا مال دنیا سے مالا مال اور ثوابِ آخرت سے سرفراز ہوتا ہے۔

ادائے قرض و حصولِ غنا

حضرت علیؓ سے ادائے قرض سے تدبیر پوچھی۔ آپ نے فرمایا میں تجھے وہ سکھاتا ہوں جو مجھے میرے آقا حضرت نبی اکرم نے سکھایا اگر پہاڑ کے برابر بھی تجھ پر ہوگا تو اُتر جائے گا۔ وہ یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَنْ مَنْ سِوَاکَ دوسری جگہ یہ بھی کلمے زائد ہیں۔ اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا کَرِیْمُ اکْفِنِیْ الخ (ہر نماز کے بعد) بار پڑھا کرو۔ قرض دور فراخی نصیب۔

کشائش رزق

سورہ اِنَّا اَنْزَلْنٰہُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ پ ۳۰ روزانہ باوضو ۲۱ بار یا ۴۱ بار پڑھنا۔ کشائش رزق و ثواب کا موجب ہے۔ اوّل و آخر درود شریف پھر دعا۔ حاجت مانگیں۔ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ۔

کشائشِ رزق وجاہ

خاندانِ چشت سے منقول ہے کہ صبح کی سنتوں کے بعد اور فرضوں سے پہلے ایک سو بار: سُبحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ط اوّل آخر درود شریف پڑھا کریں۔ کشائشِ رزق وترقی جاہ کے لیے اکسیر ہے۔ ہر نماز کے بعد اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ پ ۳۰ کا پڑھنا فراخی رزق کا موجب و زائد ثواب ہے۔

حصولِ غنا وراحتِ قبر

حضرت علیؓ فرماتے ہیں فرمایا! سرور دوجہاں صَلی اللہ عَلیہ وآلہٖ وسلم نے جس شخص نے روزمرہ سو بار لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ط۔ اپنا وظیفہ مقرر کرلیا زندگی میں وہ محتاجی سے بچے گا۔ اور قبر میں اسے وحشت نہ ہوگی وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

کشائشِ رزق وحصولِ غناء

جو شخص ہر نماز کے بعد سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ ۳ بار الحمد شریف ایک بار اور سورہ انا انزلناہُ گیارہ بار پڑھے اللہ اس پر بغیر مشقت کے فتوحِ رزق کرے گا۔

دیگر وسعتِ رزق

جمعہ کی نماز کے بعد جب سب فارغ ہوں یہ آیت لکھ کر دوکان یا مکان میں رکھنے سے فراخی رزق ہوتی ہے۔ آیت :۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ دوکان یا مکان میں کہیں چسپاں کردیں۔

دوکان کی آمدنی بڑھے

کسی نیک طالع مند آدمی کے کرتہ کی کترن پر آیت۔

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم لکھ کر دوکان یا خرید و فروخت کی جگہ لٹکا دے خوب آمدنی ہو گی۔

استغفار کے فوائد

جاننا چاہیئے کہ بعض لوگوں کو بوجہ گناہوں کے تنگی و عسرت کی سزا ملتی ہے اور حکمت اس میں خدا کی یہ ہوتی ہے کہ وہ سزا جو گناہ کی عاقبت میں سخت ملنی چاہیئے اللہ تعالےٰ نے بوجہ اسلام ان کی عاقبت کو بہتر بنانے کے لیئے یہاں ہی انہیں تنگی میں مبتلا کر دیتا ہے اگر وہ اس پر صبر کریں تو اللہ تعالیٰ انہیں اپنا دوست قرار دیتا ہے

اگر شکوہ کریں تو اور تنگی کرتا ہے۔ اس عسرت کا علاج سوائے استغفار کے اور کچھ نہیں اسی لیئے حضور نے فرمایا جس کے گناہ زیادہ ہوں وہ استغفار کیا کرے استغفار کے کلمات متعدد ہیں۔ بہترین استغفار سید الاستغفار ہے جو کہیں دوسری جگہ لکھا گیا ہے۔ اور عام استغفار یہ بھی ہے۔

استغفر اللّٰہ الّذی لَآ اِلٰہَ الّا ھُوَ الحیُّ القیومُ واتوبُ اِلیہ

اور یہ بھی ہے۔ استغفر اللہ ربی مِن کل ذنب واتوب الیہ۔

اور یہ بھی ہے۔

اللّٰھُمّ غفر لِی ذنوبِی وتُبْ عَلَیَّ انکَ انتَ التوّابُ الرّحیمْ ط

حضور فرماتے ہیں کہ استغفار کرنے والے کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اگرچہ وہ جہاد سے بھاگا ہوا ہو۔ اور اللہ رزق فراخ کر دیتا ہے۔

برائے طلب حاجت

صبح کی نماز کے بعد سورہ مزمل برائے طلب حاجت صرف ایک بار اس طرح پڑھیں کہ پہلے درود شریف ۳ یا ۵ بار پڑھ کر سورۃ مزمل بسم اللہ پڑھ کر شروع کریں۔ جب آیت

رَبُّ المشرقِ والمغربِ لَآ اِلٰہَ الّا ھُوَ فاتّخِذْہُ وکیلًا

پڑھے تو اسے ۳ بار تکرار کریں۔ پھر آگے جب

واللّٰہُ یُقدّرُ اللّیلَ والنّھارَ ط

اسے بھی تین بار تکرار کریں پھر آگے

یَبتغُونَ فضلًا مِّنَ اللّٰہِ ط

کو ۲ بار۔ پھر آخریں۔

وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰہ ط اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ

بھی ۳ بار پڑھ کر درود پڑھیں پھر اپنی جو حاجت ہو اللہ کریم سے مانگیں انشاء اللہ پوری ہوگی۔

جابر ظالم حاکم زیادتی نہ کر سکے

یہ لکھ کر پاس رکھے اور اسی آیت کو پڑھنا جائے انشاء اللہ حاکم زیادتی نہ کرے گا۔ انصاف کرے گا۔ آیت

اِنَّ اللّٰہ یَامُرُکُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَفٰاتُ اِلٰی اَھْلِھَا وَاِذَا حَکَمْتُمْ بَیْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْکُمُوْا بِالْعَدْلِ اِنَّ اللّٰہ نِعِمَّا یُنْظِکُمْ بِہٖ اِنَّ اللّٰہُ کَانَ سَمِیْعًا لبَصِیْرًا۔

فراخیٔ رزق

کسی نماز کے بعد باوضو اسم یا وَہَّابُ تین سو بار پڑھا کریں اول آخر درود شریف ۳،۳ بار انشاء اللہ فراخی نصیب ہوگی ۵ تا ۶ منٹ لگتے ہیں از حضرت بکہ شریف

ادائے قرض و فراخیٔ رزق

حضور صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت معاذؓ کو ادائے قرض کے لیے فرمایا تو یہ آیتیں پڑھا کر اللہ قرض سے نجات دے گا۔

اَللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تا حساب پارہ ۳ رکوع ۱۱

قرآن سے دیکھ کر یاد کرلیں دو آیات۔

⁂

ختم حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ

یہ ختم واسطے کشائش رزق و جمیع حاجات مشکل کے مجرب ہے اکثر بزرگ ایک دوسرے کو وصیت کرتے تھے۔ صبح کی نماز کے بعد یا تہجد کے بعد اول ایک سو بار درود شریف پھر پانچ سو بار۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ط

پھر ایک سو بار درود شریف پڑھ کر اللہ کریم سے اپنی حاجت طلب کریں۔ صالحین فرماتے ہیں جو شخص اسے ہمیشہ پڑھے گا اللہ اسکی مشکل حل کر دے گا۔ اور کسی کا محتاج نہ ہوگا۔ ثواب اس کا حضرت مجددؒ کو بخشے۔

ختم خواجگان رضی اللہ عنہم اجمعینؒ

ایک آدمی یا ۳ یا ۵ یا ۷ عرض طاق ہوں خواہ کتنے ہی ہوں۔ ۹۔ ۱۱۔ ۱۵ وغیرہ حلقہ باندھ کر دو زانو باوضو پاک جگہ بیٹھیں۔ اوّل کسی قدر شرینی پر سورہ فاتحہ ایک بار اور سورہ اخلاص ۳ بار پڑھ کر اس کا ثواب بزرگان سلسلہ نقشبندیہ کو پہنچائیں پھر مع بسم اللہ سورہ اَلْحَمْدُ سات بار پھر درود شریف سو بار پھر مع بسم اللہ سورہ الم نشرح ۷۹ بار پھر مع بسم اللہ سورہ اخلاص سو بار پھر الحمد ایک بار پھر درود شریف سو بار پھر اسماء ذیل سو بار ہر ایک اسم یا قاضی الحاجات سو بار یا کافی المہمات سو بار یا دافع الدرجات یا دافع البلیات۔ یا حَلَّ المشکلات یا شافی الامراض یا مفتح الابواب۔ یا مسبب الاسباب یا منزل البرکات۔ یا مجیب الدعوات

سو سو بار۔ برحمتک یا ارحم الراحمین ط آمین۔

بردعا اور ثواب بزرگانِ دین کو پہنچائیں۔ پھر اپنی حاجت طلب کریں۔

حاجات مشکلہ کی نماز

چاند کی گیارہ اور بارہ دن کی درمیانی رات کو عشاء کی نماز کے بعد ۱۲ رکعت نفل چھ سلام سے اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں بعد فاتحہ قل شریف ۱۲۔ بارہ پڑھیں اسی طرح بارہ نفل پڑھ کر ایک سو بار درود شریف پڑھ کر سب کا ثواب حضور۔ شفیع یوم نشور صلی اللہ علیہ وسلم کے پہنچائیں۔ اور حضور کے طفیل اپنی حاجت اللہ کریم سے مانگیں۔ انشاء اللہ حاجت بر آئے گی۔ روزی حلال شرط ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فرماتے ہیں۔ اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آئے تو یہ نماز بہ نیت قضائے حاجات اس طرح پڑھے۔ چار رکعت ایک سلام سے پہلی رکعت میں بعد فاتحہ آیت کریمہ یعنی۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

اگلی آیت بھی۔

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ تا نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ

سو بار پڑھے اور دوسری رکعت میں بعد فاتحہ

رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ

سو بار پھر التحیات میں بیٹھ کر عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ تک پڑھے پھر تیسری رکعت میں۔

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ

سو بار چوتھی رکعت میں۔

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل

سو بار پڑھے۔ بعد سلام اسی طرح بیٹھے اور سو بار

رَبِّ اِنِّی مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

پڑھ کر چند بار درود شریف پڑھے پھر اللہ کریم سے اپنی حاجت طلب کرے۔ انشاء اللہ تھوڑے دنوں میں حاجت پوری ہو گی۔

ادائے حمد حصولِ غنا وظیفہ امراء

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں۔ جس کو اللہ دنیا میں سرفرازی دے اس کو لازم ہے کہ وہ اللہ کی حمد کیا کرے یعنی یہ کلمات پڑھا کرے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

لکھا ہے جو شخص اسے صبح و شام سو بار پڑھا کرے گا۔ اللہ اسے جنت عطا فرمائے گا۔ اور دنیا سے اسے فراخی اور سرداری نصیب ہو گی۔

مسر میاں فضل اس کے عامل تھے۔ رحلت کے وقت ان کے منہ سے بھی یہی کلمے نکلے۔ اخبارات میں چھپا تھا۔ قارئین نے پڑھا۔

فراخیِ رزق و دولت

دہلی کے ایک بزرگ کا خاندانی عطیہ ہے حصول غنا میں فوری موثر و مجرب ہے جب کوئی نیا چاند چڑھے تو اس کے پہلے بروز بدھ کے کسی ایک معینہ وقت سات دن

ایک ہی جگہ معینہ پر پڑھیں ۔ ۔ ۔ ۔ درود شریف پڑھ کر اللہ کریم سے اپنی حاجت کی دعا مانگیں، خاص ہے۔

یَا نِہ فِتَمَا نَسْلُ بِحَقِّ یَا وَہَّابُ

حصولِ حاجت

حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکیؒ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ حصول جمیع حاجات کے لیے اتنا کلمہ لکھ کر اپنے پاس رکھیں انشاءاللہ جمیع حاجات پوری ہوں گی۔ کلمہ یہ ہے۔ خداوندا اگر منظور داری حاجتم را برآری باوضو پاک لکھیں۔

جب کسی سے حاجت درپیش ہو

تو اس کے پاس جانے سے پہلے وضو کرو۔ بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار یہ آیت شریفہ پڑھو:۔

وَلَمَّا دَخَلُوا مِنْ حَيْثُ أَمَرَهُمْ أَبُوهُمْ مَا كَانَ يُغْنِي عَنْهُمْ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا حَاجَةً فِي نَفْسِ يَعْقُوبَ قَضٰهَا ط۔

پھر ایک درود شریف پڑھ کر چلو اور راستہ میں بھی پڑھتے رہو۔ انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔ اللہ سے مدد نیت میں رکھو۔

ہر رنج و غم اور مشکل میں پڑھو

ہر نماز کے بعد سات بار حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ط

پڑھو! حضور فرماتے ہیں۔ حضر ہیم جب آگ میں ڈالے گئے تو آخری کلمہ اُن کا یہی تھا۔ اور خود خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔

فَزَادَهُمْ اِیْمَانًا وَّ قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِیْلُ ط فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَضْلٍ لَّمْ یَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ وَّ اتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ط وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

(بخاری شریف میں ہے) ہر مصیبت دور ہوگی۔

مصائبِ ناگہانی مشکل میں

حضورؐ نے فرمایا جب کوئی مشکل پڑھے تو۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

بکثرت پڑھا کرو۔ نماز کے بعد اور چلتے پھرتے بھی پڑھو اللہ کریم حل کر دیں گے۔

برائے فراخیٔ رزق

جمعہ کی نماز کے بعد یہ آیت لکھ کر دوکان یا مکان میں رکھیں یا چسپاں کر دیں انشاء اللہ فراخی نصیب ہوگی۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِیْهَا مَعَائِشَ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ

حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْكُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ؁ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَیْهِ

تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

بعد ہر نماز کے ۳ یا ۷ بار پڑھو رزق فراخ عطا کرے گا۔

طلب حاجت

فجر کی نماز کے بعد سورہ مزمل ایک بار اس طرح پڑھیں کہ چار مقام پر چار آیتیں ۳ - ۳ بار پڑھیں

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا

۳ بار تکر پڑھیں۔ پھر آگے۔

وَاللّٰهُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّھَارَ ط

کو ۳ بار۔ پھر آگے۔

یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ط

کو ۳ بار۔ پھر آگے آخر پر

وَاسْتَغْفِرُ اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ

۳ بار بعد ازاں ۳ بار درود شریف اس کا ثواب حضور علیہ السلام کو پہنچائیں اور جو بھی حاجت ہو اللہ سے طلب کریں انشاء اللہ ضرور پوری ہو گی۔

ہر مشکل کا وظیفہ

حضور کا معمول تھا کہ ہر مشکل میں سجدہ میں گر کر پڑھتے

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

اور اِس پر مداومت بھی حدیث سے ثابت ہے ہر نماز کے بعد دعائیں بھی اور آگے پیچھے بھی پڑھتے رہتے ہیں، ثواب بھی اور حل مشکل بھی، یہ شعر ہر نماز کے بعد دعائیں پڑھا کریں۔ انشاء اللہ جس مشکل کے لیے پڑھیں گے حل ہو جائے گی۔

فَسَهِّل یَا اِلٰهِی کُلَّ صَعْب
بِحُرْمَتِ سَیِّدِ الْاَبْرَار سَهِّل

اعمال برائے شفائے امراض

دردِ سر کے لیے یہ نقش لکھ کر ماتھے پر باندھیں انشاء اللہ آرام ہوگا۔

صلوه	سلوه
سلوه	صلوه

دیگر: ایک کاغذ سفید پر یہ لفظ لکھ کر درد کی جگہ چسپاں کر دیں، گوند یا آٹے سے دم دل دم، یہ درحقیقت قرآنِ کریم کی آیت دَمَتّھلھُم سے ہیں۔ انشاء اللہ درد دُور ہو جائے گا۔

دیگر!

دردِ شقیقہ وغیرہ میں ماتھے کو پکڑ کر یہ آیت پڑھ کر دم کریں اور ہاتھ کو جھٹک دیں۔ ۳ بار پہلے بسم اللہ پڑھ لیں۔ پھر آیت:

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قُلِ اللّٰهُ ط قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ط قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ قُلِ اللّٰهُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝ پ ۱۳ ع ۸

درد سر کے لئے

آخر جمعہ رمضان بعد نماز صبح یا جمعہ یہ آیت لکھ کر رکھ چھوڑے جس کو درد سر ہو بطور تعویذ اس کو درد پر باندھے۔ انشاء اللہ اسے آرام ہوگا۔ بسم اللہ سارے

اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ط ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا پ ۱۹ ۲۶

باوضو پاک سیاہی سے لکھیں اور کپڑے میں باندھے

درد شقیقہ وغیرہ

درد کی جگہ پکڑ کر یا ہاتھ رکھ کر یہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ رَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

اس کو تین تین بار پڑھ کر دم کریں اللہ صحت دے گا۔

اسمِ اعظم

ہر دعا قبول ہونے کیلئے پہلے اسم اعظم پڑھے اور پھر دعا کرے پھر تین بار درود شریف پڑھ کر یہ کہے۔ اَللّٰہُ وَاحِدٌ لَا شَرِیْکَ لَہٗ ایک بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ کہے اور پھر تین بار کہے وَتَوَکَّلْ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ ایک بار یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کہے۔ پھر تین۳ بار کہے کُلُّ مَنْ عَلَیْہَا فَانٍ وَّیَبْقٰی وَجْہُ رَبِّکَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۝ ایک بار کہے یَا اِلٰہَنَا وَاِلٰہَ کُلِّ شَیْءٍ اِلٰہًا وَّاحِدًا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ ۝

پھر ایک بار یہ پڑھے:

اَللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ ز وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط بِیَدِکَ الْخَیْرُ ط اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّہَارِ وَتُوْلِجُ النَّہَارَ فِی الَّیْلِ ز وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۝

اس کے بعد رزق کی فراخی، امتحان کی کامیابی، عزت و جرأت پیدا کرنے اور بزدلی دور کرنے وغیرہ کے لیے جو چاہے دعا کرے۔ آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھے۔

درود تُنَجِّیْنَا

آفات سے حفاظت کے لیے یہ درود روزانہ ستر مرتبہ پڑھا کریں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا
مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا
جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَ تُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ
السَّیِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ
وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ
فِی الْحَیٰوۃِ وَ بَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ
قَدِیْرٌ ؕ

درودِ ابراہیمی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اُن کی آل پر جس طرح تو نے رحمت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل پہ،

بیشک تو مستحق تعریف اور بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! برکت نازل فرما محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل پر جیسا کہ برکت نازل فرمائی تو نے ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل پر بیشک تو مستحق تعریف اور بزرگی والا ہے

کلمہ طیبہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

اس کلمہ سے کافر مسلمان ہوتا ہے اور جس کی اس پر موت واقع ہو وہ جنتی ہے۔ میّت کو سترّ ہزار بار پڑھ کر ایصالِ ثواب کرنا گناہوں سے بخشش کا ذریعہ ہے۔

اٰیۃ الکرسی

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ
سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ
مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ
مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ
بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا
وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ط

(ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں زندہ ہے، سنبھالنے والا ہے نہ اس کو کوئی اونگھ دبا سکتی ہے اور نہ نیند ۔ اسی کے

مملوک ہیں جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔ ایسا کون شخص جو اس کے پاس سفارش کر سکے بدون اس کی اجازت کے وہ جانتا ہے ان کے تمام حاضر و غائب حالات کو اور وہ موجودات اس کے معلومات میں سے کسی چیز کو اپنے احاطۂ علمی میں نہیں لا سکتے مگر جس قدر وہ چاہے اس کی کرسی نے سب آسمانوں اور زمین کو گھیر رکھا ہے اور اللہ تعالٰی کو ان دونوں کی حفاظت کچھ گراں نہیں گذرتی اور اس کی ذات عالیشان اور عظیم الشان ہے"۔

ہر نماز کے بعد اس کا پڑھنا بے حد منافع کا باعث ہے۔

سُورَۃ اَلَمْ نَشْرَحْ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ
وِزْرَكَ ۝ الَّذِیْٓ اَلْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ
ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ
یُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ
فَارْغَبْ ۝

(ترجمہ) کیا نہ کھول دیا ہم نے واسطے تیرے سینہ تیرا اور اتار رکھا ہم نے تجھ سے بوجھ تیرا جس نے توڑی تھی پیٹھ تیری اور بلند کیا ہم نے واسطے تیرے ذکر تیرا، پس تحقیق ساتھ سختی کے آسانی ہے تحقیق ساتھ سختی کے آسانی ہے پس جب فارغ ہو تو پس محنت کر بیچ عبادت کے اور طرف اپنے رب کی پس رغبت کر۔

ہر مقصد کے لئے اس سورۃ کا پڑھنا انتہائی مجرب ہے۔

سُوْرَۂ اِخلاص

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ ۝
وَلَمْ یُوْلَدْ ۝ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

(ترجمہ) کہہ اے محمدؐ! وہ اللہ ایک ہے اللہ بے احتیاج ہے۔ نہیں جنا اُس نے اور نہ جنا گیا اور نہیں ہے واسطے اس کے برابری کرنے والا کوئی۔

حدیث شریف میں ہے جس نے یہ سورۃ پڑھی اسے ایک تہائی قرآن کا ثواب ملے گا۔

مُعَوَّذَتَیْنؒ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝
وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ
النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

(ترجمہ) کہہ پناہ پکڑتا ہوں میں ساتھ پروردگار صبح کے برائی اس چیز کی سے کہ پیدا کیا ہے اور برائی اندھیرا کرنے والی کی سے جس وقت چھپ جائے اور برائی پھونکنے والوں کی سے بیچ گرہوں کے اور برائی حسد کرنے والے کی سے جب حسد کرے۔

سُوْرَۃُ النَّاسِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ
النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ
یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

(ترجمہ) کہہ پناہ پکڑتا ہوں میں ساتھ پروردگار لوگوں کے بادشاہ لوگوں کے

معبود لوگوں کے برائی وسوسہ ڈالنے والے پیچھے ہٹ جانے والے کی سی وہ جو وسوسہ ڈالتا ہے بیچ سینے لوگوں کے جنوں میں سے اور انسانوں میں سے۔

سفلی اعمال جادو وغیرہ کے توڑ کیلئے موثر ترین نسخہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی شفا کے لئے نازل فرمایا ہے۔

جب مسجد میں داخل ہو

پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیج کر یہ دعا پڑھے؛

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ ؕ

(ترجمہ) اے رب! میرے گناہوں کو بخش دے اور میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

یا صرف یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

اے اللہ! میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

مسجد میں بیٹھے بیٹھے یہ پڑھے

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ۔

اللہ پاک ہے اور سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔

برائے محبّت

اس نقش کو بروز یکشنبہ (اتوار) لکھ کر محبوب کو پلا دے اور مسلسل تین۳ روز تک لکھ کر پلائے انشاء اللہ تعالیٰ وہ مطیع ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

و	دہ	ود	ی مح
طط	ع	ع محمد	احد
ح	طط	اوح	ل لہر

فلاں بن فلاں کی محبت فلاں بن فلاں کے دل میں ڈال

برائے بخار

اس دعا کو باوضو لکھ کر بخار والے کو اس کی دھونی دی جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار سے نجات ملے گی وہ دعا یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ اَبۡرَا سُوۡمَا وَ نَزَعۡنَا مَا فِیۡ صُدُوۡرِہِمۡ مِنۡ غِلٍّ اَلۡئٰنَ خَفَّفَ اللّٰہُ عَنۡکُمۡ وَعَلِمَ اَنَّ فِیۡکُمۡ ضَعۡفًا ط لَاشِفَآءَ اِلَّاشِفَآءُکَ یَااَللّٰہُ شِفَآءً لَایُغَادِرُ سَقۡمًا۔

برائے فتوح غیبیہ

چاند دیکھ کر ایک وقت مقرر کر کے باطہارت باوضو قبلہ رو (قبلہ کی طرف منہ کر کے) تنہا بیٹھ کر ایک مجلس میں بہتّر (۷۲) دن تک بہتّر (۷۲) نقش باسط کو اس طرح لکھے کہ اوّل چھ (۶) کا عدد لکھے مگر لکھنے سے پہلے چھ مرتبہ بحقِ جبرَئِیلَ یَااَللّٰہُ اَلۡبَاسِطُ پڑھ لے اور اس کے بعد دوسرے خانہ میں بارہ۱۲ کا عدد لکھے اور لکھنے سے پہلے بارہ۱۲ مرتبہ وہی کلمات پڑھے اسی طرح

سے آٹھ خانے یعنی تیسرے خانے میں اٹھارہ ۱۸ چوتھے میں چوبیس ۲۴، پانچویں میں تیس ۳۰ چھٹے میں چھتیس ۳۶ ساتویں میں بیالیس (۴۲) آٹھویں میں اڑتالیس ۴۸ کا عدد لکھے اور ہر خانہ کے عدد کے موافق وہ کلمات پڑھتا جائے اس کے بعد چھ ہزار ایک سو چوراسی مرتبہ اَلْبَاسِطُ پڑھے۔ اسی طرح بہتر ۷۲ دن یہ عمل کرے۔ اس کے بعد انشاء اللہ تعالیٰ حق تعالیٰ فتوح نصیب فرمائے گا۔ بہتر (۷۲) روز کے بعد ایک نقش لکھے اور نویں خانے میں اپنے مطلب کی چیز کا نام بھی لکھے خواہ روپیہ کا مطلب ہو خواہ اور کوئی شئے مطلوب ہو جو چاہے نویں خانہ میں اس کا نام لکھ کر اس نقش کو اپنے زانو کے نیچے رکھ کر بہتر (۷۲) مرتبہ وہی کلمات یعنی بِحَقِّ جِبْرَئِیْلَ یَا اَللّٰہُ اَلْبَاسِطُ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جو چیز جس مقدار میں لکھ دے فوراً حق تعالیٰ غیب سے عطا فرمائے گا۔ البتہ اگر کھانا پختہ یا تر یا خشک میوہ مطلوب ہوگا تو کوری مٹی کی رکابی میں یہ نقش اور نام شئے مطلوب کا لکھ کر دھوپ میں رکھدے اور وہ کلمات بہتر ۷۲ مرتبہ پڑھ لے انشاء اللہ تعالیٰ پردۂ غیب سے وہ نصیب ہو جائے گی۔

ہر روز چھ ہزار ایک سو چوراسی (۶۱۸۴) مرتبہ اَلْبَاسِطُ پڑھتے رہنا چاہیے ضرورت کے وقت وہ نقش بھی لکھنا اور کلمات بھی پڑھتا رہے موافق ترکیب مذکورہ بالا کے۔ وہ مثلث باسط کا یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۴۸	۱۸
۳۶	۲۴	۱۲
۳۰	نام شئے مطلوب اس خانہ میں لکھا جائے گا	۴۲

(بخار کیلئے) برائے تپ نقش معظم مربع اللہ "

(اگلے صفحہ پر)

نقش اسم معظم اَللّٰہُ کو روزانہ پلایا جائے اور گلے میں باندھا جائے وہ نقش معظم یہ ہے۔ اس کے عدد (۶۶) ہیں۔

۷۸۶

۹	۲۲	۱۹	۱۶
۲۰	۱۵	۱۰	۲۱
۱۴	۱۷	۲۴	۱۱
۲۳	۱۲	۱۳	۱۸

برائے محبّت ودوستی

کسی رات کو ایک جلسہ میں ایک ہزار مرتبہ (۱۰۰۰) یہ عمل پڑھے اور مطلوب کا تصوّر دل میں کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہوگا۔ وہ عمل یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ اَجِبۡ دَعۡوَتِیۡ حُبًّا بِحَقِّ جِبۡرَئِیۡلَ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ اَجِبۡ دَعۡوَتِیۡ حُبًّا بِحَقِّ اِسۡرَافِیۡلَ لَمۡ یَلِدۡ ۙ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ ۙ اَجِبۡ دَعۡوَتِیۡ حُبًّا بِحَقِّ مِیۡکَائِیۡلَ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۚ اَجِبۡ دَعۡوَتِیۡ حُبًّا بِحَقِّ عِزۡرَائِیۡلَ فلاں بن فلاں بے قرار گشتہ زود تر حاضر آید۔

حاضر مطلوب کے واسطے

اعداد نام طالب مع نام والدہ کے (بلکہ مطلوب مع مادر مطلوب کے) نکال کر اس میں چھ ہزار ایک سو چھ (۶۱۰۶) عدد جمع کر کے دس عدد کم کر دیئے جائیں باقی ماندہ اعداد کو چار پر تقسیم کر کے خارج قسمت سے حسب قاعدہ مربع نقش پر کیا جائے۔ پھر اس نقش کو دائیں جانب خانہ زیریں سے موڑ کر فلیتہ

بنائے اور اس پر نئی روئی لپیٹ کر دائیں جانب کے بالائی خانہ کی طرف سے دھوئی تلی کے تیل میں نئے چراغ (کوری مٹی کے چراغ) میں جس قدر زیادہ دیر تک اس کو روشن کیا جائے گا بہتر ہو گا۔ اس کی روشنی میں کلماتِ ذیل معہ تصور مطلوب کے اس طرح کہ مطلوب آرہا ہے اور میرے پاس حاضر ہونے کے لئے بے قرار ہو رہا ہے پڑھے جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقصد حاصل ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں مثلاً:

زید کی جگہ اپنا نام (زید کی الفت کا (مطلوب کا نام مثلاً) بکر کے جگر میں لاگے تیر لَآ اِلٰہَ آئیں گے اِلَّا اللّٰہُ بلائیں گے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ بلائیں گے

قاعدہ اقسام مقصد فی ایام عمل

جاننا چاہیئے کہ ایک سال میں بارہ ماہ ہوتے ہیں۔ چہار ماہ "ثابت" کہلاتے ہیں اور چہار ماہ "ذُوجَسَدَین" اور چار ماہ "منقلب" کے نام سے یاد کیے جاتے ہیں:

"منقلب" کے برج حمل۱ - سرطان۲ - میزان۳ - جدی۴ (علامت برائے یادداشت ان برجوں کے حروف کے سر کے حساب سے پہلا حرف لیا گیا تو حَسُ مَجُ (حؒ۱ - سؒ۲ - مؒ۳ - جؒ۴) بنا) اور ھندی مہینوں کے نام بیساکھ۱ - ساون۲ - کاتک۳ - ماگھ۴ (علامت بس کم (ب۱ - س۲ - ک۳ - م۴)

ان مہینوں میں دفع اعداء کے عمل مؤثر ثابت ہوتے ہیں۔

"ثابت" (علامت اث دع) یعنی اسد۱ - ثور۲ - دلو۳ - عقرب۴ ھندی علامت بج پا (ب۱ - ج۲ - پ۳ - ا۴) یعنی بھادوں۱ - جیٹھ۲ - پھاگن۳ - اگھن۴ - ان مہینوں میں ترقی درجات، عزت و رزق کے اوراد و وظائف زیادہ مؤثر ثابت ہوتے ہیں۔

"ذوجسدین" علامت جسحق (ج۱ - س۲ - ح۳ - ق۴) جوزا۱ - سنبلہ۲

حوت۳ - قوس۴ - ھندی ماہ علامت اک چنپ (ا۱ - ک۲ - چ۳ - پ۴) اساڑھ۱ - کنوار۲ - چیت۳ - پوس۴ - ان مہینوں میں محبّت کے اعمال زیادہ موثر ثابت ہوتے ہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ مقاصد ذیل کے لئے اوراد ان مہینوں کے حساب سے عمل میں لائے جائیں تاکہ ان کی تاثیر میں بہت زیادہ اضافہ ہو۔ اس کی تفصیل کے لئے یہ نقشہ ملاحظہ ہو:

	نام بروج و نام ماہ ھندی	عمل
(۱)	حمل - سرطان - میزان - جدّی بیساکھ - ساون - کاتک - ماھ	دفع اعداء کے عمل زیادہ موثر ہوتے ہیں۔
(۲)	اسد - ثور - دلو - عقرب بھادوں - جیٹھ - پھاگن - اگھن	عمل برائے ترقی درجات - عزت - روزگار کے زیادہ کامیاب ہوتے ہیں۔
(۳)	جوزا - سنبلہ - حوت - قوس اساڑھ - کنوار - چیت - پوس	محبت کے عمل زیادہ مؤثر ہوتے ہیں۔

برائے دفع دشمن

اوّل و آخر درود شریف پانچ پانچ مرتبہ اور "سورۃ الھاکم التکاثر"

سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ۙ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ؕ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ؕ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ؕ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ۙ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۙ ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ۝ ع

مکمل سات بار پڑھ کر مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ایک ہزار انتیس ۱۰۲۹ مرتبہ چالیس ۴۰ روز تک بعد نماز مغرب یا بعد نماز عشاء پڑھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ دشمن دشمنی سے باز رہے گا۔

برائے دفع دشمن

اگر دشمن ایذاء کے درپے رہے اور باز نہ آئے تو مہینہ کی اٹھائیس ۲۸ تاریخ کو عمل ذیل تین ۳ روز تک پڑھے۔ پھر چھوڑ دے پھر آئندہ (آنے والے مہینہ میں) ماہ کی اٹھائیس ۲۸ تاریخ کو شروع کرے۔ ترکیب اس عمل کی یہ ہے کہ بعد نماز صبح تنہا جگہ مکان میں کھڑا ہو اور اپنا منہ دشمن کے مکان کی طرف کرے اور یہ عمل پڑھے۔

كَافِرَان رَدًّا ظَالِمَان رَدًّا بَاطِلَان رَدًّا بِاِسْمِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ يَا صَمَدُ۔ يَا صَمَدُ۔ يَا صَمَدُ بِحَقِّ عِزْرَائِيْلَ وَبِحَقِّ اِسْرَافِيْلَ وَبِحَقِّ مِيْكَائِيْلَ وَ بِحَقِّ جِبْرَئِيْلَ۔ اس کو گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کرے اور تین ۳ بار یہ کلمات کہے۔

زَدِیم بَدَسْتِ عِزْرَائِیل

اور اپنے دونوں ہاتھ زمین پر مارے۔ مگر اس عمل کے پڑھنے سے پہلے اپنے ہر عضو پر تین تین مرتبہ يَا قَادِرُ پڑھ کر دم کرے۔

برائے مغلوبی و مقہوری دشمن

ایک نیب (نیبو) کا پتہ لے اور اس پر دشمن کا نام لکھے اور اپنے سامنے رکھے اور اوّل و آخر درود شریف گیارہ ۱۱ گیارہ ۱۱ مرتبہ اور بِسْمِ اللّٰهِ کے ساتھ ایک ہزار مرتبہ سورۂ انّا اعطینٰك الكوثر:

سُوْرَۃُ الْکَوْثَرِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ ۝

ایک ہی مجلس (بیٹھک میں درمیان میں نہ اٹھے) میں پڑھے اس طرح کہ جب سو۱۰۰ دفعہ پڑھ لے اس پتہ پر دم کر دے ہر سو دفعہ پڑھنے کے بعد پتہ پر دم کرتا رہے اس طرح دس مرتبہ دم کرنا ہوگا۔ اسی طرح ایک ہزار مرتبہ پڑھنے کے بعد اس پتہ کو اس خراب اور بیکار کنویں میں جس کا پانی بھی خشک ہو گیا ہو وہ پتہ ڈال دے۔ یہ عمل بیس۲۰ روز تک کرے ورنہ کم از کم ایک ہفتہ کرے تاکہ اثر ہو۔ چاند کی پندرہ تاریخ کے بعد سے شروع کرے اور اس کا بہتر اور اچھا وقت رات کا ہے۔

برائے پوری ہونے جملہ حاجات و حفاظت از شرِ ظالمان

ایک مجلس میں بارہ ہزار پچاس ۱۲۰۵۰ مرتبہ یہ آیت شریفہ مع اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ ۱۱ مرتبہ پڑھے وہ آیت شریفہ یہ ہے۔

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ

عملِ جمعیتِ نفس و حصولِ دولت

آخری چہار شنبہ (بدھ) ماہ صفر سے یہ عمل ذیل شروع کیا جائے۔ اس عمل کو بعض نے حضرت شہاب الدینؒ سے نقل کیا ہے۔ بعض حضرات شیخ الاشراق شہاب الدین مقتول سے نقل کرتے ہیں اور اکثر قائل ہیں کہ حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ سے یہ عمل روایت کیا گیا ہے بہرحال اس عمل سے اکثر لوگ بہرہ اندوز ہوئے ہیں اور اکثر لوگوں کو بدولت اس عمل کے ظاہری و باطنی

فیوض و برکات حاصل ہوئی ہیں۔ عمل یہ ہے کہ صبح آخری چہار شنبہ (بدھ) ماہ صفر کو غسل کیا جائے اور غسل کے وقت سے ختم عمل تک کسی سے نہ بولے نہ بات کرے۔ بعد غسل کے چار رکعت نفل بہ نیت نفل چہار شنبہ پڑھے۔

ہر رکعت میں بعد فاتحہ: (سورۃ فاتحہ یہ ہے)

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۬ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ۧ

سورۃ الکوثر سترہ مرتبہ (سورۃ الکوثر یہ ہے)

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ؕ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ؕ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝ۧ

سورۃ اخلاص پانچ مرتبہ (سورۃ الاخلاص یہ ہے)

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ۬ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ۧ

سورۃ الفلق ایک بار (سورۃ الفلق یہ ہے)

سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝ اور سورۃ الناس ایک بار (سورۃ الناس یہ ہے)

سُوْرَۃُ النَّاسِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِکِ النَّاسِ ۝ اِلٰہِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ۝

اور بعد سلام پھیرنے کے سجدہ کرے اور سجدہ میں چودہ ۱۴ مرتبہ یَا وَھَّابُ پڑھ کر سجدہ سے اٹھ کر دونوں ہاتھ اٹھا کر تین مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ یَا شَدِیْدَ الْقُوٰی یَا شَدِیْدَ الْمِحَالِ یَا عَزِیْزُ ذَلَّلْتَ بِعِزَّتِکَ جَمِیْعَ خَلْقِکَ اکْفِنِیْ عَنْ شَرِّ جَمِیْعِ خَلْقِکَ یَا مُحْسِنُ یَا مُجْمِلُ یَا مُنْعِمُ یَا مُفْضِلُ یَا مُکْرِمُ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

اس کے بعد سورۃ الم نشرح مکمل اکیاسی ۸۱ مرتبہ۔ (سورۃ الم نشرح یہ ہے)

سُوْرَۃُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ ۝ الَّذِیْ اَنْقَضَ ظَھْرَکَ ۝ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ ۝

اور سورۃ والتین اکیاسی ۸۱ مرتبہ۔ (سورۃ والتین یہ ہے)

سُوْرَۃُ التِّیْنِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ ۝ لا وَطُوْرِ سِیْنِیْنَ ۝ لا وَھٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِیْنِ ۝ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ ۝ ز ثُمَّ رَدَدْنٰہُ اَسْفَلَ سٰفِلِیْنَ ۝ لا اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَھُمْ اَجْرٌ غَیْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ ط فَمَا یُکَذِّبُکَ بَعْدُ بِالدِّیْنِ ۝ ط اَلَیْسَ اللّٰہُ بِاَحْکَمِ الْحٰکِمِیْنَ ۝ ع

سورۃ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ اکیاسی 81 مرتبہ (سورۃ النصر یہ ہے)

سُوْرَۃُ النَّصْرِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ ۝ لا وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا ۝ لا فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ وَاسْتَغْفِرْہُ ط اِنَّہٗ کَانَ تَوَّابًا ۝ ع

اور سورۃ اخلاص مکمل اکیاسی 81 مرتبہ (سورۃ الاخلاص یہ ہے)

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ ج اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ ج لَمْ یَلِدْ ۝ لا وَلَمْ یُوْلَدْ ۝ لا وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝ ع

سب سورتوں کے ساتھ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ضرور پڑھے۔

اس کے بعد یَا وَھَّابُ چودہ سو 1400 مرتبہ اس کے بعد ایک ہزار 1000 مرتبہ ھُوَ الْمُحْیِیُ الْحَقُّ پڑھے۔

اس کے بعد یَا فَتَّاحُ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُّ یَا رَزَّاقُ یَا بَاسِطُ ہر ایک سو سو 100 مرتبہ پڑھے اس کے بعد درودِ غوثیہ سو 100 مرتبہ پڑھ کر حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ کی روح پرفتوح پر ثواب فاتحہ بخشے۔

اس کے بعد سجدہ کرے اور چودہ 14 مرتبہ یَا وَھَّابُ پڑھ کر سجدہ

سے سر اٹھا کر دونوں ہاتھ اٹھا کر تین مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یَا شَدِیْدَ الْقُوٰی یَا شَدِیْدَ الْمِحَالِ یَا عَزِیْزُ ذُلَّتْ بِعِزَّتِكَ جَمِیْعُ خَلْقِكَ اَكْفِنِیْ عَنْ شَرِّ جَمِیْعِ خَلْقِكَ یَا مُحْسِنُ یَا مُجْمِلُ یَا مُنْعِمُ یَا مُفْضِلُ یَا مُكْرِمُ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ یَا ذَا الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ۔

پڑھے اور دعاء مقصود جو کچھ ہو کرے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیاب ہوگا۔

نوٹ: یہ عمل شروع تو آخری چہار شنبہ ماہ صفر سے ہوگا مگر اس کے بعد ہر چہار شنبہ کو پڑھا جایا کرے گا۔

برائے زبان بندی دشمنان و حاسدان

میدہ۔ شکر۔ روغن زرد۔ تینوں کو قبل طلوعِ آفتاب روز یکشنبہ (اتوار) لے کر باہم ملا لیا جائے اور دشمن کی صورت کا پُتلا بنا کر اس پر یہ عزیمت سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے (پھونک دے) اور روغن زرد (گھی) میں تل کر کھالے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دشمن کی بدگوئی اور حاسدوں کے حسد سے مامون و محفوظ رہے گا۔ عزیمت یہ ہے۔

لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ از آسمان تا زمین۔ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ از زمین تا آسمان۔ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ از عرش تا کرسی۔ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ از کرسی تا عرش۔ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ از قلم تا لوح۔ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ از لوح تا قلم لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ از بہشت تا دوزخ۔ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ از دوزخ تا بہشت۔

بستم زبان فلاں بن فلاں (یہاں دشمن کا نام اور اس کے والد کا نام لے) بحقِ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

سات یکشنبہ (اتوار) تک یہ عمل کرے۔

دردِ شقیقہ وغیرہ کیلئے خاص

ایک پاک صاف کاغذ پر پاک قلم ودوات سے باوضو کالی سیاہی سے تمام عبارت ذیل لکھیں اور پھر لپیٹ کر ایک پاک کپڑے کی کترن میں لپیٹ کر گرہ دے دیں۔ اس کترن کو محفوظ رکھیں۔ جب کسی کو دردِ شقیقہ وغیرہ ہو اسی کترن کو سر پر باندھیں کر گرہ تعوید کی جائے درد پر رہے انشاء اللہ جلدی دور ہو جائے گا۔ جب آرام آجائے اتار کر محفوظ رکھیں کہ پھر جب کبھی کسی کو درد ہو اسے باندھیں اسی طرح یہ تعویذ ہمیشہ کام کیا کرے گا۔ انشاء اللہ۔ تعویذ یہ ہے

۷۸۶

یَا دَاؤد۔ یَا دَاؤد۔ یَا دَاؤد۔ یَا دَاؤد۔ یَا دَاؤد۔ یَا دَاؤد۔ یَا دَاؤد
یَا اللہُ۔ یَا اللہ۔ یَا اللہ۔ برحمتک یَا اَرحم الرَاحمین۔ یَا کریمُ۔ یَا کریم
یَا کریُم۔ بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحیم

ابوبکر صدیق عمر خطاب عثمان غنی علی مرتضیٰ

الٰھی بحرمتِ بعلیخا مکسلمین کشفوطط تبسولس ذرہنت کتانفت
یوانش بوس اسم کلبھم قطمیر وتمنی اللہ قصد السبیل ومنھا
جائزٍ وشعٔ لسند اکم لسم اللہ شافی۔ بسمِ اللہ کافی لسم اللہ کافی
بِسمِ اللہ ضمیر یا اللہ۔

* * *

برائے مرگی اللہ شافی

مریض کے کان میں یہ دعا پڑھ کر پھونک ماریں۔ انشاراللہ پھر دورہ نہ پڑے گا۔ کان کے پاس منہ رکھ کر پڑھیں۔ اور پھونک ماریں کہ اندر جائے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ الٓمّٓصٓ۔ طٰسٓمّٓ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ یٰسٓ
وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ ط حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ نٓ۔ وَالۡقَلَمِ وَمَا یَسۡطُرُوۡنَ۔

اوّل تو پہلی بار ہی دم کرنے سے آرام ہو جائے گا۔ ورنہ دو چار بار پڑھ کر دم کریں۔ دورہ کے وقت خاص کر دم کریں۔ انشار دورہ پھر نہ پڑے گا۔

برائے حفظ حافظہ

جس کا حافظہ کمزور ہو سات دن ان آیات کو روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھایا کرے اس طرح کہ ہفتہ کے روز یہ آیت لکھ کر کھالیں

فَتَعٰلَی اللّٰہُ الۡمَلِکُ الۡحَقُّ پ۱۸ رکوع ۶

اتوار کے روز یہ

رَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا پ۱۸ ع ۱۵

پیر کو یہ

سَنُقۡرِئُکَ فَلَا تَنۡسٰۤی پ۳۰

منگل کو یہ

اِنَّهٗ یَعۡلَمُ الۡجَهۡرَ وَمَا یَخۡفٰی پ۳۰

بدھ کو یہ

لَا تُحَرِّکۡ بِهٖ لِسَانَکَ لِتَعۡجَلَ بِهٖ ط پ۲۹

جمعرات کو یہ

اِنَّ عَلَیْنَا جَمْعَہٗ وَقُرْاٰنَہٗ ط پ۲۹

صبح باوضو لکھ کر پلائیں انشاء اللہ حافظ قوی ہو گا

دیگر سورہ۔

اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ

لکھ کر گھول کر پلانا حفظ قرآن کے لیئے خاص ہے اور تحصیل علم کے لیے خاص ہے۔

گوہانجنی چشم کے لیے

جو آنکھ کی پلکوں اور کونوں پر ہوتی ہے اور بہت تکلیف دیتی ہے پھنسی سرخ دردِ خارش ہوتی ہے۔ بیری کے سبز سات پتے لے کر ایک بانس کی تیلی سی تیلی سلائی کی طرح کی لیں اور ایک پتے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر دم کریں۔ اس پتے کو پھنسی سے مس کر کے تیلی میں پرو لیں۔ اسی طرح ساتوں پتوں پر ایک ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کر کے پھنسی سے لگا کر ایک ایک کر کے پرو لیں۔ پھر اس تیلی کو کسی اونچی جگہ دیوار وغیرہ میں گاڑ دیں انشاء اللہ ایک آدھ روز میں پھنسی وغیرہ سے آرام ہو جائے گا۔

تقویت نظر کے لیے

ہر نماز کے بعد تین بار یا سات بار آیت:۔

فکشفنا عنکَ غطآءکَ فبصرُکَ الیوم حَدِیدٌ

پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کے اگلے سروں پر دم کر کے دونوں آنکھوں پر پھیریں اور اس کا عمل جاری رکھیں۔ انشاء اللہ مرتے تک نظر کمزور نہ ہوگی اول آخر درود شریف بھی مجرب ہے۔

سرخی و رمد آنکھ کے لیے

نواب صدیق حسن مرحوم لکھتے ہیں۔ امام شافعی سے کسی نے رمد کی شکایت کی آپ نے اسے لکھ دیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم فکشفنا عنکَ غطآءکَ فبصرُکَ الیومَ حَدِیدٌ۔ قُل ھُوَ لِلَّذِینَ اٰمنُوا ھُدًی وَّشفآءٌ

بطور تعویذ ابا کر کے آنکھ پر باندھے یا لگائے اللہ کے فضل سے رمد سے آرام ہوگا۔ اور یہ بھی لکھا ہے کہ:۔

اِذْھبُوا بقمیصی ھٰذا فالقوہُ علٰی وجہِ اَبِی یَاْتِ بَصِیرًا

فکشفنا عنکَ غطآءکَ

اور اوپر والی آیت بھی دونوں لکھ کر آنکھ پر باندھیں یا انہیں چینی کی طشتری میں لکھ کر پانی سے گھول کر آنکھ دھوئیں۔

درد دانت کیلئے

یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر درد کے دانتوں میں دے کر دبا رکھیں انشاء اللہ درد دور ہو جائے گا۔

۷۸۶

لِکُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ

اور یہ بھی مجربین سے منقول ہے ایک تختی پر پاک ریت بچھاکر

اَبْجَدْ۔ ھَوَّزْ۔ حُطّٰی

کے حروف علیحدہ علیحدہ ریت پر اس طرح لکھیں۔ اب ج د ہ و ز ح ط ی کسی کیل یا قلم وغیرہ سے پھر درد والے شخص کو کہیں کہ دائیں ہاتھ کی انگشت وانگوٹھے سے درد والے دانت کو زور سے پکڑے اور اب الف پر کیل رکھ کر دبائیں اور بسم اللہ پڑھ کر الحمد شریف پڑھیں بعد کو مریض کو پوچھیں کہ آرام آگیا اگر نہیں آیا و "ب" پر کیل رکھ کر دبائیں اور الحمد شریف پڑھ کر پوچھیں اگر آرام آگیا تو بس کردیں ورنہ اسی طرح حروف پر عمل کریں انشاء اللہ آخر حروف پر ضرور آرام آجائے گا۔

دردِ دانت کے لیے

کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمُ ۞ وَلَهٗ مَا سَکَنَ فِی الَّیْلِ وَالنَّهَارِ ط وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۞

پڑھ کر دم کریں اللہ صحت دے گا۔

جب چھینک آئے

جو شخص چھینک آنے کے بعد۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط عَلٰی کُلِّ حَالٍ ط

پڑھنے کی عادت کرے گا اسے دردسر یا دردِ دانت کی بیماری نہ ہوگی اور ثواب ادائے سنت کا علیحدہ ملے گا۔

ناک یا لب پر خبیث پھنسی

بعض اوقات لب (ہونٹ) یا ناک پر اوّل خفیف سی زہریلی پھنسی ہوتی ہے۔ ہونٹ پر اس کا زہریلا اثر انتڑیوں تک بھی ہو جاتا ہے اور منہ میں چھالے ہو جاتے ہیں۔ بعض بچے اس سے ہلاک ہو جاتے ہیں اور بعض کو گا ہے بگاہے ہونٹ یا ناک پر یہ زہریلی پھنسی اکثر نکلا کرتی ہے اور بہت تکلیف دیتی ہے اس کے لیئے یہ عمل خاص بہت مجرب ہے۔ اللہ کریم شفا دیتا ہے۔

ایک چمڑے کی جو پاک ہو پتلی بدھی سے کر یہ عمل پڑھیں۔ باوضو اوّل درود شریف ۳ بار پھر بسم اللہ الرحمن الرحیم ط۔ اور الحمد شریف ساری پڑھ کر ایک گرہ اس چمڑے کی بدھی میں دیدیں اور گرہ پر دم کریں اسی طرح سات گرہ بنا دیں یہ بدھی مریض کے گلے میں پہنا دیں۔ جس کو ہمیشہ بھی نکلتی ہو اس کو بھی انشاء پھر نہ نکلے گی اور جس کو نکلتی ہو اس کو صحت ہوگی۔

خنازیر کے لیئے

میرے قبلہ سیدی و مرشدی کا فرمودہ ہے۔ سورہ الحمد شریف ۴۱ بار مع بسم اللہ کے آخری میم کے وصل سے دلحمدم ۴۰ روز صبح کی نماز کے بعد پڑھ کر دم کر کے پلایا کریں۔ انشاء اللہ مرض دور ہوگا۔ اور خنازیر کے لیئے یہ تعویذ ۴۰ دن تک ایک ایک عدد کھلا دیں۔



برائے ہر مرض

یہ نقش بے شمار فوائد رکھتا ہے اسے تعویذ بنا کر پاس رکھیں ہر حاجت پوری ہوگی۔ بیمار کے گلے میں ڈالیں شفا حاصل ہوگی۔

حضرت قطب الدین بختیار کاکی دہلوی سے اسے نسبت ہے۔

کشتگان	خنجر	تسلیم را	ہر زماں
خنجر	تسلیم را	ہر زماں	از غیب
تسلیم را	ہر زماں	از غیب	جانے
ہر زماں	از غیب	جانے	دیگر است

بواسیر ہر قسم کے لیے

جمعہ یا دوشنبہ کے روز صبح یا ظہر کی نماز کے بعد باوضو یہ کلمات لکھ کر تعویذ بنا کر کمر میں باندھیں یا کپڑے میں ہی لیں ایک دو ماہ بندھا رہے انشاء اللہ عارضہ بواسیر دور ہوگا۔

بِسمِ اللہ الرحمٰن الرحیم یا مُجیمُ کُلَّ صَرَیع وَمَکرُوب یا مُجیم

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

پانی سے نہ بھیگے اللہ اسے فضل کرے گا۔

برائے بواسیر

سورہ اعلیٰ (پارہ عم) اکثر اوقات خصوصاً ہر نماز کے بعد پڑھا کریں۔ انشاء اللہ بواسیر ہر قسم کی دور ہو جاوے گی۔ اور یہی سورہ اعلیٰ کان کے درد وغیرہ پر پڑھ کر دم کریں تو درد دور ہو گا۔

بواسیر خونی و بادی مرگی و دردِ زہ)

چاند کی ابتدائی تاریخوں میں جو جمعہ آئے صبح کی نماز کے وقت جمعہ اوّل کے روز کلمات ذیل کاغذ پر لکھ کر تھوڑے پانی میں حل کر دیں اور اس پانی میں چاندی کی انگشتری جو مریض کے بائیں ہاتھ کی چھنگی میں پوری ہو آگ میں پہلے خوب گرم کر کے بجھا دیں۔ یہ انگشتری بائیں ہاتھ کی چھنگلیا میں پہنے۔ انشاء اللہ بواسیر جلدی دور ہو جائے گی اور اگر یہ انگشتری مرگی والا پہنے تو مرگی سے نجات پائے دردِ زہ کے وقت حاملہ ران پر باندھے پیدائش آسان اور جلد ہو گی کلمات یہ ہیں۔

يٰسٓ حٰمٓ قٓ نٓ ✯ اا ☰ ااا ھ و ع + لہ ۷۸۶

دیگر: سورہ اعلیٰ پ ۳۰ یعنی سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى الخ اکثر اوقات

خاص کر نماز کے بعد پڑھا کریں صحت ہوگی۔ انشاءاللہ ضرور ہوگی۔

دردِ ناف یا دھرن (رحم)

یہ نقش لکھ کر بازو پر باندھیں انشاءاللہ ناف ٹلی ہوئی اپنے مقام پر آجائے گی درمیان کے خانہ میں مریض کا نام لکھیں نقش یہ ہے۔

یا اللہ یا رحمٰن	یا اللہ یا رحمٰن	یا اللہ یا رحمٰن
یا اللہ یا رحمٰن	اس خانہ میں مریض کا نام لکھیں	یا اللہ یا رحمٰن
یا اللہ یا رحمٰن	یا اللہ یا رحمٰن	یا اللہ یا رحمٰن

ایضاً یہ بھی ناف کے درد اور ناف کے ٹلنے کے لیئے مفید ہے لیکن اس کے لیئے لازمی طور پر ۵ پیسے کو غریب مسکینوں کو دینا ضروری ہے اور نقش کو چوڑا زیادہ کریں۔ تاکہ نقش کے باہر کے نام حد نقش میں پورے ہوں نقش یہ ہے


الٰہی بحرمت امیرالمومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
الٰہی بحرمت امیرالمومنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ
الٰہی بحرمت امیرالمومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ
الٰہی بحرمت آں

دعائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یہ دعائے مبارکہ حضور جناب حضرت خاتم النبیین نے غار میں تلاوت فرمائی ہے اور شر کفاران سے محفوظ رہے ہیں جناب ختمی مرتبت سے مروی ہے کہ جو شخص اس دعائے جلیلہ کی تلاوت کرے گا خداوند عالم اسکی اعانت اور مدد کرے گا پس حقیر مؤلف عفی عنہ کا مخلصانہ مشورہ ہے کہ بلاناغہ بعد نماز فجر تا زندگی اس دعا کو سورہ فجر کی تلاوت کرنے کے بعد پانچ بار ضرور پڑھا کرے تاکہ رنج وغم سے روشناس نہ ہو اور اگر تو احساس تکلیف زیادہ نہ ہو اور جب رنج وغم اور فکر و افکار ہی نہ ہوں گے تو پھر کسی چیز کی احتیاج ہی باقی نہ رہ جائے گی طریقہ اس دعا کی خواندگی کا یہ ہے کہ اسی مصلے پر جس پر نماز ادا کی ہے قبلہ رخ ہو کر یک زانو بیٹھے۔ بخورات نفیس روشن کرے خلاق عالم کی جناب میں لو لگا کر پانچ بار اوّل و آخر درود پڑھے پھر سورہ فجر کی تلاوت کے بعد حسب تعداد مندرجہ اس دعا کو پڑھے پھر اس دعا کا واسطہ دے کر اپنا مطلب بیان کرے اور خلاق عالم سے طالب امداد ہو اور وہ دعائے جلیلہ یہ ہے۔

بِسمِ اللّٰہ الرحمٰن الرحیم ؕ یا مونس المستوحشین وَ یا انیس المتفردین

وَ یا ظهر المنقطعین وَ یا مال المقلین وَ یا قوة المستضعفین وَ کنز الفقراء وَ یا موضع شکوی الغرباء وَ یا منفرداً بالجلال وَ یا معروفا بالنول وَ یا کثیر الافضال اغثنی عند کربتی وصلی اللہ علی محمد والہ

دعائے حضرت آدم ع

کفعمی نے نقل کیا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے رکن یمانی کی طرف دو رکعت نماز ادا کی اور دعا یہ پڑھی مروی ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کو وحی ہوئی کہ جو شخص تیری ذریت سے اس دعا کو پڑھے گا تو مجھ سے جس چیز کو طلب کرے گا اس کو عطا کردوں گا اور جس چیز سے چاہے دور رکھوں گا اس کے دل سے محبت دنیا زائل کردوں گا اور اس کے سینے کو حکمت و دانش سے بھر دوں گا پس جاننا چاہیئے کہ جب خلاق عالم اس دعا کو پڑھنے والے پر اس قدر مہربان ہو تو پھر کونسی ایسی چیز باقی رہ گئی ہے جس احتیاج اب بھی عامل کو ہو لہذا مؤلف کا مشورہ ہے کہ اس دعائے مختصر لیکن جلیل القدر کو عامل حفظ کرلے اس کے بعد ہر نماز کے بعد تین تین بار اول وآخر درود اور درمیان میں تین بار اس دعا کو پڑھے

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ اللھم انی اسئلک ایمانا بناشر بہ قلبی ویقینا صادقا حتی اعلم انہ لن یصیبنی الا ماکتبت لی ورضنی من العیش بما قسمت لی یا ارحم الراحمین ۔

دعا حضرت آدم ثانی

مروی ہے کہ طوفانی حوادث میں کشتی جناب حضرت نوح علیہ السلام مبتلا ہوگئی اور آپ نے پانی اور اس کی موجوں کی طرف نگاہ کی تو اس وقت بہ

حیثیت بشر آپ پر یوں طاری ہوا تب خالق اکبر نے آپ پر وحی نازل ہوئی کہ اے نوح لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ ہزار بار کہہ تو نجات پاوے گا۔ چنانچہ بموجب فرمانِ ایزدی آپ نے عمل کیا تو اُس احکم الحاکمین نے اُن جناب کو طوفان سے نجات عطا فرمائی پس بہتر ہے کہ جب کوئی مصیبت میں مبتلا ہو تو بعد ۱۲ بجے رات صحن خانہ میں برہنہ سر دو۲ رکعت نماز حاجت بجا لاوے اور سر سجدہ میں رکھ کر ہزار بار انہیں کلمہ مبارکہ کو بصدقِ دل ادا کرے اس کے بعد بکثرت درود پڑھے کہ تعداد اُس کی یاد نہ رہے اب اپنی حاجت کا اظہار بارگاہ ایزدی میں کرے گوہر مراد بفضلِ ربی ہاتھ آئے گا:

دعائے خلیلی!

وارد ہے کہ جب خلیل خدا جناب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو نمرود مردود نے بمشورہ ابلیس لعین کا طریقہ آگ میں پھینکنے کا اسی کم بخت نے تبلایا تھا آگ میں پھینکا تو حضرت نے اس وقت یہی دعا تلاوت فرمائی جس کی برکت سے رب العزت نے آگ کو آپ پر گلزار کر دیا اس دعائے بزرگ و برتر کے خواص بہت ارفع و اعلیٰ ہیں مختصر یہ کہ ہر وقت ہر مشکل میں اس کی تلاوت باعث نجات ہے اور وہ دعا یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اسئلک یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ انت المرھوب رھب منک جمیع خلقک یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ انت الرفیع فی عرشک فوق سبع سمواتک وانت المنطل علی کل شئ ولا یظل شئ علیک یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ انت اعظم

من کل شئ فلا یصف احد عظمتک یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا نور النور قد استفاء بنورک اھل سموتک وارضیک یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ لا الہ الا انت تعالیت ان یکون لک شریک وتکبرت ان یکون لک ضد یا نور آنور یا منور کل نور لا خامد للوخرل یا ملیک کل ملیک یفنی غیرک یا نور المنور یا من ملا ارگان السموات والارض بعظمتہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا ھو یا ھو یا من لیس کھو الا ھو اغثنی الساعۃ یا یامن امرہ کلمح البصر اوھو اقرب اھیا شراھیا اذو فاکی صناد ال شدای یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یارب یارب یارب یارب یا غایۃ رغبتاہ۔

دعاء یعقوبی

منقول ہے کہ اس دعائے جلیل القدر کو اس وقت جناب حضرت عزرائیل نے جناب حضرت یعقوب کو تعلیم کی جب آپ فراق حضرت یوسف میں بہت زیادہ بے قرار تھے جب ان حضرات نے دعا پڑھی تو صبح ہونے سے پہلے حضرت یوسف کا پیراہن حضرت یوسف کی خدمت میں بھجوا دیا گیا۔ پس جمیع حاجات کی برآمدگی اور شر ظالمان سے امن میں رہنے کے لئے یہ دعا مجرب ہے چاہیے کہ بلاناغہ بعد نماز فجر اس دعا کی معہ درود شریف کے پانچ بار تلاوت کرے اور وہ دعا یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط یا ذا المعروف الذی لا ینقطع ابدا ولا یحصیہ غیرہ یا کثیر الخیر یا قدیم الاحسان یا دائم المعروف یا معروفا بالمعروف یا من ھو بالخیر موصوف اکفنا شر ما یعمل الظالمون ط۔

دعائے یوسفی

کتاب مصباح میں کفعمی نے اور کتاب قصص الانبیا میں سعید بن ہیبۃ اللہ راوندی نے نقل کیا ہے کہ جبرائیل نے حضرت یوسف علیہ السلام کو یہ دعا تبلائی، جب ان حضرت نے تلاوت فرمائی تو زندان چاہ سے نجات پائی جب کوئی شخص کسی ظالم کی قید میں ہو تو اس دعا کا ورد کرے انشاء اللہ تعالٰے قید سے رہائی پائے گا۔ یہ دعا تفسیر طبرسی میں اور تفسیر علی بن ابراہیم میں بعینہٖ منقول ہے ان میں تحریر ہے کہ جب حضرت یوسف علیہ السلام نے اس دعا کی تلاوت کی تو حق سبحانہ تعالٰے نے اس کی برکت سے ان حضرت کی تمام مشکلات کو زندانِ چاہ میں آسان کر دیا اور قید سے نجات دی اور عورتوں کے مکر و قید سے محفوظ رکھا اور اس پاک بے نیاز نے مصر کی بادشاہی بخشی اور وہ دعائے گراں قدر یہ ہے۔

بِسمِ اللہ الرحمن الرحیم ط اللھم انی اسئلک بان لکَ الحمد لآ الہ الا انت بدیع السموات والارض یا ذالجلال والاکرام ان تصلے علی محمدٍ و الِ محمدٍ وان تجعل لِی من امرِی فرجًا و مخرجًا و ترزقنی من حیث احتسب و من حیث لا احتسبُ ۔ مولف کے نزدیک سب سے بہتر وقت اس دعا کے ورد کرنے کا بعد نماز عشاء ہے بلا ناغہ ۵۰۱ بار روزانہ تلاوت کرے انشاء اللہ مشکلات سے باہر آوے گا

دعاء ایوبی

یہ دعا جناب حضرت ایوب علیہ السلام سے منسوب ہے کتاب مصباح میں

کفعمی نے نقل کیا ہے کہ ان جناب نے اس دعا کو تلاوت فرمایا تو اپنے تمام مصائب سے نجات پائی۔ لہٰذا جب کوئی کسی مشکل میں مبتلا ہو تو اس دعا کو ضرور پڑھے انشاءاللہ بہ برکت اس دعا کے مشکلات پر قابو پا جائے وہ دعا یہ ہے۔

جاڑے کے بخار کے واسطے

یا ایسا بخار جو روز آتا ہو یا دوسرے، تیسرے، چوتھے دن آتا ہو یہ کلمات لکھ کر مریض کے گلے میں باندھ دے انشاءاللہ تعالیٰ بخار سے فوراً نجات حاصل ہوگی۔

۱	۲	۳
نمرود علیہ اللعنۃ	فرعون علیہ اللعنۃ	شداد علیہ اللعنۃ
فرعون علیہ اللعنۃ	ہامان علیہ اللعنۃ	ہامان علیہ اللعنۃ
ہامان علیہ اللعنۃ	نمرود علیہ اللعنۃ	فرعون علیہ اللعنۃ
نمرود علیہ اللعنۃ	فرعون علیہ اللعنۃ	شداد علیہ اللعنۃ

آدھا سیسی کا درد

یہ نقش آدھا سیسی کے درد کے لئے بہت مجرب ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے سر میں باندھے انشاء اللہ تعالےٰ آدھا سیسی کے درد سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

لف لف لف لف

الٰہی دردنیم سر و برگردش دوران و سر درد و نیم سر دفع شود

بہ بہ بہ بہ بہ

سارے سر کا درد

نقش ذیل سر کے جملہ درد کا شافی علاج ہے۔ موم جامہ کر کے سر میں باندھ لے۔ جب درد سر اس نقش سے دور ہونے لگے تو جیسے جیسے دوسری طرف جائے نقش کو ہاتھ سے اسی جگہ کر دے۔ انشاء اللہ تعالےٰ درد رفع دفع ہو جائے گا۔ اور مریض صحت یاب ہوگا۔

(نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

اللہ ۸	اللہ ۸	اللہ ۴
اہیا ۱	اہیا ۵	اہیا ۹
اللہ ۶	اللہ ۷	اللہ ۲
یا موح	یا لوخ	یا سُبّوخ

جن پری آسیب سے حفاظت کیلئے

مندرجہ ذیل نقش جن، بھوت، پری چڑیل، آسیب سے حفاظت کیلئے بہت تیر بہدف ہے۔ یہ نقش سورۂ مزمّل کا ہے۔ کیسا ہی شدید اثر جن بھوت کا ہو اس نقش کو موم جامہ کرکے کپڑے میں سی کر گلے میں ڈالے یا بازو پر باندھے۔ انشاءاللہ تعالےٰ جن، بھوت، چڑیل، آسیب سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲۶۰۱	۲۲۶۱۴	۲۲۶۱۱	۲۲۶۰۸
۲۲۶۱۲	۲۲۶۰۷	۲۲۶۰۲	۲۲۶۱۳
۲۲۶۰۶	۲۲۶۰۹	۲۲۶۱۶	۲۲۶۰۳
۲۲۶۱۵	۲۲۶۰۴	۲۲۶۰۵	۲۲۶۱۰

جادو، سحر، نذر سے حفاظت کیلئے

مندرجہ ذیل نقش صبح و شام سفید چینی کی رکابی (بغیر پھول والی پلیٹ)

پر لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں۔ اور ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کرکے عمدہ کپڑے میں سی کر چاندی کے تعویذ میں رکھ کر عورت کے گلے میں پہنائے۔ اور مرد کے بازو پر باندھے۔ انشاءاللہ مریض صحتیاب ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۱۱۳۴	۲۱۱۴۷	۲۱۱۴۴	۲۱۱۴۱
۲۱۱۴۵	۲۱۱۴۰	۲۱۱۳۵	۲۱۱۴۶
۲۱۱۳۹	۲۱۱۴۲	۲۱۱۴۹	۲۱۱۳۶
۲۱۱۴۸	۲۱۱۳۷	۲۱۱۳۸	۲۱۱۴۳

خواب میں ڈرنے اور جادو آسیب سے حفاظت کیلئے

یہ نقش خواب میں ڈرنے سے نجات دیتا ہے۔ تمام بلاؤں سے محفوظ رکھتا ہے۔ اور ہر قسم کے جادو، آسیب اور آفت سے حفاظت کرتا ہے۔ عورت کے گلے میں موم جامہ کرکے ڈالے۔ اور مرد اور بچہ کے دائیں بازو پر باندھے۔ یہ نقش آیۃ الکرسی کا ہے انشاءاللہ تعالیٰ اسکے باندھنے سے مکمل حفاظت ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۵۰۸	۳۵۲۱	۳۵۱۸	۳۵۱۵
۳۵۱۹	۳۵۱۴	۳۵۰۹	۳۵۲۰
۳۵۱۳	۳۵۱۶	۳۵۲۳	۳۵۱۰
۳۵۲۲	۳۵۱۱	۳۵۱۲	۳۵۱۷

عورتوں کے استحاضہ (خون بند نہ ہونے) کی بیماری کا علاج

اگر کوئی شخص دشمنی سے کسی عورت کا جادو کر کے خون حیض جاری کر دے جس کو ہندی میں پیر جاری ہونا کہتے ہیں۔ اور بعض عورت کو آسیب کے خلل سے خون جاری ہو جاتا ہے۔ اور بعض عورت کو بچہ جننے کے بعد بیماری کی وجہ سے خون نفاس بند نہیں ہوتا۔ اکثر عورتیں اس صورت میں مر جاتی ہیں۔

یہ نقش صبح و شام لکھ کر پانی میں گھول کر کوئی دوسرا پاک شخص پلائے ناپاک عورت خود نہیں گھول سکتی۔ ایک نقش لکھ کر موم جامہ کر کے سرخ یا سفید کپڑے میں سی کر کمر میں باندھے کہ ناف کے مقابل نقش قائم رہے یہ نقش بدھ کے دن لکھنا ہے اور سانس روک کر لکھنا ہے۔ پینے اور باندھنے کا تعویذ سانس روک کر لکھے۔ اور اگر بادو یا آسیب کا خلل ہو تو ایک نقش فلیتہ میں جلائے اور ایک نقش کی دھونی تمام بدن میں دے انشاءاللہ صحت حاصل ہو گی۔ سانس روک کر لکھے اور لکھتے وقت بات نہ کرے۔ پینے کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۰۴	۲۹۹	۳۰۰
۲۹۷	۳۰۱	۳۰۵
۳۰۲	۳۰۳	۲۹۸

نقش ذیل کمر میں موم جامہ کر کے باندھے۔ نقش یہ ہے۔ یہ نقش سانس روک کر لکھے۔ اور کسی سے بات نہ کرے۔ ←

یاعطرائیل ۷۸۶ یااسرائیل

تقبض قبضک یا قابض

۳۰۴	۳۹۹	۳۰۰
۲۹۷	۳۰۱	۳۰۵
۳۰۲	۳۰۳	۳۹۸

یاقابض لقبض

یاجبرائیل بجنیم۶ یاعطفائیل

بحق یاقابض خون آمدن فلاں بنت فلاں بند شود مِنْ قَبْضِكَ یَاقَابِضُ بستم بستم

حمل قائم رہنے اور خون حیض بند ہونے کا گنڈہ

گنڈہ اس حاملہ کیلئے جس کا حمل ضائع ہو جاتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ سرخ رنگ کا دھاگہ لے اور بائیں پاؤں کے انگوٹھے سے پیشانی (ماتھے) کے بال (سر کے) شروع تک ناپ لے۔ اور سات تار (دھاگوں) کا ایک ڈورہ بنالے۔ گنڈے کی سات گرہ ہوں گی۔ ہر گرہ سے پہلے مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر گرہ لگادے اور اس پر پھونک دے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

تین تین بار مع بسم اللہ چاروں قل۔ (قل یاایھا الکفرون آخر تک۔ قل ھواللہ احد آخر تک۔ قل اعوذ برب الفلق آخر تک، قل اعوذ برب الناس آخر تک اور ایک بار آیۃ الکرسی پوری پڑھے۔ اسکے بعد کلمات حصار سلیمانی پڑھے۔ کلمات یہ ہیں۔

عَقَدْتُمْ عَقَدْتُمْ عَقَدْتُمْ اَقْرُوْشِ اَقْرُوْشِ اُقْرُوْشِ فَرْقُوْشِ فَرْقُوْشِ فَرْقُوْشِ فَقَائِلُ مَرْقُوْشِ مَرْقُوْشِ مَرْقُوْشِ جَلَسْتَا جَلَسْتَا جَلَسْتَا جَلَسْتِكَ بِقُیُوْدِ بِحَقِّ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاؤدَ اے بلا بند شو پانصد بند آہنی گرفتار شو۔

اُمُّ الصِّبیان

اگر بچہ کو قے اور دست آتے ہوں اور آنکھیں اندر کو بیٹھ گئی ہوں تو یہ شکایتیں بھی رفع ہو جاتی ہیں اور بچہ قوی الجثہ ہو جاتا ہے۔ کچی گھانی کا پاؤ بھر تیل تلوں کا لے کر اس پر اکیس۲۱ مرتبہ یہ دعا پڑھ کر وہ تیل سر پر اور بچہ کے بدن پر اکیس۲۱ دن تک مالش کریں۔ اور یہی دعائیں تین مرتبہ دونوں کانوں میں پڑھ کر دم کریں وہ دعائیں یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عِیْسٰی صَفِیًّا وَمُوْسٰی نَجِیًّا وَمُحَمَّدًا نَبِیًّا اِرْتَفِعْ اَیُّهَا اللَّیْلِ بِالَّذِیْ رَفَعَ اِدْرِیْسَ مَکَانًا عَلِیًّا وَبِالَّذِیْ قَالَ لِلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ائْتِیَا طَوْعًا اَوْ کَرْهًا قَالَتَا اَتَیْنَا طَآئِعِیْنَ ـ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

اُمُّ الصِّبیان کے واسطے اکسیر

اونٹ کی دم کے بالوں کا گنڈہ بنائے اور اس پر اکتالیس۴۱ مرتبہ سورۂ مزمّل (پوری سورت) پارہ ۲۹، پڑھ کر بچہ کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالےٰ بچہ فوراً صحت یاب ہوگا۔ بالوں کا گنڈہ بنانے سے قبل ان کو دھو کر پاک کرلے۔

* * *

(۱) کیڑوں سے حفاظت

اگر سورہ " وَیْلٌ لِّلْمُطَفِّفِیْنَ " پوری سورت پڑھ کر غلّہ وغیرہ پر دم کر دیا جائے تو وہ غلّہ کیڑے سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۲)

"سورہ مجادلہ" اگر کسی کاغذ پر باوضو لکھ کر غلّہ میں رکھ دیا جائے تو اس غلّہ کو کیڑا وغیرہ نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۱) مچھروں سے حفاظت

اگر کہیں مچھروں کی کثرت ہو تو چار کاغذوں پر الگ الگ یہ عدد لکھ کر مکان یا باغ یا کمرہ کے چاروں کونوں پر چپکا دیں انشاء اللہ سب بھاگ جائیں گے۔ مجرّب ہے۔

" ۱۱۱۲۱۲ "

(۲)

اگر مچھروں کی کثرت ہو تو سات مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے چارپائی کے چاروں طرف چھڑک دے انشاء اللہ مچھر پریشان نہیں کریگا۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَمَا لَنَا اَنْ لَّا نَتَوَکَّلَ عَلَی اللّٰہِ وَقَدْ ھَدٰنَا سُبُلَنَا ط وَ لَنَصْبِرَنَّ عَلٰی مَآ اٰذَیْتُمُوْنَا وَعَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُتَوَکِّلُوْنَ ۝

اور پانی چھڑکنے کے وقت یہ پڑھتا ہے ۔

اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اَيَّتُهَا الْبَرَاغِيْثُ فَكُفُّوْا عَنَّا شَرَّكُمْ وَاَذَاكُمْ ۔

چیونٹیوں سے حفاظت

اگر کسی برتن میں میٹھی چیز رکھی ہوئی ہو اور اس میں چیونٹی کے گھسنے کا اندیشہ ہو تو اس برتن کے چاروں طرف ہاتھ پھیرتے ہوئے اس دُعا کا پڑھنا مفید ہے ان شاء اللہ چیونٹی اس برتن کے قریب بھی نہ جائے گی وہ دُعا یہ ہے :-

هٰذَا لوَكِيْلِ الْقَاضِىْ اَوْهٰذَا الرَّسُوْلِ الْقَاضِىْ اَوْ هٰذَا الْغُلَامِ الْقَاضِىْ ۔

سہولت ولادت

دردِ زہ کے وقت عورت کے بائیں ران میں یہ لکھ کر باندھنے سے ولادت میں سہولت ہوتی ہے ۔ وہ دعا یہ ہے :-

یاخالق النفس من النفس ویامخرج النفس من النفس خلصھا۔ ولادت کے فوراً بعد اس دُعا کو کھول کر پاک جگہ دفن کردیں ۔

مال کا گم ہو جانا

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جاتے تو یہ دُعا پڑھ کر اپنی گمشدہ چیز کے مل

جانے کی دعا کرے ان شاء اللہ بہت جلد وہ چیز مل جائے گی۔

یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ اِجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ کَذَا فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یَجْمَعُ بَیْنَکَ وَبَیْنَ ذَالِکَ الشَّیْءِ

ذَالِکَ الشَّیْءِ کی جگہ اپنی گمشدہ چیز کا تذکرہ کرے۔ اسی طرح اگر کسی انسان کو اپنی طرف مائل کرنا چاہیے تو "ذالک الشیء" کی جگہ اس شخص کا نام لیوے (ناجائز کام کے لیے نہ کرے ورنہ وبال ہوگا)۔

گمشدہ چیز ملجانے کے لئے

گمشدہ چیز کے ملجانے کے لیے اس دعا کی کثرت کرے۔

یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْهِ اِجْمَعْ عَلَیَّ ضَآلَّتِیْ ان شاء اللہ اس دعا کی برکت سے وہ چیز مل جائے گی۔

مفرور کی واپسی کیلیے

دو رکعت نفل نماز پڑھ کر ایک سو انیس ۱۱۹ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دعا مانگے ان شاء اللہ بھاگا ہوا شخص واپس آجائے گا۔ یہ عمل چالیس روز تک جاری رکھے۔ آیت یہ ہے:۔

اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّکَ اِلٰی مَعَادٍ

زوجین کی محبّت

اگر شوہر و بیوی میں ناراضگی ہو تو اس نقش کو تعویذ بنا کر موم جامہ

کرے زوجین میں سے جس کو ضرورت ہو اپنے داہنے بازو میں باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام اختلافات دور ہو جائیں گے

۷۸۶

۲۲۳ و	۲۵۶ د	۲۵۳ و	۲۵۰ د
۲۵۴ د	۲۴۹ و	۲۴۴ و	۲۵۵ د
۲۴۸ د	۲۵۱ و	۲۵۸ د	۲۴۵ و
۲۵۷ و	۲۴۶ د	۲۴۷ و	۲۵۲ د

یا ودود الحی القیوم دارندہ ایں نقش معظم سورۃ اخلاص را قلّب قَلْبَ فلاں بن فلاں (فلانۃ بنت فلانۃ) علی حب فلانۃ بنت فلانۃ (فلاں بن فلاں) حبا شدیدا مطیعا عاشقا دائما ابدًا ابدًا ابدًا یا مقلّب القلوب والابصار۔

نس بندی سے نجات کیلئے

اگر کسی نے جادو وغیرہ کے ذریعہ نس بندی کر دی ہو جس کی وجہ سے وہ جماع پر قادر نہ ہو تو ایک تلوار (چھری) کے اوپر یہ عمل لکھ کر اس تلوار (چھری) سے سیاہ مرغی کا ایک انڈا ٹھیک درمیان سے کاٹ کر اس کے دو حصّے کرے۔ ایک حصّہ عورت کھالے اور دوسرا مرد کھالے انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے اُس کی نس بندی کھل جائے گی۔ مجرّب ہے۔

بکصم لا لا دم ماما لا لا ہ ہ ہ ہ

نس بندی کھولنے کیلئے

نس بندی کھولنے کی غرض سے اس آیت کو لکھ کر تعویذ بنا کر مرد کے گلے میں لٹکایا جائے انشاء اللہ فائدہ پہنچے گا۔

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ وَ حَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ تَجْرِىْ بِاَعْيُنِنَا جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ۔

اولاد نرینہ کیلئے

جس عورت کے یہاں لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں لڑکا نہ ہونا ہو تو یہ دعا لکھ کر دھو کر حاملہ کو پلائے انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لاء لا الاوس وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ حيت يلون بالحق ده قاه ح ص د

چوپایہ کی سرکشی

اگر کوئی جانور سرکشی کرتا ہو تو یہ دعا پڑھ کر اس کے کان میں پھونکے انشاء اللہ وہ تابع ہو جائے گا۔ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّ كَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ط

آسیب سے نجات کیلئے

آسیب زدہ پر یہ دعا پڑھ کر دم کرنے سے ان شاء اللہ فوراً اچھا ہو جائے گا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ الٓمّٓ الٓمّٓصٓ طٰهٰ طٰسٓ طٰسٓمّٓ كٓهٰيٰعٓصٓ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ

خوف سے نجات کیلئے

اس دعا کو بکثرت پڑھنا خوف و ڈر کے واسطے نہایت مفید ہے فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۔

دشمنوں سے حفاظت کیلئے

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ یہ آیت دشمنوں سے حفاظت کے لئے اکسیر ہے۔

حٰمٓ عٓسٓقٓ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

نظر بد کے لئے

دو تین ہلدی کی گرہ پر تین تین مرتبہ یہ کلمہ پڑھ کر پھونکے اور پھر آگ میں ڈال کر اس کی دھونی اس شخص کو دے جسے نظر بد ہو گئی ہو ان شاء اللہ اچھا ہو جائے۔ اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّالْكُفْرُ بَاطِلٌ

سانپ کے ڈسے ہوئے کا عمل

سانپ کے ڈسے ہوئے کو یہ عمل کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلانے سے انشاء اللہ سانپ کا زہر اس سے زائل ہو جائے گا نہایت مجرّب ہے۔

سارا سان الیٰ سانا امالی یرن یرن الیٰ
بامال و اصال باطوطو کالعومار اساب یا
فارس اردو یاب ھاکان مابین لہا
تارا انار کاس متمس ناکاطن صلوبیرص
صاروب اثاوین ودی

سانپ کے کاٹے کا اثر زائل کرنا

جس شخص کو سانپ نے کاٹ لیا ہو اگر وہ فوراً یہ دعا پڑھ لے تو انشاء اللہ سانپ کا زہر اثر نہیں کرے گا۔

نُوْدِیَ اَنْ بُوْرِکَ مَنْ فِی النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا
وَسُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

زہریلے جانور کے زہر سے نجات کا عمل

اگر کسی زہریلے جانور مثلاً سانپ وغیرہ نے کاٹ لیا ہو تو جس جگہ پر کاٹا ہو اس کے ارد گرد گھماتے ہوئے سات مرتبہ یہ آیت ایک ہی سانس میں پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ اس کا زہر ختم ہو جائے

گا۔ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ

بچھو کے کاٹے کا عمل

اگر کسی کو بچھو نے کاٹ لیا ہو تو یہ عمل پڑھ کر جھاڑنا مفید ہے انشاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا۔ عمل یہ ہے۔

شُجَّۃٌ قَرِیْنَۃٌ مِلْحَۃٌ بَحْرٍ قَفْطًا

بچھو کے زہر سے نجات

جس شخص کو بچھو نے ڈنک مار لیا ہو اگر وہ فوراً یہ دعا پڑھ لے تو زہر اثر نہیں کرے گا۔

نُوْدِیَ اَنْ بُوْرِکَ مَنْ فِی النَّارِ وَمَنْ حَوْلَھَا وَسُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

کتے کے کاٹنے سے حفاظت کیلئے

اگر کسی کے اوپر کتا حملہ کرے تو گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ لے انشاء اللہ اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

وَکَلْبُھُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَیْہِ بِالْوَصِیْدِ۔

کتے کے کاٹے کا زہر ختم کرنا

اگر کسی کو کتے نے کاٹ لیا ہو تو یہ عمل کسی نئے برتن پر لکھ کر روغن زیتون سے دھو کر اس شخص کو پلانے سے انشاء اللہ کتے کا زہر

ختم ہو جائے گا مجرّب ہے۔

اب ج ا ع ہ ہ د باب اللہ

درد سر کے لئے

اگر کسی کے سر میں درد ہو تو یہ حروف لکھ کر سر میں باندھا جائے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا مجرّب ترین عمل ہے۔

د م ہ م ل ہ

آدھے سر کے درد کا علاج

جس کے آدھے سر میں درد ہو اس کے سر میں یہ آیت زعفران سے کپڑے پر لکھ کر باندھنے سے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

اِنَّ اللّٰہَ وَ مَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ
یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا

جنون (پاگل پن) کے لئے

سات کنوؤں کے پانی پر یہ آیت گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ شفایاب ہوگا بہت مجرّب ہے۔

سورہ جن ابتداء سورت سے رَشَدًا تک

جنون دور کرنے کا دوسرا عمل

سورۂ معوذتین بھی سات کنوؤں کے پانی پر دم کر کے مریض کو

پلایا جائے انشاء اللہ جنون دور ہو جائے گا۔

موتیا بند کے ازالہ کیلئے

سورۃ یٰسین پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے آنکھوں پر لگایا جائے تو انشاء اللہ موتیا بند جاتا رہے گا۔

رتوندا دور کرنے کیلئے

اگر کسی کو رتوندا ہو گیا ہو تو سورۃ قیامہ سرمہ پر دم کر کے آنکھوں میں لگائیں انشاء اللہ مرض دور ہو جائے گا۔

درد کان کے لئے

اگر کسی کے کان میں درد ہو تو یہ آیت سرسوں کے تیل پر پڑھ کر کان میں ٹپکایا جائے درد جاتا رہے گا۔

إِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ أُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا۔

کان کے درد کا دم

جس کے کان میں درد ہو اس کے کان میں اسم باری تعالیٰ یَا سَمِیْعُ اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے انشاء اللہ شفا ہو گی۔

کان کے درد کیلئے

کسی کے کان میں درد ہو تو یہ آیت پڑھ کر دم کیا جائے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا مجرّب ہے۔

كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ۔

کان کا بہنا

اگر کسی کا کان بہتا ہو تو سورۃ اعلیٰ تین بار پڑھ کر کان میں دم کیا جائے انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

کان کا بہنا

جس کا کان بہتا ہو اس کے کان پر ہاتھ رکھ کر یہ آیت پڑھی جائے انشاء اللہ کان بہنا بند ہو جائے گا۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ

سے آخیر سورہ تک (سورۃ حشر)

بہرا پن

اگر کوئی شخص اونچا سنتا ہو تو یہ آیت سات بار پڑھ کر دم کیا جائے

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ۔

نکسیر کے لئے

جسے نکسیر ہو اُسے یہ آیت گیارہ مرتبہ پانی پر دم کرکے پلایا جائے انشاء اللہ خون کا آنا بند ہو جائے گا۔

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَائِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ۔

نزلہ وزکام کے ازالہ کیلئے

اگر کسی کو نزلہ کی وجہ سے چھینکیں بکثرت آتی ہوں تو گیارہ بار یہ آیت کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر مریض کو کھلایا جائے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَ لَمْ یَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا۔

نزلہ زکام کے لئے

تین مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر نزلہ وزکام کے مریض پر دم کیا جائے انشاء اللہ اچھا ہو جائے گا۔

دانت کا درد

جس کے دانت میں درد ہو وہ اس آیت کو کاغذ پر یا کپڑے پر لکھ کر دانت کے نیچے دبائے انشاء اللہ دانت کا درد جاتا رہے گا۔

لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ۔

داڑھ کا درد

کسی کے داڑھ میں درد ہو تو یہ دعا تین مرتبہ پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے دانتوں کے اوپر ملیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ الٓمّٓصٓ طٰسٓمٓ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ اُسْکُنْ۔

دانتوں کا ہلنا

لَا یَعْلَمُوْنَ۔ ہلتے ہوئے دانتوں کے نیچے لکھ کر رکھنا اور اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرنا مفید ہے۔

زبان کی سوجن کیلئے

اکتالیس ۴۱ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کیا جائے زبان کی سوجن ختم ہو جائے گی۔ اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ج وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَکَھُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِہٖ ط

لقوہ

جس شخص کو لقوہ ہو گیا ہو اُسے یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالا جائے انشاء اللہ شفا ہو گی۔

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ط یا اسی آیت کو ایک سو ایک بار پانی پر دم کر کے لقوہ کے مریض کو پلائیں۔

حلق کی خراش اور درد

حلق کی خراش اور درد کے لیے ایک سو ایک بار یہ آیت گائے کے مکھن پر دم کر کے حلق کے اندر لگائیں اور اسی آیت کو سات بار نمک پر بھی پڑھ کر لگائیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا مجرب ہے۔

فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ۔

گلے کی تمام بیماریوں کیلئے

یہ آیت لکھ کر پہنا گلے کی تمام بیماریوں کیلئے مفید ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا مُغِيْثًا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

ہچکی بند کرنے کیلئے

تین سانس میں پانی پئیں اور ہر سانس پر سات مرتبہ يَا حَفِيْظُ پڑھا جائے انشاء اللہ ہچکی بند ہو جائے گی۔

دردِ سینہ

سینہ کے درد کے لئے یہ آیت لکھ کر گلے میں پہننا بہت مفید ہے۔

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ

کھانسی کے لئے

اگر کسی کو کھانسی ہو گئی ہو تو یہ آیت اکیس ۲۱ مرتبہ سیاہ نمک پر دم کر کے چبایا جائے۔

وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ۔

کھانسی سے نجات کیلئے

سورۃ اخلاص اکتالیس ۴۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے پلانا کھانسی کے لئے بہت مفید ہے۔

درد پھیپھڑہ کیلئے

اگر کسی کے پھیپھڑہ میں درد ہو یا پانی بھر گیا۔ تو اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف اور گیارہ بار یہ آیت پانی پر دم کر کے اکتالیس ۴۱ روز تک مسلسل مریض کو پلایا جائے۔ نہایت مجرّب ہے۔

اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَهُ

اَلْبَیَانَ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ وَّالنَّجْمُ وَ الشَّجَرُ یَسْجُدَانِ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِیْزَانَ سے مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ تک (سورۃ رحمٰن)

پھیپھڑے کے مرض کا ازالہ

پھیپھڑے کے مریض کو "السّلام المؤمن" ۳۰۰ تین سو مرتبہ مٹھائی پر دم کر کے کھلایا جائے۔

دمہ کے مریض کیلئے

سورۃ فاتحہ چینی کی رکابی پر زعفران سے لکھ کر سات یوم تک مُسلسل دمہ کے مریض کو پلایا جائے بہت مفید ہے۔

درد دل کے لئے

اگر کسی کے دل میں درد ہو تو یہ آیت لکھ کر تعویز بنا کر گلے میں اس طرح لٹکایا کہ تعویز دل پر لٹکا رہے۔ انشاء اللہ درد ختم ہو جائے گا۔

يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ۔

دل کے درد کا علاج

دل کے درد کے لئے چینی کی پلیٹ پر سورۃ فاتحہ لکھ کر پانی سے

سے دھو کر وہ پانی دل کے مریض کو پلایا جائے۔ درد بفضلہ تعالیٰ جاتا رہے گا۔

دل کا دھڑکنا

اگر کسی کا دل دھڑکتا ہو تو یہ آیت لکھ کر گلے میں اس طریح پر لٹکایا جائے کہ تعویذ ہمیشہ دل ہی پر پڑا رہے۔

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

درد معدہ کا علاج

جس کے معدہ میں درد ہو اُسے بعد نماز فجر اکیس ۲۱ مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے اکیس ۲۱ دن تک پلایا جائے۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَیْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔

معدہ کے درد کیلئے

معدہ کے درد کے مریض کو یہ آیت لکھ کر گلے میں ڈالیں اور چینی کی رکابی پر لکھ کر دھو کر پلایا بھی جائے۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰهِ یَبْغُوْنَ وَلَهٗ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَیْهِ یُرْجَعُوْنَ۔

فم معدہ کے درد کیلئے

جسے فم معدہ میں درد ہو اسے سات دن تک تین سیاہ مرچ اکیس ۲۱ بار سورۃ اخلاص پڑھ کر کھلانا بہت مفید ہے۔

بدہضمی کے ازالہ کیلئے

سات مرتبہ یہ آیت نمک پر دم کر کے کھلایا جائے۔ بدہضمی کے لئے بہت مفید ہے۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا

پیٹ کے درد کیلئے

اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو سات مرتبہ یہ آیت نمک پر دم کر کے چٹایا جائے۔

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ

خونی دست کے ازالہ کیلئے

خونی دست کے ازالہ کے لئے اسم باری تعالیٰ یَا حَفِیْظُ تین سو ۳۰۰ بار پانی پر دم کر کے پلانا مفید ہے۔

درد جگر کے لئے

جگر میں درد، زخم اور پتھری وغیرہ ہو تو اس دعا کو لکھ کر مقام درد پر باندھنا بہت مفید ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا قُوَّةَ يَا مَنْ قَوِّیٌّ يَا مَنْ اٰمَنَ بِاِذْنِ اللّٰهِ۔

پتّہ کی بیماری کیلئے

پتّہ کی بیماری کے لئے گیارہ بار یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانا مفید ہے۔ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى

یرقان کے لئے

ایک سو ایک بار یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانا مفید ہے۔ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔

درد گردہ کے لئے

سورۂ لِاِيْلٰفِ کھانے پر دم کر کے کھلانا درد گردہ کو نافع ہے

درد مثانہ کیلئے

مثانہ کے درد میں اکتالیس ۴۱ مرتبہ یہ آیت عرق گلاب پر دم کر کے پلانا بہت مفید ہے۔

اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَيْنَيْنِ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ

پیشاب کی بندش

اگر پیشاب آنا بند ہو گیا ہو تو یہ آیت لکھ کر باندھنے سے فوراً پیشاب جاری ہو جائے گا۔

فَفَتَحْنَا اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ وَّ فَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۔

سوزاک کے مرض کیلئے

سوزاک کے مریض کو یہ آیت لکھ کر عرق گلاب میں گھول کر پلانا بہت مفید ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ اِذْ جَآءَتْهُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۝ وَرَحْمَةٌ وَّنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ ۔

آتشک کیلئے

سورۃ تکویر (اِذَ الشَّمْسُ كُوِّرَتْ الخ) آب زمزم پر دم کر کے پلانا آتشک کے لئے بہت مفید ہے۔

جریان

جریان کے مریض کو سورۂ حجرات تین بار پانی پر دم کر کے اکتالیس۴۱ روز تک پلایا جائے انشاء اللہ شفا ہو جائے گی۔

کثرت احتلام

سوتے وقت شہادت کی انگلی سے اپنے سینے پر یا عمس اس طرح لکھے کہ پڑھنے والے کے سامنے سیدھا ہو۔ بفضلہ تعالیٰ کثرتِ احتلام کا مرض جاتا رہے گا۔

دودھ کی کمی

اگر عورت کے پستانوں میں دودھ کی کمی ہو تو اسم باری تعالیٰ هُوَالْحَيُّ الْقَيُّوْمُ تین ۳۰۰ سو مرتبہ پڑھ کر دم کرنا دودھ کی کمی کو دور کرنے کے لئے بہت نافع ہے۔

سیلان الرحم

سیلان الرحم کی بیماری ہو گئی ہو تو تین سو مرتبہ یہ آیت عرق گلاب پر دم کر کے اکتالیس۴۱ روز تک پلایا جائے انشاء اللہ مرض جاتا رہے گا۔

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ٥ وَنُنَزِّلُ
مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ
وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔

بچوں اور بڑوں کی مرگی کیلئے

یہ عمل مرگی کے لیے بہت مفید اور زود اثر ہے۔ ایک پاک کاغذ پر یہ آیت لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں لٹکائیے۔ اور ایک مرغ بالکل سفید یا بالکل سیاہ رنگ کا ذبح کر کے اس کا گوشت نمازی آدمیوں کو کھلا دے اور اس کا ثواب شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو بخشے۔ وہ آیت یہ ہے۔

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ۔

ڈبہ کی صحت یابی کے لئے

جس بچہ کو ڈبہ کا مرض ہو اس کے لئے یہ جھاڑ الحمد للہ بہت مجرب ہے۔ ہفتہ، اتوار اور منگل تین روز تک روزانہ بچے کو لٹا کر تین مرتبہ پڑھے اور بچہ کے منہ پر دم کرے۔ اور تین ہی مرتبہ ایک کپڑا یا رومال بچہ کے تمام جسم پر پھیر کر ماتھے (پیشانی) سے جھٹکا دے۔ جھاڑ کے الفاظ یہ ہیں۔

عالم چند پلٹیا منہ لٹکے تھرائے
ڈبہ ڈبی کانٹے سر بھری چنگا کرے خدائے

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ۔

بچہ کی پسلی چلنے سے نجات

بچہ کی پسلی چلے اور پیٹ میں پسلی کے نیچے گڑھا پڑے۔ سانس جلدی جلدی آئے تو سرکنڈہ جڑ کی طرف سے نو انگل لمبا لیا جائے

اور پسلی کی طرف سے نیچے کو جھاڑے اور جھاڑتے وقت یہ جھاڑ سات مرتبہ پڑھے۔ پڑھنے کے بعد سرکنڈہ کو ناپے جتنا بڑھ گیا ہو چاقو سے کاٹے اور پھر پڑھے اور جھاڑے اور پھر ناپے غرضیکہ جب تک سرکنڈہ بڑھتا رہے کاٹتا رہے۔ خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے آرام ہو جائے گا۔ جھاڑ کے الفاظ یہ ہیں۔

”نو انگل کا سرکنڈہ کا لوٹل دس انگل ہو جائے۔ ڈبہ جھاڑوں پانی پت کو جائے۔ دہائی حضرت شاہ نور قطب عالم کی۔“

چھوٹے بچّہ کا رونا دھونا

جو بچہ بہت زیادہ روتا ہو کسی طور چپ ہی نہ ہوتا ہو ان کلمات کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈالے اور بچہ کو پاک صاف رکھے۔ انشاءاللہ تعالےٰ بچہ کا رونا ختم ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا حَافِظُ يَا نَاصِرُ يَا مُعِيْنُ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ
وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ وَبِحَقِّ اَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهَارُوْنَ
وَسُلَيْمَانَ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا بِحَقِّ طٰهٰ وَيٰسٓ
وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ
وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ
اِلَّا خَسَارًا

بچہ کا گریہ موقوف کرنا

سات مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر بچہ پر پھونکے انشاء اللہ تعالےٰ بچہ کا رونا موقوف ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ه وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ه وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ه وَاِنِّيْ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط

بچوں کے مچلنے اور بات بات پر روٹھ جانے کیلئے

مندرجہ ذیل عمل بچوں کے مچلنے اور بات بات پر روٹھ جانے کا شافی عمل ہے۔ بچوں کے رونے اور غصہ ہونے کو دور کرنے کیلئے لوہے کی چھری پر یہ کلمات لکھے اور وہ چھری آگ میں گرم کر کے پانی میں ڈالیں اور وہ پانی بجھا ہوا بچہ کو پلائیں۔ نہایت مجرب ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

حَقٌّ حَقٌّ بَارٌّ حَسِيْبٌ حَكِيْمٌ مُعِيْدٌ حَفِيْظٌ حَلِيْمٌ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا وَّسَلٰمًا وَّسَلٰمًا ه

بچہ کے رونے چلانے اور ایک پل چپ نہ ہونے کیلئے

بچہ چلانے سے ایک پل چپ نہ ہو تو یہ حروف باوضو پاک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ سحت پاکر ہر طرح سے اچھا رہے گا۔ وہ حروف یہ ہیں۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط
ھی	ھی	ھی	ھی	ھی	ھی	ھی

بچہ کا دودھ نہ پینا

جو بچے کسی وجہ سے دودھ نہ پیتے ہوں ان کیلئے مجرب علاج یہ ہے کہ مندرجہ ذیل تعویذ روزانہ سات دن تک کاغذ پر باوضو لکھ کر اس کے حروف پانی سے دھو کر ذرا سا پانی بچے کو پلایا جائے، ذرا سا پانی اس کی ماں کو پلایا جائے۔ اور بقیہ پانی سے اس کی ماں کی دونوں چھاتیاں (پستان) دھو دیں۔ لیکن دھونے کا پانی تعویذ والے پانی میں نہ گرے انشاءاللہ تعالےٰ بچہ جلد دودھ پینے لگے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

معرفت	عطا
رنامن	لوء
یاحی	یاقیوم

بچہ کا سوکھا اور دبلا پن

جو لڑکا، لڑکی دبلا اور روز بروز سوکھتا جاتا ہو اس کے موٹا تازہ ہونے کا یہ عمل بہت مفید ہے۔ مکھن (مسکہ) گائے کا اصلی چھاچھ بنا کر نکالا گیا ہو۔ آدھ پاؤ (سوا سو گرام) لے کر کانسی کی تھالی (یا جو برتن میسر ہو)

میں ڈالے اور ایک سو مرتبہ سورۂ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ (پوری سورت) پڑھ کر دم کرے اور پانی اس مکھن میں ڈالے اور دونوں ہاتھ سے خوب ملائے پھر اس کا پانی نتھار لے (نکال دے) اور برتن کسی مکھن میں رکھ لے۔

اس مکھن میں سے تھوڑا سا مکھن لے کر بچے کے بدن پر ملے کہ کوئی جگہ باقی نہ رہے۔ اگر گرمی کا موسم ہو تو مالش کے بعد پانی سے نہلا کر کپڑے پہنا دے۔ اور اگر جاڑے (سردی) کا موسم ہو تو ٹھنڈی ہوا سے بچا کر نہلائیں۔ بچہ کو روزانہ نہلانا ضروری نہیں ہے۔

بچہ کی لاغری اور کمزوری

بچے کی لاغری اور کمزوری دور کرنے کیلئے یہ عمل مجرب ہے۔

اکیس ۲۱ پتے بیری کے لے کر ان پر گیارہ مرتبہ درود شریف — ایک مرتبہ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ (پوری سورت) — ایک مرتبہ (اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ (پوری سورت) ایک مرتبہ (قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ (پوری سورت) ایک مرتبہ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (پوری سورت) ایک مرتبہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ (پوری سورت) ایک مرتبہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ (پوری سورت) ایک مرتبہ الحمد شریف (پوری سورت) ایک مرتبہ آیۃ الکرسی (پوری) اور گیارہ بار درود شریف (نماز والا درود شریف زیادہ بہتر ہے) پڑھے اور پھر ان پتوں پر دم کر دے۔

پتے اگر تازہ ہرے ہوں تو ان کو پیس کر چالیس گولی بنا کر رکھ دے اور پتے سوکھے ہوں تو تھوڑا پانی ملا کر پیس کر گولی بنا لے۔ پھر ایک

کورا گھڑا (مٹکا) لے کر اس میں کنویں (ٹیوب ویل) ہینڈ پمپ، نہر، دریا، چشمے، سمندر) کا پانی بھر کر لائیں اور اس پانی کے گھڑے (مٹکے) میں ایک گولی ڈال کر اس کو گرم کیا جائے (چولہے پر)۔

بچے کی ماں اپنے بچہ کو گود میں لے کر اس پانی سے دونوں غسل کریں۔ ہر روز۔ چالیس روز تک اسیطرح کریں۔ ہر روز پانی منگوا کر گرم کیا جائے۔ اور پانی میں گولی ملائی جائے اور ماں اور بچہ ایک ساتھ اپنے جسموں پر پانی بہائیں انشاءاللہ تعالےٰ بچہ کی لاغری ختم ہو گی اور بچہ تندرست و توانا ہو جائے گا۔

نظر کا علاج اور اس کی پہچان

نظر کا علاج اور اس کا پہچاننا کہ مریض کو نظر لگی ہے یا کوئی بیماری پیدا ہوئی ہے ایک انڈہ مرغی کا لے کر اس پر یہ کلمات سات جگہ لکھیں اور پھر انڈہ کو اپنی ہتھیلی میں لے کر سبز دھنیا (ہرے دھنیے) کی جو خشک (سوکھا) کیا ہوا ہو کوئلے کی آگ جلا کر اس دھنیے کی دھونی انڈے کو دیں۔ اور دھونی دیتے وقت قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (پوری سورت) پڑھتے رہیں۔ جب تک وہ انڈہ خود بخود ہتھیلی پر کھڑا نہ ہو جائے دھونی اور سورت پڑھنا جاری رکھیں۔

جب وہ انڈہ خود بخود کھڑا ہو جائے تو پھر اس انڈے کو توڑ دیں اس کے اندر سے خون کے سرخ نقطے نظر آئیں گے تو جان لے کہ نظر لگی ہے۔ اسکے بعد اسی انڈے کی زردی وغیرہ سے کچھ لے کر نظر لگے ہوئے بچے کی پیشانی (ماتھے) پر مل دیں۔ انشاءاللہ تعالےٰ اسی وقت نظر اتر جائے گی۔

اور بچہ اچھا ہو جائے گا۔

انسان یا جانور سے نظر کا اثر دور کرنا

سُورۃ العصر (پوری سورت) لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ (پوری سُورت) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ (پوری سورت) کاغذ پر باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں سی کر نظر لگے ہوئے انسان یا جانور وغیرہ کے سر پر باندھنے سے نظر کا اثر نہیں رہتا۔ اور الحمد للہ وہ جانور یا انسان صحیح ہو جاتا ہے۔

نظر کیوجہ سے کھانا نہ کھا سکے

جس کھانے پر نظر لگی ہو وہ کھانا اچھا معلوم نہ ہو اور اس کے کھانے کو دل نہ چاہے۔ یا کسی آدمی کو کھانا کھاتے وقت نظر لگی ہو اور وہ کھانا کھانے سے مجبور تو مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر اس کھانے پر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالےٰ کھانے کی نظر اور کھانیوالے کی نظر فوراً دور ہو جائے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

بچہ کو ہر بلا اور نظر سے محفوظ رکھنے کا حرز

اس حرز کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے بچہ کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا اور اس کو کسی کی نظر بھی نہ لگے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ ۝ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَّامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنٍ اَلْفِ اَلْفِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝

جانور کی نظر دور کرنا

اگر کسی جانور پر نظر کا اثر ہو تو چار مرتبہ داہنی طرف ناک کے سوراخ میں اور تین مرتبہ بائیں طرف کے ناک کے سوراخ میں پھونکے۔

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ حَرَّهَا وَبَرْدَهَا وَوَصَبَهَا، قُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۔ لَا يَاْمَنُ اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا يَكْشِفُ الضُّرَّ اِلَّا اَنْتَ ۝

کسی بیمار کی حالت معلوم کرنا کہ جلد اچھا ہوگا یا نہیں؟

آیاتِ ذیل کو کاغذ پر باوضو پاک حالت میں لکھے اور ایک طشت (تھال) میں پانی بھر دے اور اس میں وہ کاغذ ڈال دے۔ اگر کاغذ

اوپر تیر رہا ہے تو سمجھنا چاہیئے کہ مریض بہت جلد اچھا ہو گا۔ اور اگر وہ کاغذ پانی کے درمیان رہے تو جاننا چاہیئے کہ مریض دیر میں صحت یاب ہو گا۔ اور اگر وہ کاغذ پانی کے درمیان تہہ میں بیٹھ جائے تو سمجھ لیا جائے کہ یہ اچھا نہ ہو گا اس کی موت کے دن قریب آ گئے ہیں۔

وہ آیات یہ ہیں:-

وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ
رَّبِّهِمْ ۙ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ
قَبْلِهِ الرُّسُلُ ○ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ
رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ○
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى
الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ وَصَلَّى اللّٰهُ
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ
الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ ○

مریض کی حالت جاننے کا عمل

مرغی کے تازہ انڈے پر یہ دعا لکھے اور مریض کے سر کے پاس لے جا کر اس کو توڑے۔ اگر اس میں سے خون نکلے تو مریض کی بیماری زیادہ دن تک رہے گی۔ اور اگر اس خون میں سیاہی بھی ہو تو مریض جلد مر جائے گا۔ اور اگر انڈے کی زردی اور سفیدی میں فرق نہ آیا ہو اور وہ انڈہ اصلی حالت پر ہو تو سمجھ لو کہ مریض بہت جلد اچھا ہو جائے گا۔ انڈے پر لکھنے کی دعا یہ ہے:-

وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ط
مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتَابُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ
جَعَلْنَاهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ط
وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۙ اَللّٰهُمَّ
يَارَبِّ بَيِّنْ لِيْ وَاَعْلِمْنِيْ بِصِفَةِ هٰذَا الْمَرِيْضِ
فِيْ هٰذِهِ الْبَيْضَةِ بِحَقِّ نُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ ط
وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ط

حافظہ کی ترقی اور ذہن کی تیزی کیلئے

جس شخص کو بھول جانے کی عادت ہو اور حافظہ ساتھ نہ دیتا ہو اس کیلئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک نام "محمد" باوضو چالیس مرتبہ کاغذ پر لکھے اور پانی سے اس پرچہ کو دھو کر شہد ملا کر وہ پانی چالیس دن پیئے اور یہ دعا کرے کہ اے اللہ! اس نام پاک کی برکت سے جو میں نے پیا ہے میرے حافظہ میں ترقی عطا فرما۔ پس اللہ تعالیٰ اس کا حافظہ بے مثل بنا دے اور ظاہر و باطن اس پر کھول دے گا۔ یہ عجیب رمز ہے۔

کند ذہن کے لئے

جس کا ذہن کام نہ کرتا ہو اور کند ذہن ہو اسکے واسطے ایک ہزار 1000 مرتبہ حرف (ا) الف ریشمی کپڑے پر لکھ کر اسکے سینہ پر باندھ دیں۔ انشاء اللہ اس کا ذہن کھل جائے گا اور جو کچھ سنے گا وہ یاد رہے گا۔

عملیات وتعویذات

ان چیزوں میں سے کہ ان کے پڑھنے سے تمام دن عافیت رہے اور مصیبت سے بچے۔

صبح سویرے اگر تین بار پڑھ لیا تو تمام دن آرام و عافیت میں رہے گا۔ اور اگر شام کو پڑھ لیا تو ساری رات امن و امان میں گذرے گی؛

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

ترجمہ: پناہ لیتا ہوں نام اس اللہ تعالیٰ کے ساتھ کہ نہیں ضرر کرتی ذکر کرنے نام اس کے کوئی چیز زمین اور نہ آسمان میں اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے ہر چیز کا ــــ اوّل آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھ لے بہتر ہے۔

فائدہ: جو چیز اس رسالہ میں پیشِ خدمت ہوگی اس کے اوّل آخر درود شریف پڑھنا تین تین بار، ایک ایک بار بہتر و افضل ہے اور زیادہ مقبولیت اور تاثیر کے موجب ہے۔

اسی طور اگر یہ صبح یا شام کو پڑھ لیوے تو ساری رات اور سارا دن امان میں رہے گا۔ نیز جس مکان اور منزل میں رہے گا ہر شر جن وانس و دد وآب وغیرہ سے امن امان میں رہے گا؛

اَعُوْذُ بِکَلِمٰتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

ترجمہ: پناہ مانگتا ہوں میں ساتھ کلموں اللہ تعالیٰ کے اور کتابوں اتری ہوئی کے کہ پوری اور کامل ہیں نقصان اور برائی اس چیز سے کہ پیدا کی ہے۔ تین بار صبح کو اور تین بار عصر کی نماز کے بعد اوّل آخر درود شریف تین تین

اسی طرح پر آیۃ الکرسی ۳ بار و معوذتین ۴ بار اور سورۃ المومن فی اوّل آیت اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ۔ تک پڑھنا، اور سورہ انعام کی اوّل تین آیتیں، اور سورہ حشر کی تین آیتیں آخیرہ پڑھنے سے جیسے حفاظت من الآفات کا فائدہ ہے ویسے فرشتوں کی دعا و ثواب آخرت کا بھی فائدہ ہے۔

ہر ملاقاتی سے خیر آنے کیلئے وظیفہ

جو شخص صبح کو یہ دعا پڑھے جو بھی اس دن اس کے ساتھ ملاقات کرے گا اِس کے حق میں خیر ہوگا:

اَللّٰهُمَّ اِنَّ مَنْ يَدْخُلُ عَلَيْنَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ اِنْ كَانَ خَيْرًا فِيْ حَقِّنَا فَادْخُلْهُ وَاِنْ كَانَ فِيْ حَقِّنَا شَرًّا فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ۔

ترجمہ: اے اللہ! جو بھی ہم پر آوے اِس دن میں اگر اس کا آنا ہمارے حق میں بہتر ہے تو آوے اور اگر اس کا آنا ہمارے لیے برا ہے تو اس کو ہم سے پھیر دے۔

ناگوار آدمی کے اٹھانے کا وظیفہ

اگر کوئی مجلس میں ناگوار آدمی آجاوے اور اس کا اٹھانا مطلوب ہو تو دل میں چند مرتبہ یہ آیت پڑھے:

تَذْرُوْهُ الرِّيَاحُ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا۔

ثوابِ عظیم اور وسیع حاصل کرنے کا طریقہ

اگر چاہتا ہے کہ ہر مومن جوان و عورت کی گنتی کی مقدار ثواب ملے تو یہ دُعا پڑھے ؛ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ؕ یک صد100 بار، اوّل آخر درود شریف تین تین بار پڑھتا رہے تو تمام مومنین کے برابر اس کو ثواب ملتا رہے گا اور اس کی ہر مشکل آسان ہوگی۔

مغفرت کیلئے اعلیٰ نسخہ

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ مختصر کلمات عطا فرماویں تو فرمایا ؛ اَللّٰہُ اَکْبَرُ دس10 بار سُبْحَانَ اللّٰہِ دس10 بار۔ اِن دونوں میں اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ یہ میرے لئے ہیں۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ دس10 بار، اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ یہ تیرے لئے ہیں اور میں نے بخش دیا۔ اگر درود شریف اس کے اوّل آخر ہووے ایک ایک بار تو بہتر ہے۔

عافیت کیلئے دُعا

حضرت حاجی امداد اللہ رحمۃ اللہ تعالیٰ مہاجر مکی سے منقول ہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ لَا اَحْتَمِلُ عَلٰی نِعْمَةِ الْمَرَضِ فَاَبْدِلْهُ بِنِعْمَةِ الْعَافِیَةِ ؕ اے اللہ! میں نعمت مرض کی برداشت نہیں کر سکتا اس کے بدلے نعمت عافیت کی دے۔ بیمار پڑھتا رہے رہے عافیت ہو جاوے گی۔ اور عافیت والا پڑھے دُکھ سے محفوظ رہے گا۔ نیز :-

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَةَ فِی الدِّیْنِ

وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ، رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

ہر نماز کے بعد تین ۳ بار اوّل آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھے۔

وہ دعائیں متبرکہ کہ جو صالحین سے منقول ہیں

حضرت علیؓ کی دعا

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے یہ دعا منقول ہے، اَللّٰھُمَّ احْمِلْنِیْ عَلٰی عَفْوِكَ وَلَا تَحْمِلْنِیْ عَلٰی عَدْلِكَ، اے اللہ میرے ساتھ معاملہ عفو کا فرماویں اور عدل وانصاف کا نہ کریں۔

دعا حضرت احمد بن حنبلؒ کی

اَللّٰھُمَّ کَمَا صُنْتَ وَجْھِیْ مِنَ السُّجُوْدِ لِغَیْرِكَ فَصُنْهُ عَنْ ذِلِّ السُّوَالِ لِغَیْرِكَ ۔ اے اللہ جیسے تو نے میرے منہ کو غیر کے سجدے سے محفوظ رکھا اسیطرح غیر سے سوال کرنے کی ذلت سے بھی محفوظ فرما۔

حضرت ابراہیم بن ادہمؒ کی دعا۔

اَللّٰھُمَّ انْقُلْنِیْ مِنْ ذِلِّ مَعْصِیَتِكَ اِلٰی عِزِّ طَاعَتِكَ۔

اے اللہ مجھے گناہوں کی رسوائی سے نکال کر اپنی طاعت کی عزت کیطرف لے جا۔

حضرت عبدالسلام بن مشیشؒ کی دعا،

اَللّٰھُمَّ اجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنَكَ وَحُلْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ غَیْرِكَ

اے اللہ! مجھے اپنے پاس رکھ لے اور آپ ہی میرے اور تیرے غیر کے درمیان حائل ہو جا۔ یعنی مجھے شاہی دربار میں حاضری دے اور غیر سے بچالے۔

دُعا حضرت مولانا حسین علی صاحبؒ:

اَللّٰهُمَّ كُنْ لِيْ كَمَا كُنْتَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اے اللہ! میرے لئے ایسا مہربان ہو جا جیسے حضرت محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کیساتھ مہربان تھا۔

دعا امام الحرمینؒ

اَللّٰهُمَّ لَا تَمْنَعْنِيْ عَنْ قُرْبِكَ بِمَانِعٍ

اے اللہ! اپنے قرب سے مجھے نہ روک کسی روکنے والی چیز کے سبب۔

حضرت مجد الدین بغدادیؒ کی دُعا:

اَللّٰهُمَّ تُبْ عَلَيَّ حَتّٰى اَتُوْبَ وَاعْصِمْنِيْ حَتّٰى لَا اَعُوْدَ وَحَبِّبْ اِلَيَّ الطَّاعَاتِ وَكَرِّهْ اِلَيَّ الْخَطِيْئَاتِ ط

اے اللہ! مجھ پر رحمت سے رجوع کر تاکہ تائب ہو جاؤں اور بچا مجھ کو تاکہ گناہ کی طرف نہ پھروں اور اپنی بندگی کو میری طرف محبوب کر دے اور گناہوں کو مکروہ کر دے۔

دوسری دُعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ لَا اَقْوٰى شَرَائِطِ التَّوْبَةِ فَاغْفِرْ لِيْ بِلَا شَرَائِطِ التَّوْبَةِ : اے اللہ میں شرائطِ توبہ پر قوی نہیں ہوں مجھے بخش دے سوائے شرائطِ توبہ کے۔

تیسری دُعا

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَعْلَمُ اَنَّ مَطْعَمِيْ حَرَامٌ وَمَلْبَسِيْ حَرَامٌ وَمَشْرَبِيْ حَرَامٌ فَاسْتَجِبْ دُعَائِيْ بِلَا شَرَائِطِ الْاِسْتِجَابَةِ۔ اے اللہ تو بے شک جانتا ہے کہ میری خوراک حرام ہے اور میری پوشاک حرام ہے اور میرا پینا ناجائز چیزوں سے ہے میری

دعا قبول فرما شرائطِ قبولیت کے نہ ہوتے ہوئے بھی۔

حکایت بزرگِ کامل وتعویذ اوُ

ایک بزرگ تھے جب کوئی ان سے دُعا منگواتا یا تعویذ لکھواتا تو یہ کہتے اور تعویز میں بھی یہی لکھتے ؛ اَللّٰھُمَّ لَا تُعَذِّبْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِذُنُوْبِیْ ؛ اے اللہ امتِ (سیدنا) محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو میرے گناہوں کے باعث عذاب نہ دے۔

تعویذ منقولہ از بزرگ کامل لعلہ معروف کرخیؒ

جب کوئی تعویذ لکھتے یہ لکھا کرتے " ہر چند کند خدا کند بندۂ عاجز چہ کند وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم " ہر چیز کے لیے یہی لکھ دیتے۔

ایک بزرگ جب صبح کو اٹھتے تو یہ پڑھتے ؛ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَمْ یَخْسِفْنِیْ فِی الْاَرْضِ وَلَمْ یُغَیِّرْ وَجْہِیْ فِیْ صُوْرَۃِ الْخِنْزِیْرِ وَالْکَلْبِ ؕ۔ اس اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے میرے گناہوں کے سبب مجھے زمین میں نہیں دھنسایا اور میرے منہ کو صورتِ خنزیر اور کتے میں نہیں بدلا۔

حضرت علی خواصؒ سے دُعا منقولہ

جب کوئی نعمت ملتی یا کوئی نیکی کرتے تو یہ دعا کرتے ؛ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ لَا اَسْتَحِقُّ ذَرَّۃً وَّاحِدَۃً مِّمَّا اَنْعَمْتَ بِہٖ عَلَیَّ ۔ اے اللہ میں کسی ایک ذرّہ کا بھی مستحق نہیں ہوں جو

کچھ تو نے مجھ پر نعمت کی ہے۔ (اس کے پڑھنے سے بڑے درجات حاصل ہوتے ہیں)۔

حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے منقول اُن کی دُعا یہ ہے:۔

كَفىٰ بِیْ عِزًّا اَنْتَ كُوْنَ لِیْ رَبًّا وَ كَفىٰ بِیْ فَخْرًا اَنْ اَكُوْنَ لَكَ عَبْدًا اَنْتَ لِیْ كَمَا اُحِبُّ فَوَفِّقْنِیْ لِمَا تُحِبُّ ۝

مجھے یہ عزت کافی ہے کہ تو میرا رب ہے اور مجھے یہ فخر کافی ہے کہ میں تیرا بندہ ہوں۔ تو میرا ہے جیسا کہ میں چاہتا ہوں پس مجھے توفیق دے اُن کاموں کی جو تو پسند فرماتا ہے.

غلبۂ نیند کے دفعیہ کے لئے دُعا

نیند کم ہونے کے لئے یہ دُعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَیْنٍ لَّا تَشْبَعُ مِنَ النَّوْمِ

اللہ تعالیٰ کی پناہ لیتا ہوں ایسی آنکھ سے کہ سیر نہ ہو نیند سے.

بُرے خیال و وسوسے کے دفع کا نسخہ

حضرت ابوالحسن شاذلیؒ فرماتے ہیں جب کوئی وسوسہ یا بُرا خیال دل سے نہ مِٹے تو اپنے بائیں پستان کے نیچے ہاتھ رکھ کر یہ آیت اکتالیسؓ مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے وہ خیال دور ہو جاویں گے یہ بڑی اہم چیز ہے

فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِی الشَّيْطَانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيَاتِهٖ ط وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

پس دور کرتا ہے اللہ جو کچھ ڈالا ہے شیطان نے پھر محکم و مضبوط کرتا ہے

اپنی نشانیوں کو اور اللہ تعالیٰ جاننے والا اور حکمت والا ہے:

پختہ عقیدہ کرنے کے لئے بہترین دُعا

حضرتِ ابو الحسن شاذلیؒ سے منقول ہے جو یہ دُعا نماز کے بعد پڑھتا رہے گا اس کا عقیدہ پختہ رہے گا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ تَوْحِیْدًا لَا یَشُوْبُہٗ ضِدٌّ وَیَقِیْنًا لَا یُخَالِطُہٗ شَکٌّ ۔

اے اللہ آپ سے سوال کرتا ہوں ایسی توحید کا جس کے خلاف کی ملاوٹ نہ ہو اور ایسے یقین کا جس میں شک نہ کرے۔

سفر کے حوادثات کے لئے دُعا

جو چاہے کہ تمام سواریوں ریل موٹر وغیرہ کے حوادثات سے بچے تو وہ یہ دُعا پڑھے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۔

پاک ہے وہ ذات جس نے ہمارے کام میں لایا اس سواری کو اور نہ تھے ہم اس پر طاقت پانے والے اور تحقیق ہم طرف رب کے جانیوالے ہیں۔

اور پھر یہ پڑھے:

اَللّٰھُمَّ کُنْ لَنَا صَاحِبًا فِیْ سَفَرِنَا وَخَلِیْفَۃً فِیْ اَھْلِنَا وَاطْمِسْ عَلٰی وُجُوْہِ اَعْدَائِنَا۔

انشاء اللہ تمام حوادثات سے محفوظ رہے گا۔

ہر تنگی سے بچنے کی دُعا

اَللّٰھُمَّ نَجِّنِیْ مِنْ کُلِّ ضَیْقٍ   بِجَاہِ الْمُصْطَفٰی مَوْلَی الْجَمِیْعِ
فَھَبْ لِیْ فِیْ مَدِیْنَتِہٖ قَرَارًا   حَیَاتًا ثُمَّ دَفْنًا فِی الْبَقِیْعِ

سات ۷ بار ہر نماز کے بعد اوّل آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھا کرے۔

مُقدمہ میں فتح پانے کا نسخہ

یہ شعر صبح و شام یک صد و یک ۱۰۱ بار اوّل آخر درود شریف سہ ۳ سہ ۳ بار پڑھا کرے:

تعالی اللہ زہے قیوم و دانا   توانائی دِہ ہر ناتوانا

مقدمہ بھی فتح ہو گا دشمن بھی رد ہوں گے اور پڑھنے والے کو غلبہ بھی رہے گا۔

محبت الٰہی تعالیٰ کیلئے اور دفع شرمساری کیلئے

تڑپنے پھڑکنے کی توفیق دے   دلِ مرتضیٰ سوزِ صدیق دے
مرا شرمساری زروئے تو بس   وگر شرمسارم مکن پیش کس

بعد نماز عشاء اکیس ۲۱ بار اول، آخر درود شریف سہ ۳، سہ ۳ بار پڑھتا رہے۔

دیگر مختصر نسخہ محبتِ الٰہی

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حَرَکَاتِیْ وَسَکَنَاتِیْ کُلَّھَا فِیْ مُحَبَّتِکَ وَتَقْوَاکَ۔

ترجمہ: اے اللہ! میرے ہر چلنے پھرنے اور آرام کو اپنی محبت کے لئے اور

اپنے قانون پر عمل کرنے کے لئے۔

سات بار صبح و شام اول، آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھا کرے۔

اللہ تعالیٰ کی محبت کے لئے

صبح کی سنت اور فرض کے درمیان اکتالیس۴۱ بار اول آخر درود شریف سہ۳ سہ۳ بار پڑھا کرے اللہ تعالٰے اس کو اپنی محبت کے طریق آسان فرما دے گا:

یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اَنْ
تُحْیِیَ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مُحَبَّتِکَ وَمَعْرِفَتِکَ اَبَدًا یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ

اے ہمیشہ سے زندہ رہنے والا اے تمام دنیا کے حافظ، رازق سوائے تیرے کوئی معبود نہیں۔ آپ سے سوال کرتا ہوں کہ میرے دل کو اپنی محبت اور معرفت کے نور سے زندہ فرما دے۔

نیز ذکر کی کثرت محبت کے غلبہ کی موجب ہے۔ اسی طرح اللہ تعالٰے کی نعمتوں کا شمار زیادتی محبت کا موجب ہے۔ اور قرآنِ مجید کی تلاوت اور معنی کا تدبر و تفکر زیادتی محبت کا موجب ہے۔ اور تفکر اللہ تعالٰے کی خلقت میں اور اپنے وجود کے حالات میں غلبہ محبت کا موجب ہے۔

عظیم اینڈ سنز

کی روحانی کتابیں



پیر سید ارتضیٰ علی کرمانی


اسرار النجوم


اسرار العملیات


مقبول عملیات
عظیم اینڈ سنز پبلشرز


مفتاح العملیات


مجموعہ تسخیرات پر پہلی مرتبہ شائع ہونے والی کتاب
محفلِ تسخیرات
پیر سید ارتضیٰ علی کرمانی
مؤلف
سید حسین شاہ گیلانی


اسرار الجفر
سید غلام مصطفیٰ شاہ گیلانی


فال نامہ قلندری
حضرت مولانا حافظ عبد العلی چشتی قادری

AZEEM & SONS PUBLISHERS
Al-Meraj Center 22-Urdu Bazar Lahore. Tel.: 042-37231806